اور ہمارے خان... اپنے ملک کی خدمت.. کریں اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا.. "پوتے کے لیے عشق تو جیسے.. انکی.. ہر ادا سے جھلک رہا تھا.. بہرام انکے اس قدر فراڈ باتوں پر.. اپنے قہقہے دبا کر بس مسکرا دیا.. اور پھر اسکی.. نظر.. دور مائک کو جھلاتی اسی حسینہ پر پڑی.. جو... اسکی راتیں تو غارت کر رہی تھی مگر بہرام کچھ سمجھنا نہیں چاہتا تھا ... روز رات کو وہ اسکے خواب میں.. غصے سے بھناتی نہ جانے کیوں آتی تھی.. اور دن میں وہ ہزار ہا بار.. شاید.. معاویہ خانم سے اسکا ذکر کرتا تھا.. اور. اس مختصر ملاقات کو سوچتا..

کالام کی فضا میں جیسے نور اتر آیا تھا..

وہ اسی کو دیکھ رہی تھی جبکہ بہرام.. بھی انھیں آنکھوں کو دیکھ رہا تھا.. جو شاید سمندر سی گہری تھیں ...

بہرام.. "داجی نے شانہ ہلایا تو وہ.. جیسے دنیا میں لوٹا.. اور.. دوبارہ اسکیٹرف دیکھا.. جواب نزدیک آ رہی تھی.. وہ اسکے سوال کا منتظر دیکھائی دینے لگا ...

آپکے نزدیک عورت کی کیا ویلیو ہے "عابیر نے اسکے آگے مائک کیا وہ مبہم سے مسکرایا.. کیا جان لیوا مسکراہٹ تھی ...

سفید سوٹ پر.. گیرے چادر ڈالے وہ آج اپنے علاقائی لباس میں... وہاں محفل کی جان معلوم ہو رہا تھا ...

اور اوپر سے.. ستم یہ کہ وہ ڈرنک تھا.. مگر اس بات کا احساس تو اسے خود کو بھی نہیں تھا ...

ماں.. بہن "وہ... بہت مودب ہو کر بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی کا سینہ فخر سے پھولا .....

عابیر تو تپ ہی گئی ..

ڈپلومیسی کی کوئی انتہا نہیں تھی.. اسکے کان میں اسکے الفاظ گونجے....جو.. اسنے کہے.. تھے.. عابیر کا بس نہیں چلا وہ اس شخص کو شوٹ کر دے کس قدر جھوٹا تھا وہ ...

اوو ریلی مگر آپ کے عمر کے نوجوان اس نوعیت کو نہیں سمجھتے مسٹر بہرام.... اور کہیں کہیں.. آپکی کم عمری.. کی جھلک یہ واضح کر رہی ہے کہ آپ پڑھا ہوا.. سبق.. اچھے سے یاد کیے ہوئے ہیں..."وہ بولی تو بہرام.. کے چہرے پر ایک تاثر پل بھر کے لیے ابھرا ...

عابیر "واصف نے غصے سے اسکو جھنجھوڑا.. داجی کے چہرے پر خر کنگی.. تھی جبکہ وہاں سب.. ہی... اس لڑکی کو کڑوی نظروں سے دیکھنے لگاے تھے ..

حد تو یہ تھی ان کڑوی نظروں میں... حیدر کی بھی نظریں شامل تھیں ...

دیکھیں... آپ کسی کو.. کتنا پڑھا سکتے ہیں... جب تک سیکھنے.. والا دلچسپی نہ لے... اسکے علاوہ سائیں.. کوئی سبق پڑھایا اسے جا ہی نہیں سکتا... جو خود اس سبق کو پڑھنا نہیں چاہتا اور.. 26سال.. کے بہرام خان... جن کی ڈگری.. ہی.. سیاسیات.. کی ہے ہمیں لگتا نہیں.. انھیں کسی کے پڑھائے ہوئے درس کی ضرورت ہے ...

ملک سنوارنے.. والے کم ہوتے ہیں.... ملک بگاڑنے والے زیادہ ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپ لوگ بگاڑنے... والوں... کی اتنی.. حوصلہ شکنی نہیں کرتے جتنے طنز کے تیر آپ نئ آنے والے ذہن پر کرتے ہیں کہ وہ اپنے حصلے پست کر دے.... اور چھوڑ دے.. سب کچھ ...

ملک ایک سے نہیں بنتا.. میڈیم.... اس ملک کو.. ضرورت ہے.. نوجوان بہادر.. ذہین لوگوں کی اور ویسے بھی ہم لمبے چوڑے وعدے نہیں باندھ رہے.. صرف ایک وعدہ کرتے ہیں ہم اپنی عوام سے "شاطر چلاکی.. گھمنڈ... نظروں میں چبھتے تیر.. لہجے میں کڑواہٹ.. اور اس کڑواہٹ میں ملی.. نرمی.. عابیر.. کو بہت کچھ.. سنگین سا اسکے لہجے میں محسوس ہوا..

ہمارا ہماری عوام سے احساس کا وعدہ ہے.. اور اس وعدے کو ہم مرتے دم تک نبھائیں گے... آپ لوگ.. بھی دیکھ لیجیے گا.. آپ مہمان ہیں.. کھانا کھا کر جایئے گا"

وہ.. کہا.. کر.. وہاں سے.. گزر گیا... داجی سمیت سب کے لب... فتحانہ مسکرائے.. جبکہ عابیر... وہاں سے ہٹی.. وہ آدمی حقیقتاً... کوئی بہت اونچی چیز تھا ...

خان.. کمال کر دیا یارررر" معاویہ... نے.. چپکے سے ہُبیر اسے تھمائی ...

یار خانم یہ لڑکی کالام سے نکلنی نہیں چاہیے "ہُبیر کے سیپ بھرتے اسنے.. کہا.. تو.. معاویہ نے اسکی صورت دیکھی.. پیچھلے.. دس دن سے کہہ رہا ہوں.. کہ.. سب تیار ہے چلو چلو.. تب تو... عجیب بو کھس بھانے بنا رہے تھے اور اب.. ریپوٹر چاہیے.. بر حال.... ٹھیک ہے" معاویہ نے لاپرواہی سے شانے اچکا دیے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام..اس لڑکے کے ساتھ کھڑی عابیر کو تکتا گیا..اسکی آنکھوں میں تپش تھی کہ عابیر اسے دیکھنے پر مجبور ہوئی..مگر عابیر کی آنکھوں میں نفرت کے سوا کچھ نہیں تھا ...

بہرام.چیڑ سا گیا ..

داجی کہتے..تھے..وہ..کالام..کا حسن ہے...تو وہ لڑکی..ایک عام سی لڑکی..اسکو نفرت بھری نظر سے کیوں دیکھ رہی تھی ..

.....

.................

حیدر تھکا تھکا سا کمرے میں آیا...تو ارمیش کو دیکھ کر چند پل رو کا ....

آنکھوں میں حیرت اتر گئ... سرخ لباس میں... چھوٹے سے فراق کی ڈوریوں کو پشت پر باندھنے میں وہ اتنی انہمک تھی کہ حیدر کی موجودگی کو محسوس نہ کر سکی جبکہ سندھر چہرہ سرخ لیپسٹک سے سجا تھا..حیدر کا دماغ جیسے..سٹاک ہو گیا ...

پہلی بار دو سالوں میں اسنے اسے اس طرح دیکھا تھا..شاید وہ جھنجلا گئ تھی ڈوری بند نہیں ہو رہی تھی تبھی وہ چوڑیاں چڑھانے لگی... گلے میں نیکلس سجا کر..وہ ڈوری نین سے بندھوانے کا ارادہ کرتی پلٹی....در حقیقت نین کی دوست کی شادی تھی جس پر جانے کے لیے..بہت منت سماجت سے..وہ...اور نین جا رہے تھے جبکہ انوشے بھی



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ساتھ ہی تھی... اور. سمندر خان کو داجی نے.. انکو.. لے جانے کا اور پھر وہاں روک کر گھنٹے بعد لے آنے کا کہا.. وہ تو اسی بات پر خوش تھیں تینوں کے اجازت مل گئ تھی ...

وہ اپنی جگہ پر.. کھڑی کی کھڑی رہ گئ.. حیدر سٹیل کھڑا تھا.. بغیر حرکت کے ...

ارمیش کے حلق میں گٹھلی سی پھنس گئ ...

سلام سائیں "اسنے دوپٹے کا پلو سر پر سجاتے.. سلام کیا.. لہجہ کانپ رہا تھا ....

حیدر.. اپنے بھاری.. بھاری.. قدموں سے.. اس حسن کی دیوی... کے.. قریب آنے لگا ....

ارمیش خوف سے اسکے قدموں کو دیکھنے لگی کاش کے وہ آتی ہی نہ یہاں... وہیں نین کے کمرے میں تیار ہو جاتی.. حالات کچھ ٹھیک اسے محسوس نہیں ہو رہے تھے ...

عورت اپنے مرد.. کو.. کس طرح ڈھیر کرتی ہے.. کیا خانم.. سیکھ کر آئ ہو دو دن میں "اسکے گالوں ہر اپنی انگلیاں چلاتے... وہ.. مدھم مگر نرم گرم لہجے میں.. اسکی سانسیں روک گیا.. حیدر کی آنکھوں کی تھکاوٹ.. اور خمار بتا رہا تھا.. ارمیش.. کی جان بخشی آج ممکن نہیں ...

س... سائیں... نین... کے س.. ساتھ جانا ہے..."وہ ہمت باندھتی اسکی بڑھتی منہ زور جسارتوں سے ہلکان ہوتی... اٹک اٹک کر بولی ....

خانم.. سردار سے پوچھنے کی زحمت بھی نہ... کی " ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش کو... اسکی انگلیاں اپنی ڈوری سے کھیلتی محسوس ہوئیں.. اسکی آنکھیں بھیگ گئیں نین.. کے غصے کے گراف سے.. بھی وہ ڈرتی تھی مگر.. اس وقت.. وہ پیٹنا نہیں چاہتی تھی.. تبھی حیدر خان.. کے منہ زور جزبوں.. کے آگے خود کو بہنے دیا ...

حیدر.. اسے.. بیڈ تک لے آیا ...

اور ارمیش.. نے... آنکھیں موندلیں.. ایسا نہیں تھا.. حیدر خان... سے اسے نفرت تھی... بلکے اسکے اتنے ستم سہنے کے بعد بھی وہ حیدر خان کی ہی تھی مگر حیدر خان... کی طلب... اور اسکی تکلیف دے.. قربت.. ارمیش... کو.. اپنی اوقات اور اسکی زندگی میں اپنی ولیوں یاد دلا دیتی تھی... جب.. وہ... ان... نازک لمحوں میں اسکے وجود میں اپنی حور کو ڈھنڈ تا تھا.. اور اس وقت بھی ارمیش کی انکھ کا ایک ایکا آنسو.. اور اسکی دبی دبی سسکیاں... یہ بتا رہیں تھیں حیدر خان ایک بار.. پھر.. اپنی ناکام عاشقی کے بدلے پر اتر آیا ہے .....

..................................

اس ایک رات میں ہی.. اس دم گھٹنے والے ماحول سے بھاگ جانا چاہتی تھی.. مگر بیقوقت بارش اور بس سٹوپ کے روک جانے.. نے سب ستیاناس کر دیا تھا... اور وہ ایک عام سے ہوٹل میں واصف کے ساتھ تھی ...

اسے.. اس سچویشن سے خوف بھی آرہا تھا کہ آج سے پہلے وہ راتوں میں گھر سے باہر نہ رہی تھی ....

واصف اچھا لڑکا تھا



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر لڑکا تھا...وہ.. سوئے ہوئے واصف.. کو وہیں چھوڑ کر اس ہوٹل..کے باہر آ گئ.. جہاں اندھیرہ تھا..اور بارش جل تھل دیکھا رہی تھی ..

اسے دور دور تک کوئ شخص نہ دیکھا... تو.. وہ ہاتھ بڑھا کر بارش... کو محسوس کر رہی تھی ...

بارش کا ہر ٹھنڈا قطرہ جیسے..اسکو زندگی... کا احساس بخش رہا تھا ....

سرکار.... بارش اس ناچیز کو بھی بہت پسند ہے... مگر موسلادھار... نہیں..رم جھم" اسکی بات ذو معنی تھی.. وہ ایک جھٹکے سے پلٹی ...

اسکی بات میں... اسکے سوال کا جیسے اثر تھا ...

جینز شرٹ میں... ہڈی لیے.. وہ.. کچھ دیر پہلے سے بلکل الگ سا.. لگ رہا تھا... یا وہی.. زلیل لگ رہا تھا شاید ....

عابیر نے اسکو جواب نہیں دیا.. اور گزرنے لگی ..

بہرام نے جلدی سے اسکا ہاتھ تھام لیا... اور نہ جانے کیسے عابیر کا ہاتھ اٹھا.. اور کھینچ کر تھپڑ.. اسکے منہ پر.. پڑا ...

تم ایک آوارہ غنڈے موالی.. گھٹیا... انسان ہو ....

اور یہ بات بھلے عوام... جان پائے یہ نہیں مگر میں اچھے سے جانتی ہوں ....

اور.... اپنے کام سے کام رکھو" وہ چلائ ....



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ بہرام..تو آپے سے باہر ہو تا.. اسکے.. کومل لبوں.. پر اپنے ہاتھ... کی سخت گرفت رکھ گیا.. کہ وہ پیلر سے جا لگی..اور خوف سے اسکو تکنے لگی ...

سائیں..اتنی اکڑ..

نہیں جان من..لڑکی..کو..اپنی اوقات نہیں بھولنی چاہیے ...

اور...اس مجال پر تو... خان... کی جان قربان ....

کیوں..اب میری مجال دیکھے گا..ہمارا سرکار"

.

وہ اسپر چھانے لگا ....

جبکہ عابیر کو..اپنے پیٹ پر... اسکی سرسراتی انگلیاں محسوس ہوئیں..وہ تڑپ اٹھی آنکھیں... بھیگنے لگی.. بہرام اسکی بے بسی کو انجوائے کرنے لگا ...

لگتا تھا... شیرنی ہے ....

مگر..یہ تو ہرن نکلی..خوبصورت ہرن.."اب وہ اسکے بالوں کو چھیڑنے لگا..

عابیر جھٹپٹائی ...

مگر بہرام کی گرفت... بہت سخت تھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکی آنکھوں میں بے بسی.. باہر کی برسات.. کی شکل اختیار کر گئی ..

بہرام حولے سے ہنس دیا ...

سائیں....بس دو بول معافی.....کے....بندہ ناچیز پلکوں ہر بیٹھا لے گا" اسکے منہ پر سے ہاتھ ہٹا کر....اب اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر.. وہ اسے خود کے بے حد نزدیک کر گیا...عابیر کو گویا.. سانپ کاٹ گیا ...

چھوڑو مجھے "وہ چلائی ...

سرکار گلہ خراب ہو جائے گا" وہ سکون سے بولا.. نہ جانے اسکے چلانے پر بھی.. کوئی کیوں نہیں آیا تھا ...

تم ایک پیچ انسان ہو...." وہ اس سے الگ ہونے کی تگ ودو میں تھی

...معافی" وہ آنکھیں نکال کر.. غرایا

میری جوتی مانگے گی" وہ بھی اکڑ کر بولی ..

ٹھیک ہے..تو.. آپکی جوتی اور جوتی کی مالکن.. کو اٹھا لیتے ہیں..." وہ... سنگین لہجے میں بولا....عابیر کی جان ہوا ہونے لگی ...

وہ..غصے سے...اسکی صورت دیکھ کر.. لٹھ مار انداز میں بولی ..

سوری "

ارے.. مکھن سنا ہی نہیں زرا اونچا سنتے ہیں ہم" وہ اسکے لبوں کے قریب اپنا کان لے گیا



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر جل ہی گئ ..

سوری میں نے کہا.. سوری..." بہرام کا قہقہ ابھرا ....

اسنے.. اسے چھوڑ کر سر کو خم کیا... لبوں پر جان لیوا مسکراہٹ تھی ...

عابیر.. اسپر دو حرف بول کر.. وہاں سے چلی گئ.. جبکہ.. وہ فضا میں اسکی خوشبو.. محسوس کرنے لگا ..

وہ اپنے گھر آگئ تھی... اور کسی حد تک مطمئین تھی.. اسنے سنا تھا کالام بے انتہا خوبصورت وادی ہے.. مگر.. پیچھلے ایک دن میں اسے وہ بلکل پسند نہیں ائ ...

کیونکہ وہ جھوٹا مکار.... دھوکے باز.... گھمنڈی انسان.. وہاں کا سردار تھا بھلا عابیر کو وہ جگہ پھر پسند آ بھی سکتی تھی ...

اسنے.. اس جگہ پر اور اسکے سردار ہر دو حرف بول دیے تھے.. اسنے ایک رپورٹ بھی تیار کی تھی.. جس میں صاف صاف درج تھا ...

بہرام خان.. ایک عیاش.... انسان ہے.. جو عورتوں سے صرف کھیلنا جانتا ہے..... وہ اپنی چکنی چپڑی باتوں سے عوام کو صرف بیوقوف بنا رہا ہے ....

اور عوام جو حد سے زیادہ یہ تو معصوم ہے یا کم عقل ....

ہر بار.. غلط سے درست کی امید لگا لیتی ہے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

اس شخص کی عیاشی اسکی گندی گرے آنکھوں سے جھلکتی ہے...اور عابیر.. کو اس سے سخت نفرت ہے ....

اسنے قلم ٹیبل پر پھینکا.. اور غصے سے سیٹ پر ٹیک لگادی.. ایک بار پھر اپنی تیار کردہ رپورٹ پڑھی...اسکی.. چمکتی آنکھیں اس رپورٹ کو گھورتیں رہیں.... کیالاجواب رپورٹ تیار کی تھی اسنے.. کس قدر.. پرسنل نوعیت کی تھی.. یہ رپورٹ اڈیٹر دیکھ کر باغ باغ ہو جاتا...اور وہ کھکھلادی.. اپنی رپورٹ کے انداز پر...ہنستے ہنستے اسنے سر ٹیبل پر دھر دیا..وہ تھک گئ تھی بھوک بھی لگی تھی ...

جبکہ...رات کا وقت تھا سب سو رہے تھے....اسکی بے وقت بھوک اسے کچن کی جانب کھینچ رہی تھی..وہ... مما کی نظروں سے بچتی.. کچن تک پہنچی.. اور... فریج کھول کر بڑی ساری چاکلیٹ نکال کر اب وہ مزے سے کھاتی.. دوبارہ.. اپنے روم کیطرف چل دی جہاں اسکا سیل وائبریٹ ہو رہا تھا معاذ کا نمبر دیکھ کر اسنے اٹینڈ کیا ...

کیسی ہو" سوال ہوا ...

ٹھیک ہوں" وہ ریلکس سی بولی ..

کیا کر رہی تھیں" اسنے پھر پوچھا ..

ریپوٹ تیار کر رہی تھی اب بس سونے لگی ہوں "

کس کی رپورٹ میڈیم کون معصوم.. تمھارا شکار ہوا ہے" وہ ہنس کر بولا ..

معصوم ہمم" اسنے منہ بنایا ...



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اچھا اچھا.. اتنا غصہ کیوں.. رپورٹ کیسی تیار کی ہے.. 9 بجے کے بلیٹن میں آجائے گی" اسنے.. پھر سوال کیا ..

ارے" وہ ہنس دی.. رپورٹ کو پھر پڑھنے لگی ..

یہ پرسنل نوعیت پر اترتی ریپوٹ ہے.. اڈیٹر.. نے پڑھ لی.. تو... پریشان ہو جائے گا" وہ کھکھلا رہی تھی.. معصوم سی ہنسی.. رات کے اس پھیر معاز کو بہت بھلی لگی ...

کیا لکھا ہے ایسا بھی" اسنے مسرمائز ہوتے پوچھا ...

کہ عابیر اکبر کو بہرام خان کی گندی.. گرے آنکھوں سے نفرت ہے"

اسنے سامنے لکھی لائن دھورائی.. معاذ خاموش ہو گیا ...

کون ہے وہ جس پر اتنا پرسنل ہو گئی تم" اسکی آواز اب سنجیدہ تھی عابیر ہنس دی ...

اب تم.. فضول سوچ مت پالنا.. وہ ایک کرپٹ سیاستدانوں کا سردار ہے.. اور ہماری بساعت سے.. بہت دور.. سمجھو چاند... اور زمین" اسنے اسکو تسلی دی ..

کبھی کبھی چاند زمین کے لیے.. خود زمین پر اجاتے ہیں" وہ اب بھی سنجیدہ تھا ..

میں نے تو کبھی نہیں دیکھا... کہ.. کبھی چاند بھی زمین پر آیا ہو" وہ بھی سنجیدہ ہوئی.. دوسری طرف خاموشی چھا گئی ...

تمھاری زندگی میں.. صرف میں ہوں" اسنے سوال کیا.. عابیر کے ماتھے پر بل پڑ گئے ...



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری زندگی میں تم بھی نہیں ہو.. کیونکہ شادی سے پہلے میرے پاس تمھارے لیے کوئی جزبہ نہیں.. تو.. کسی اور کا تو سوال ہی کیا ہے.... وہ بھی ہماری پہنچ سے اسقدر دور. کہ چاہ کر بھی ہاتھ نہیں بڑھا سکتے.. اور چاہنے کی بھی بات بکواس ہے.. زہر.. لگتا ہے وہ شخص.. خیر وہ ہمارا ٹوپک نہیں.. تمھارا شکی ہونا مجھے کبھی پسند نہیں آیا تم میرے کام کو جانتے ہو... بر حال.. تمھیں اپنی عادت کو بدلنا ہو گا" وہ حد سے زیادہ سنجیدہ تھی.. معاذ ہنس دیا ...

ارے مزاق کر رہا ہوں.. "عابیر کے تیور چڑھے..

جانتا ہوں بھئی تمھارے کام کو.. اور تمھارے اڑیل دماغ کو بھی... چلو شاباش سو جاو.. ریلکس ہو کر.. "اسنے مسکرا کر کہا تو.. عابیر نے بھی سکھ کی سانس لی ..

اوکے گڈ نائٹ" اسنے فون بند کیا ایک نظر پھر.. رپورٹ پر درج بہرام خان کے نام پر ڈالی.. اور آٹھ.. کر بیڈ پر.. آ کر لیٹ گئ ..

جبکہ وہ یہ بھول گئ تھی کہ اس ورک پر.. بہرام کے نام کے ساتھ اسکا نام بھی درج تھا ...

...............

وہ بری طرح... ساجد کو پیٹ رہا تھا اسطرح کے ساجد کی آہیں.. حویلی کو ہلا رہیں تھیں ..

حرام خور.. تجھے کہا تھا.. بس اڈا نہ کھلے کم از کم تب تک جب تک میں نہ کہو پھر کس کی اجازت سے بس اڈا کھلا

"اسنے.. ڈنڈا ایک طرف پھینکا.. اور اب ساجد.. پر مکے برسانے لگا.. معاویہ ایک طرف کھڑا.. یہ منظر حیرت سے

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دیکھ رہا تھا.. جبکہ باقی سب بھی.. تھے مگر.. شاید اس کے باپ میں بھی اتنی جرت نہیں تھی کہ وہ اسے روک سکتے..

جبکہ ساجد.. کی دھلائی دیکھ سب ملازم سہم چکے تھے ..

بول منہ سے بھونک سالے..."وہ.. اسے اپنے جوتے سے پیٹنے لگا ..

معاف کر دیں سائیں.. خدا قسم.. مجھے کسی نے نہیں کہا تھا.. اگر کوئی کہتا تو.. ایسا کبھی نہ ہوتا.."ساجد بلکتے ہوئے..

اسکے پاوں پکڑ رہا تھا جو... اسکی عمر.. کا بھی لحاظ بلا طاق رکھ چکا تھا ..

معاویہ کو وہ کہہ چکا تھا بس اڈے رکوا دو.. عابیر کا لام سے جانی نہیں چاہیے ..

مگر معاویہ اپنی عیاشی میں اتنا مگن تھا کہ وہ اسکا کام نہیں کر سکا.. اور اب یہ زلزلہ.. ساجد.. کی بوڑھی ہڈیاں سہہ رہیں تھیں

انوشے خوف سے.. جبکہ نین افسوس.. اور ارمیش آنسو بھری آنکھوں سے.. چھت پر سے یہ منظر دیکھ رہے تھے.. جبکہ نیہا.. انھیں وہاں سے ہٹنے کو مسلسل کہہ رہی تھی.. ساجد کی چینخوں نے انھیں.. چھت پر آنے پر مجبور کیا تھا.. جو کہ وہ کبھی ائیں نہیں تھیں ....

بہرام کے سانس پھلنے لگے تھے مگر.. اسکا جنون کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا ....

تبھی حیدر داجی... جواد خان.. یاور خان.. جو کسی فیصلے میں گئے تھے حویلی میں داخل ہوئے تو.. یہ منظر دیکھ کر وہ بھی اپنی جگہ رک گئے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ساجد.. درد سے.. چلارہا تھا جبکہ وہ اسکے.. ہاتھ پر.. بوٹ رکھے.. انگلیاں بالوں میں پھنسائے ...

وحشت زدہ سالگ رہا تھا.. ملگجا سا حولیہ.. وہ.. انکا بہرام نہیں لگ رہا تھا ...

بہرام "حیدر غصے سے چلایا.. جبکہ دوسری طرف نگاہ اٹھا کر بھی... اسنے دیکھنا ضروری نہیں سمجھا ...

ہم نے کہا ہٹ جاو.. ورنہ اچھا نہیں ہو گا" وہ پھنکارہ... تو.. بہرام نے.. ایک ٹھوکر.. اسکے ماری.. اور دور ہوا ...

ساجد... زمین پر بے ہوش ہو گیا... جبکہ یاور خان کے اشارے پر... اسے.. وہاں سے ملازم... دکھ بھری نظروں سے دیکھ کر لے گئے ..

امیر کی طاقت تھی غریب کی کیا اوقات بھلہ .....

داجی کی جان " داجی.. اسکی طرف بازو پھیلا کر... بڑھے ....

مگر... وہ وہاں سے ہٹا.. اور اب معاویہ کا گریبان پکڑ لیا ...

کیوں.. معاویہ.. خانم جان پیاری نہیں تھی کیا اپنی" وہ دھاڑا تھا ...

بہرام.. میں " معاویہ اس سے پہلے بولتا.. بہرام نے.. اسکے کھینچ کر تھپڑ مارا ....

ہماری دوستی کا یہ تکازہ نہیں تھا سائیں.. کہ تمھاری عیاشی... بہرام.. کا سکون چھین لے" وہ.. شیر کیطرح غرایا ...

سب اسکے عجب انداز دیکھ رہے تھے.. وہ بارہا.. غصہ کرتا تھا... چیزیں اٹھا اٹھا کر پھینک دیتا تھا ...

کسی کا لحاظ نہیں کرتا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کھانا پینا بند کر دیتا تھا ....

ہزار ہزار داجی سے.. عظیم خان سے.. یہاں تک کے حیدر سے بھی... نکھرے اٹھوتا تھا مگر.. آج تک کسی نے اسکو اتنا جنونی نہیں دیکھا تھا وہ بھی بس اڈا کیوں کھلا اس بات پر کیا راز تھا.. جس کو وہ خود سمجھ نہیں پا رہا تھا.. کیا تکلیف تھی.. کیسی بے چینی بد سکونی.. تھی ...

کیوں تھی...'' وہ جھنجھلاتا... ہوا... وہاں.. سے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا ...

کاش.. وہ رگوں میں مچلتی اس بے قراری.. جو دل تک پہنچ رہی تھی.. کو سمجھ پاتا ....

.........................

ارمیش کو سمجھ نہیں آیا.. کہ وہ اتنا خوش کیوں ہے.. حالانکہ اسکی وجہ سے.. نین اور انوشے بھی شادی میں نہیں جا سکیں تھیں اور اس سے سخت خفا تھیں... جنھیں وہ منا منا تھک چکی تھی.. مگر مجال ہے نین میڈیم کا ٹیسا اترا ہو ....

اور پھر ساجد.. کی آہیں سن کر وہ بری طرح کانپی... اسے دو سال پہلے کی وہ بھیانک.. رات یاد آ گئی ...

جس میں.. اسنے شاید... دنیا جہان کی تکلیف سہی تھی ...

مگر بہرام.. خان ساجد پر.. بلکل بھی رحم نہیں کھا رہا تھا بلکل اسی طرح جس طرح.. وہ رحم کی بھیک مانگ کر بے ہوش ہو گئی تھی.. ...

اسکی آنکھیں جھلملا اٹھیں درد سے دل پھٹنے لگا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تبھی وہ آگیا... وہ وہاں آگیا.. اور اسکی ایک دھاڑ سے... بہرام.. پیچھے ہٹ گیا ...

حالانکہ وہ جانتی تھی... کہ.. بہرام کسی کو گھاس نہیں ڈالتا.. مگر شاید وہ ہانپ چکا تھا تبھی اپنی مرضی سے ہٹ گیا ...

مگر... ارمیش کو تو یوں ہی لگا کہ وہ حیدر کے للکارنے پر ہٹا تھا ..

اسکی آنکھیں چمک گئیں ...

دل.. دھڑک اٹھا... اس میں رحم تھا ....

کہیں کسی کے لیے تو ...

وہ یہ ہی سوچ رہی تھی.. بی جان کی گود میں سر رکھے کہ نین آدھمکی

ہٹو یہاں سے.. جاو چلی جاو اپنے میاں راج کمار کے پاس.. اور اب نظر مت آنا ہمیں" وہ...پنک کرتی.. شرارے میں.. ہاتھوں کو ہمیشہ سے.. ہنا... سے سجائے.. بال کھولے... آج.. بے پناہ حسین لگ رہی تھی ..

ارمیش منہ بسورتی آٹھ گئی جبکہ وہ بی جان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گئی.. بی جان مسکرا کر.. اسکے بالوں میں ہاتھ چلانے لگیں ...

نین سوری نہ "ارمیش عاجز آئی ...

بی جان کون ہے یہ.." وہ تو آنکھیں ہی پھیر گئی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

انوشے بھی وہیں آ گئی ...

وہ...پیازی..سے رنگ کے..وہی کرتی گرارے..میں بے پناہ معصوم سی...لگ رہی تھی ...

وہ..سامنے چیئر پر بیٹھ کر اب نین کو مسکرا کر دیکھ رہی تھی

نین "ابھی ارمیش کچھ بولتی کے بی جان نے ٹوکا ...

اچھا بس کرو...نیہا...کے کپڑے..لینے جانا ہے..ایک ماہ رہ گیا شادی میں..یہاں انکے لڑائی جھگڑے نہیں مکتے ... میں کرتیں ہو خان جی سے بات "انھوں نے سب کو ڈپٹا..مگر نین کی زبان پر شدید کھجلی ہوئی ..

آوے..ہوئے.....خان جی....ای.ی.ی...ہماری بی جان..کے خان جی "وہ کھکھلائی..بی جان آنکھیں کھولے سرخ سی ہونے لگیں ...

اللہ توبہ...شرم کر لڑکی "وہ کان پیٹنے لگی ..

بھلہ میری عمر ہے تیرے مزاق کی "وہ اسکے کان کھینچنے لگی تو وہ اٹھ بیٹھی..باقی سب بھی آ گئے تھے..جبکہ پھوپھو تو اسپر واری صدقے تھیں اپنے احمر کے لیے وہ اسے ہمیشہ سے پسند تھی ..

تو..اور..ابھی تو آپ..جوان ہیں بھئی "وہ..انکے..دوپٹے میں چھپے چہرے کو تکنے لگی...بی جان تو..شرم سے سرخ پڑ گئیں ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تبھی وہاں..داجی آگئے..سب ایکدم الرٹ ہوگئے..وہ نین کی باتیں سن چکے تھے..نین شرمندہ ہونے کے بجائے..بی جان کی شرم جھجک سے محظوظ ہورہی تھی..جبکہ داجی... مبہم سا مسکرائے..حالانکہ وہ..کبھی..زنان خانے میں موجود خواتین کی کسی بات پر مسکراتے نہیں تھے. کسی بات کا جواب دینا ضروری نہیں سمجھتے تھے کجا کہ مسکرانا ....

بی جان تو مزید شرمندہ ہوگئیں..جبکہ داجی..انھیں ہی دیکھ رہے تھے..پھر نین کو دیکھا..جو شرارت بھری نظریں گاڑے ہوئی تھی ..

وہ چاہتے تھے..بہرام..انکا پوتا اکلوتا ہو..مگر نین ہوگئی تھی..تبھی نین سے انکی کوئی خاص.لگاوٹ نہ تھی..خیر انکی تو کسی.پوتی سے نہ تھی..ہاں پوتوں کے لیے وہ مرنے مارنے پر اتر آتے تھے..جبکہ بہرام تو انکی جان تھا ...

کل..سب..شہر چلیں جانا..سمندر خان کے علاوہ..احمر...اور معایہ بھی ہوگئے..ساتھ "انھوں نے کہا..تو سب نے..سر ہلایا ..

داجی...ایک بات کرنی ہے..آپ سے "یہ پھوپھو تھیں جو جھجھکتی ہوئی بولیں ...

انھوں نے ایک نظر دیکھا ..

ہمارے کمرے میں آجاو"



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

انھوں نے کہا.. تو بی جان اور پھپھو کمرے میں چل دیں جبکہ سب حیران تھے ایسی کیا بات ہونے ولی ہے جس سے وہ لا علم .ہیں .

..      .......

کمرے میں ملگجا سا اندھیرہ اس بات کا گواہ تھا کہ باہر ...اتری رات کی سیاہی.. کمرے.. کے مکین پر بھی اتر چکی ہے ...

جبکہ... کمرے کا مکین.. بیڈ کے پاس

.. ایک ٹانگ فولڈ کیے دوسری ٹانگ پھیلائے... کارپٹ پر بیٹھا.. سر بیڈ.. پر رکھے.. آنکھیں موندے.. وہ بے بسی.. یاد کر رہا تھا.. جس سے.. آج شاید اسے عشق ہو گیا تھا ...

ہاں.. ان آنکھوں کی بے بسی... لہجے کا لڑکھڑا جانا... پر.. غصے.. سے بولنا.. اور پھر بے بس ہو جانا.. اسکے دل پر.. وہ سب مناظر وار کر رہے تھے جبکہ وہ صرف ایک ملاقات تھی ..

صرف ایک ملاقات.. جس کو گزرے.. آج.. نہ جانے کتنے دن گزر گئے تھے مگر... وہ آنکھیں وہ چہرہ... اڑتے بالوں کی آوارہ لٹیں.. کچھ بھی تو نہیں جا رہا تھا اس کے ذہن سے.. کہ وہ ...

چاہ کر بھی معاویہ کے ساتھ.. اس دن کے بعد نہ جا سکا ...

جس دن اسنے.. اس لڑکی کو دیکھا.. تھا.. نہ جانے کیسے.. اسکے بعد... وہ.. دوبارہ.. ان جگہوں پر جا نہ سکا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

کوئی جھنجھلاہٹ کوئی بات کچھ نہیں تھا.. مگر.. ایک سرور تھا ایک نشہ تھا جو شراب سے زیادہ.. پر اسرار... مزے دار تھا.. کہ.. وہ بے چینی بھی.. اسکو.. سرور بخش رہی تھی .۔۔۔

وہ حولے سے مسکرا دیا ۔۔۔

داجی کی بات یاد آئی.. وہ ان سے بھی نہیں ملا تھا ...

کالام کا شیر ۔۔۔

کالام کا حسن" وہ ہنسا ..

داجی.. بھی بس.. اسکو.. اٹھانے میں کثر نہ چھوڑتے تھے.. مگر اسکی نشیب.. کہاں گیری.. جس کا اسے نام تک پتہ نہیں تھا ..

گلاس میں.. بوتل.. الٹ کر.. اسنے... گلاس لبوں سے لگایا ۔۔۔

اور ایک سانس میں پی گیا ۔۔۔

مگر بے چین.. آنکھیں بے بس ہوتا لہجہ... اسکے ذہن.. کو گد گدا رہا تھا.. اور وہ بہکتا.. پوری بوتل ہونٹوں سے لگا گیا ۔۔۔.

اب وہ جھوم رہا تھا ..

وہ حسین دلکش چہرہ ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے.. دیوانہ بنا رہا تھا...

ارمیش.. روم. میں آئی تو.. تھکن سی تھی حالانکہ وہ یوں ہی بی جان کے پاس لیٹی رہی.. تھی پھر بھی تھکان طبعیت بوجھل... دل الٹ سا رہا تھا

.

حیدر نے اسے پھر ملگجے حولیے میں دیکھا...ماتھے پر بل ڈل گئے ...

خانم یہ منحوس شکل اور منحوس حولیہ دیکھانا ہو تو آنکھوں کے سامنے مت آیا کرو..." وہ سرد لہجے میں بولا ..

حالنکہ کہ یہ معمولی بات تھی.... مگر ارمیش کا دل اس وقت اس قدر حساس ہو رہا تھا کہ وہ... آنکھوں پر... مٹھیاں رکھ کر وہیں بیٹھتی رونے لگی ...

اسکی سسکیاں سن کر حیدر.. منہ کھولے اسے دیکھنے لگا ..

ایسا بھی کیا..بول دیا جو اتنا ڈرامہ کر رہی ہو" وہ غرایا ...

ارمیش کا رونا بند نہ ہوا.. الٹا.. وہ پہلی بار اسے.. اب غصے سے گھور رہی تھی ...

حیدر... تو غش کھا گیا ....

یہ نین کی صعوبت کا اثر ہے کہ زبان تڑ تڑ اور آنکھیں... گھورنے کے کام آنے لگیں ہیں مگر خانم بھولو مت.. آنکھیں نوچ لیں گے زبان کھینچ لیں گے" وہ سنجیدگی سے بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش بے بس سی اٹھی ...

چینج کرو" وہ پیچھے سے بولا.. وہ اسکا مفہوم سمجھ چکی تھی.. مگر.. وہ تھکی ہوئی تھی بری طرح.. دل الگ.. عجیب و غریب سا ہو رہا تھا ..

وہ جو.. اسکا ہر حکم مانتی تھی.. بھنا کر.. بغیر ریسپونس کیے.. واشروم میں جانے لگی کہ.. پیچھے سے حیدر نے اسکی چوٹیا سمیت سر... گرفت میں لے لیا ....

یہ ناز نخرے.. کس عاشق کو دیکھا رہی ہو... ہم تو تمھارے کچھ بھی نہیں لگتے .....

پھر کون سا عاشق پال لیا جس نے.. ہمارے سامنے سر اٹھانا سیکھا دیا.." وہ اسکے کان میں غرا رہا تھا.. ارمیش کی آنکھیں بھیگی

سائیں میں.. تھک.. تھک گئی تھی" ارمیش کو ڈر لگنے لگا ...

اور.. خانم تمھیں لگتا ہے.. ہمیں تمھاری تھکاوٹ کی رتی بھی پرواہ ہے" وہ.. اسکا منہ دبوچے اپنی انگلیاں اسکے نازک گالوں میں گاڑے کھڑا تھا ..

ارمیش میں اسکا ہاتھ ہٹانے کی جرت نہیں تھی ..

میں میں.. لباس تبدیل کر کے آپکے پاس.. آتی ہوں.." وہ مرے دل سے.. ربورٹ کیطرح.. بولی تو حیدر نے اسے جھٹک دیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

حور بہت خوبصورت تھی.. ہر طرح پرفیکٹ.. اکثر ہم سوچتے تھے کیسے.. کیسے کوئی اتنا خوبصورت ہو سکتا ہے .....

مگر دیکھو... ہمارے نصیب میں.. تمھاری یہ منحوس صورت آ گئی.. اور اوپر سے.. اس احسان.. کو خانم جھنجھلا کر نہیں.. خندہ پیشانی سے قبول کرو... اب جاو" وہ.. زہر کے نشتر اچھالتا... بستر پر جا کر لیٹ گیا.. جبکہ ..

وہ مرے مرے قدموں سے اپنا نائیٹ ڈریس.. جو سب کے سب.. حیدر کی مرضی منشا کے تھے.. جنھیں.. وہ.. کبھی.. اکیلے میں بھی نکال کر نہ دیکھے... وہ.. درد سی آہیں بھرتی... واشروم میں قید ہو گئی ...

وہ بری طرح رونے لگی کہ اسکی سسکیاں باہر بھی سنائی دے رہیں تھیں ...

مگر... وہ.. بہرہ سا ہو گیا تھا ..

روتے روتے وہ بے حال ہوتی بیٹھ گئی ....

مگر آنے والی قے نے.. اسکو اٹھنے پر مجبور کیا ...

اور وہ واشبیسن پر جھک گئی ...

بے حال ہوتے اسنے سر اٹھایا... ط

تو اسکا معصوم چہرہ... سرخ ہو رہا تھا جبکہ زردیاں گھولی ہوئیں تھیں.. وہ کانپنے لگی... اسے مزید قے.. آنے لگی.. اور پھر.. مسلسل.. آنے سے.. اسکا اپنی ٹانگوں پر کھڑا ہونا مشکل ہو گیا.. وہ ہنپتی.. دروازے تک پہنچی ...

آنسو متواتر گیر رہے تھے.. حیدر.. اسکو دیکھ کر.. اچانک اٹھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خانم "اسکے لب پھڑ پھڑائے ...

ارمیش...نے ہونٹ نکال کر سسکی لی..وہ ...

اسکی کمر میں فوراہاتھ ڈال کر سہارادے گیا ...

ارمیش..اسپر گیر گئ جبکہ حیدر اسے بیڈ پر لے آیا..انٹر کام اٹھا کر اسنے فوراڈاکٹر کو بلانے کا حکم دیا..وہ شاید پہلی بار..پریشان ہوا تھا..وہ بھی اسکے لیے ..

............ ...

ڈاکٹر..آیا...اور خوشخبری سنائی تو مانو..حویلی..میں مسرت آمیز ایک لہر دوڑ گئ..داجی کا فخر سے سینہ چوڑا ہو گیا تھا..کہ..انکا پر پوتا ہی ہو گا...جبکہ بی جان بھی بہت خوش تھیں..اور باقی سب بھی....لڑکوں نے یہ خبر سنی ضرور..مگر کوئ خاص رد عمل نہ دے سکے..جبکہ لڑکیاں خوشی سے اچھل رہیں تھیں..کیونکہ انھیں ارمیش عزیز تھی..ایک تو شادی کی خوشی دوسری یہ خوشی..جیسے ...

مزادوبالا ہو گیا تھا ..

حیدر خاموش تھا ...

صاف بات تھی وہ اس عورت سے اپنی اولاد نہیں چاہتا تھا..جبکہ ارمیش....نے جب یہ خبر سنی تو عجیب سا احساس وجود میں جاگا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر حیدر کی خاموشی اور سنجیدگی اسکے حوصلے توڑ گئ ...

ہم یہ بچہ نہیں چاہتے تم ہمارے ساتھ شہر چلو.. اور آزاد ہو اس جھنجھٹ سے "وہ.. صوفے پر بیٹھا اس وقت..

ارمیش کو حد سے زیادہ برا لگا.. کہ اسکا بس نہ چلا.. وہ سامنے بیٹھے شخص کا منہ نوچ لے.. اور پوچھے.. کہ اپنی اولاد کے ساتھ ہی.. اتنا ظلم ...

مگر وہ خاموش رہی.. اسکو دیکھتی رہی ....

سنائی دے رہا ہے خانم یہ.. کانوں میں.. روئیاں ڈال لیں ہیں "وہ.. اسکو گھورتے ہوئے بولا ...

اپنی نسل ختم کر رہیں ہیں سائیں "وہ مدھم آواز میں افسوس سے بولی ...

حیدر آٹھ کے اسکے نزدیک آگیا ...

اگر یہ نسل تم سے نہ ہوتی تو.. مر کے بھی نہیں کرتا.. ہم نہیں چاہتے اپنی اولاد سے بھی نفرت کریں اسکی شکل کو بھی کوسیں.. تو بہتر ہے.. آزاد ہو اس جھنجھٹ سے "وہ دوٹوک لہجے میں.. اسکے دل کے کئ ٹکڑے کر گیا ...

اور داجی کو کوئی خوشی ہماری طرف سے مل. رہی ہے.. کیسے گوارا کریں..."وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا اضطرابی کیفیت کا شکار تھا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سائیں ایسا ظلم مت کریں آپ مت قبول کریں اس بچے کو.. مگر.. قتل مت کریں کیا منہ دکھائیں گے قیامت کو اس کو ہم..."ارمیش کو اسکے لہجے میں کوئی لچک نہ دیکھی.. اسے اندازہ ہوا کہ وہ اس سے کتنی نفرت کرتا ہے.. اسکے لیے کوئی گنجائش بھی نہیں.... تو.. اسے اپنے بچے کی جان خطرے میں محسوس ہوئی ..

بکواس بند کرو" وہ چلایا.. ارمیش روتی رہی.. اسکے آگے ہاتھ جوڑنے لگی ...

حیدر نے اسکا منہ.. سختی سے پکڑا ...

ہم، مزید تماشے برداشت نہیں کریں گے.. باہر جارہے ہیں.. دس منٹ میں واپس ائیں.. تو.. ہماری مرضی.. کے مطابق ہمیں ملنا.. ورنہ... اس کے بعد کی ذمہ دار خود ہو گی" اسکا منہ جھٹک کر.. وہ دو قدم دور ہوا ..

نہیں.. "ارمیش... معمولی سا چلائی.. مگر وہ سفاک بڑے بڑے قدم بھرتا.. باہر نکل گیا... جبکہ ارمیش اسکے پیچھے دروازے تک آئی تھی.. خوف سے.. وہ اپنے.. پیٹ پر ہاتھ رکھ کر رہ گئی ...

................

اسکے لیے یہ خبر کسی شاکڈ سے کم نہیں تھی کہ.. نیہا کے ساتھ اسکی بھی شادی کی جارہی تھی... اور وہ بھی احمر خان کے ساتھ.. اسکے وجود میں جیسے پتنگے لگ گئے ...

سب اس فیصلے پر بہت خوش تھے یہاں تک کے مورے بھی بی جان.. اور پھوپھو اسکو پیار کرکے جا چکیں تھیں جبکہ باقی سب بھی اور وہ یوں ہی بیٹھی خلا میں گھور رہی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شادی ہونی تھی جلد یا دیر.. اسے اس سے کوئی مسلہ نہیں تھا مگر اپنے سے چھوٹے شخص سے... کیا کمی تھی اس میں جو.. اسے احمر کے ساتھ باندھا جا رہا تھا.. جو خود کچھ نہیں تھا... بچپن سے... وہ.. اپنے نانکے میں رہتا تھا ...

ایسے شخص کے ساتھ اسنے شادی کا تصور نہیں کیا تھا ...

اسے غصہ آنے لگا.. اور ساتھ رونا بھی مگر.. یہ بات تو طے تھی کہ وہ کسی احمر.. کے ساتھ شادی نہیں کرے گی ...

مورے.. اسکے پاس آئیں انوشے بھی وہیں بیٹھی تھی کافی ایکسائیٹڈ لگ رہی تھی ....

مورے میں احمر سے شادی نہیں کروگی "اچانک کمرے کی چہکتی ہوئی فضا میں اسکی آواز بلند ہوئی تو انوشے.. سمیت مورے بھی.. سن اسے دیکھنے لگیں ...

میں نے کہہ دیا ہے.. میں اپنے سے چھوٹے لڑکے سے کبھی شادی نہیں کروگی.. "وہ باغی لہجے میں بولی ...

مورے نے خوف سے اسکے منہ پر سختی سے ہاتھ رکھا ...

بکواس کیے جا رہی ہو.. منہ پھاڑ کر شرم حیا ختم ہو گئی ہے یوں منہ اٹھا کر بول دیا جاتا ہے کچھ بھی... "مورے.. غصے سے بولیں ...

ہاں جب آپ پر ظلم ہو رہا ہو تو یوں ہی ہوتا ہے.. کیا سمجھتے ہیں یہ داجی خود کو.... سب کو اپنی پسند سے جوڑ رہے ہیں یہ جانے بغیر دوسرا کیا چاہتا ہے اور وہ بھی اس شخص کے ساتھ جو بچپن سے یہاں پڑا ہے وہ خود کچھ بھی نہیں... "وہ



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چلا اٹھی جبکہ.. بی جان بھی وہیں کھڑی رہ گئیں جو اسپر سے مرچے وارنے کو لائیں تھیں اسکے علاوہ ان سے چند قدم دور... پھوپھو بھی ساکت تھیں ...

منہ بند کر بدبخت اپنا" مورے کے تو ہاتھ پاوں پھول گئے.. اسکے منہ پر کھینچ کر تھپڑ مارا. جبکہ اسے اس تھپڑ سے کوئی فرق نہیں پڑا ..

دیکھ لوں گی میں.. جا رہی ہوں میں حیدر لالا کے پاس اور پوچھو توزرا... کس جنم کا بدلہ لے رہیں ہیں فیصلے انکے ہاتھ میں ہیں... اور وہ اب.. سب سے بدلے نکالیں گے کیا" سرخ آنکھوں سے وہ کہیں سے بھی.. وہ نین نہیں لگ رہی تھی جو ہر وقت چھکتی رہتی تھی ..

نین" انوشے نے اسکو پکڑنا چاہا ....

جبکہ وہ ہاتھ جھٹکتی.. وہاں سے نکلی تو ایک پل کے لیے بی جان اور پھوپھو کو دیکھ کر.. اسکے دل کو کچھ ہوا.. کہ ان دونوں کی ہی آنکھیں نم تھیں ...

مگر آج وہ جزبات میں بہہ جاتی تو ساری زندگی.. احمر.. کو برداشت کرنا پڑتا تبھی کسی کے بھی سنے بغیر.. وہ... بغیر لحاظ کے... مردان خانے کیطرف بڑھی ..

روک جاو. نین" تائی نے بھی فرح خانم نے بھی.. اس سے روکنا چاہا مگر.. وہ.. نہ روکی ...

اور مردان.. خانے کی جالی.. آج پہلی بار کسی عورت نے پار کرلی تھی . ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہاں.. سب ہال میں کسی موضوع کو زیر بحث لائے ہوئے تھے ..

الیکشن کے دن قریب آرہے تھے جبکہ بہرام کمرہ نشین تھا کوئی سمجھ نہ پا رہا تھا.. تبھی.. نین کو پردے کی اوٹ میں سرخ آنکھوں سے وہاں دیکھ کر سب ایکدم اٹھے ...

لڑکی ہوش میں تو ہو" داجی.. غصے سے دھاڑے جان تو گئے تھے کہ یہ بغاوت کس نے کرنے کی جرت کی تھی ...

جی ہوش میں ہوں مگر آپ اپنے ہوش گوا چکے ہیں" وہ سرد لہجے میں بولی تو... داجی اشتعال سے اٹھے... اور ابھی وہ اسکا منہ تھپڑوں سے سجاتے.. احمر نے بیچ میں ٹوک دیا ...

داجی.. داجی.. ایک منٹ پلیز" اسکے لہجے میں التجا تھی.. نین کو وہ سخت زہر لگا.. مگر وہ یوں ہی کھڑی رہی ..

نین خانم آپ جائیں.. ہماری عورتوں کا مردان خانے میں کوئی کام نہیں... آپ کو جو بات کرنی ہے تمیز کے دائرے میں بی جان سے کریں وہ داجی تک پہنچا دیں گے" احمر.. نظر جھکائے بولا.. تو سب نے.. جیسے تائیدی انداز میں اسے دیکھا جیسے وہ بلکل ٹھیک کہہ رہا ہو ...

تم اپنا منہ بند رکھو احمر خان... داجی.. ہر بار اپنی مرضی ہم پر نہیں تھوپ سکتے مجھے تم سے شادی نہیں کرنی کبھی نہیں کرنی بلکل نہیں کرنی.. وجہ یہ ہی ہے. کہ تم مجھ سے چھوٹے ہو.. اور ہمارا کوئی جوڑ نہیں اور دوسرا.. تم.. ہو کیا.. بچپن سے تمھیں یہیں دیکھا ہے.. تمھارا اپنا وجود کیا ہے... تم خود کچھ نہیں ہو.. تو یہ... الٹے سیدھے رشتے جوڑ کر



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے بھی ارمیش جیسی زندگی دینا چاہتے ہیں تو سوچ ہے انکی "وہ چلائی.. گریل کے اس پار تمام عورتیں تھر تھر کانپ رہیں تھیں ...

جبکہ احمر شاکڈ سا اسے دیکھ رہا تھا.. سب ہی حیران.. تھے.. انکے گھر کی کسی عورت میں اتنی جرت.. تو یہ بات تو.. حیران کن ہی تھی ...

داجی نے احمر کو.. پیچھے جھٹکا..... اور نین کے منہ پر.. تھپڑ کھینچ مارا... اور یک بعد دیگر پڑنے والے تھپڑ.. نین.. کا حجاب.. اٹھ چکا تھا.. چہرہ سرخ جبکہ.. ہونٹ سے لکیر پھوٹ پڑی تھی ..

بغاوت کرتی ہے ہم سے.. ہم کون ہوتے ہیں.. بتاتے ہیں تمھیں.. دل تو کرتا ہے..... یہیں سر قلم کر دیں مگر نہیں تمھارے لیے اس سے بہتر سزا ہے میرے پاس

احمر بلاو... سمندر خان.. کو... اسکے ساتھ بیاہ کر.. اس بدزات کے قدموں سے حویلی پاک کرو" وہ دھاڑے..

نین.. آنکھیں پھاڑے اس فیصلے کو.. سنتی.. بل کھا کر رہ گئی... اسنے.. اپنے باپ کی جانب دیکھا.. جو.. اسے گھور رہا تھا ...

کیوں عظیم خان... کوئی اعتراض ہے "اب وہ.. عظیم خان کی طرف دیکھنے لگے جنھوں نے نفی میں سر ہلا دیا . ...

نین جیسے بھرے مجمعے.. میں تنہا رہ گئی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تمھیں سنائی نہیں دے رہا" داجی احمر پر دھاڑے مگر وہ یوں ہی کھڑا تھا.. معلوم نہیں تھا... وہ حسینہ.. اپنا دیداریوں کرائے گی ....

داجی نے احمر کو گھورا.. اور... معاویہ کیطرف دیکھا.

.مولوی کا انتظام کرو... ہمارے سامنے سر اٹھانے والے کا سر قلم کر دیں گے ہم... اور اس لڑکی کی بغاوت کا انجام یہ ہی ہونا چاہیے" معاویہ پہلے تو نین کو دیکھ کر حیران رہ گیا.. مطلب حویلی میں بھی اتنی خوبصورتی تھی... اب تو.. اسے اپنی منگیتر کو دیکھنے کا تجسس بھی ہوا ...

آج ویسے بھی انھوں نے شہر جانا تھا مگر یہ ڈرامہ ہو چکا تھا.. تبھی وہ سر ہلاتا باہر نکلا ...

نین سے کھڑا ہونا محال تھا ...

وہ.. بہرام کو ڈھونڈنے لگی.. وہ اسکا بھائی تھا شاید کچھ کرتا.. مگر وہ وہاں نہیں تھا ...

داجی.. یہ ہم نہیں ہونے دیں گے کہ آپ.. حویلی کی عزت کو.. ملازم کے حوالے کر دو" حیدر... بولا... تو نین نے... آنسو صاف کر کے.. اسکیطرف دیکھا ....

حیدر لالا..." ابھی وہ کچھ بولتی کہ.. اسنے ہاتھ اٹھا دیا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اگر تم طریقے سے بات کرتی تو ضرور ہم تمھارے ساتھ یہ ظلم نہ ہونے دیتے.. کہ داجی کی مرضی.. تم پر تھپتے مگر.. تم نے جو قدم اٹھایا ہے.. وہ ناقابل برداشت ہے... آج تک.. حویلی کی عورتوں کو کسی نے نہیں دیکھا اور آج تم نے خود کو سب کے سامنے بے پردہ کر کے اپنے اندر کی بغاوت.. سے آگاہ کیا . ...

افسوس ہے ہمیں.. کہ یہ تمھاری تربیت تھی "حیدر نپے تلے لفظوں میں.. اسے سنانے لگا... داجی... مٹھیاں بھینچتے.. صوفے پر بیٹھ گئے.. خیر سمندر خان سے تو وہ بھی کسی صورت اسکو نہ بیاہتے تو اچھا تھا.. کہ.. حیدر فیصلہ کرتا ....

تربیت.. آپکی تربیت کہاں جاسوئی تھی جو ارمیش خانم کا جینا حرام کر دیا آپ نے... اور... مجھے تربیت کے درس دے رہیں ہیں.. میری زندگی کا فیصلہ کرنے والے نہ.. داجی ہیں اور نہ.. ہی آپ.. یہ کوئی بھی ہاں باپ کو بھی میں نے دیکھ لیا.. پیسے کی چکاچوند انھیں داجی کے سامنے سر اٹھانے نہیں دے رہی ..

زہریلے لوگ ہیں آپ سب..... "وہ.. حلق کے بل چلا رہی تھی... خواتین تو منہ پر ہاتھ رکھ کر رہ گئیں.. حیدر نے ناگواری سے اسے دیکھا . ...

چاچا سائیں... یا تو.. آپ.. انکا منہ بند کرا لیں ورنہ ہم واقعی داجی کا فیصلہ مان لیں گے "حیدر بڑے ضبط سے بولا... نین.. کو اپنا آپ جیسے فضول سا لگا... متواتر بہنے والے آنسوں نے.. اسکی آنکھوں پر... ایک سوگ اتارا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معاویہ.. سمندر خان.. اور مولی سمیت اندر داخل ہوا.. نین بھاگ کر زنان خانے کیطرف بڑھنے لگی کہ.. عظیم خان نے اسکا ہاتھ جکڑ لیا.. اور اسکے منہ پر کپڑہ ڈالا ..

بابا سائیں نہیں بابا سائیں پلیز.. بیٹی ہوں میں آپکی... مت کریں مجھ پر ظلم...."وہ التجا کرنے لگی مگر وہ تو کان بند کر گئے تھے

احمر خانم.. کیا تم ہماری بیٹی کو قبول کرو گے "عظیم خان کڑے تیوروں میں پوچھ رہے تھے... احمر.. مجمند تھا... انھیں اسکی خاموشی... میں انکار محسوس ہو گیا.. نین تو ایک پل کو اسکو بھی دیکھ کر رہ گئ.. یہ کیا ہو رہا تھا.. اسکی جلد بازی.. کیا کر رہی تھی ...

وہ اپنا ہاتھ چھڑا نہیں پا رہی تھی ...

نکاح پڑھواو.. مولوی صاحب.. سمندر خان سے نین خانم کا.."وہ

.بولے. تو دا جی نے.. پہلو بدلہ ....

جبکہ حیدر.. کو بھی احمر پر غصہ آیا.. اور یہ ہی حال.. معاویہ سمیت وہاں سب کا.. تھا ...

نین تو چیخنے چلانے لگی... مگر.. اپنے ہی باپ کے ہاتھ کے تھپڑ. نے. اسکی بولتی بند کرا دی ...

خواتین کی سسکیاں آج مردان خانے میں گونج رہیں تھیں ...

مولوی.. صاحب.. نے نکاح شروع کیا.. سمندر خان تو حکم کا غلام تھا.. سر جھکائے کھڑا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ یہ بھی نہ کہہ سکا کے..وہ جوان بچوں کا باپ ہے .....

احمر..نے پر جلالی نظروں سے یہ منظر دیکھا.وہ جیسے ہوش میں آیا تھا..ایک دم .....

رک جاو.."اسکی دھاڑ نے..ایک بار..سب..کو چپ کرا دیا مولوی..صاحب بھی اسکو دیکھنے لگے..جبکہ نین اب کہ ساکت تھی ...

داجی ہم نین خانم کو اپنی زوجیت میں لینا چاہتے ہیں کیا آپکو اعتراض ہے"وہ..دوٹوک لہجے میں بولا..تو داجی نے..اٹھ کر اسکا شانہ تھپتھپایا...جبکہ سب نے سکھ کا سانس لیا ....

اور احمر..سمندر خان بچارے کو ایک نظر..دیکھ کر..بیٹھا..وہ دوپٹہ..ڈالے...ساکت بیٹھی تھی..مولوی صاحب نے..نکاح شروع کیا..نین کو..اپنا دل کٹتا محسوس ہوا..مگر..وہ ایک بات سوچ..چکی تھی وہ..ان سب کو...مزاہ چکھا کر رہے گی..خاص کر اپنے باپ کو..اور..اس شخص کو..جو...بہت عظیم بن رہا تھا ...

...

بہرام سو کر اٹھا تو..اسے محسوس ہوا..رات ہو چکی تھی ایک اچھا تاثر..اسکے وجود میں سرایت کر رہا تھا..

اسنے..بیڈ سے نیچے قدم رکھا...اور انٹرکام پریس کیا..جس سے اسکے خاص ملازم کو اسکے جاگنے کی اطلاع مل گئ..

اور..وہ بوتل کے جن کی طرح...اسکے روم میں داخل ہوا..وہ ایک چھوٹا..تقریباً بیس سال کا لڑکا..تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کمرے میں جابجا پڑی شراب کی بوتلوں کو.. منیب نے.. ایک نظر دیکھا اور پھر اپنے مالک پر نظر ڈالی جو شرٹ لیس.. بیٹھا آنکھیں بند کیے ناجانے کس بات پر مسکرا رہا تھا ....

صاحب کچھ کھانے کو لاو" اسنے پوچھا تو... بہرام نے آنکھیں وا کیں ...

نہیں کچھ پینے کا دل ہے" اسنے... بوتلوں پر نظر ڈال کر کہا.. مگر تمھارے ہاتھ سے نہیں ...

آج تو جام محبوب کے ہاتھ سے پیئیں گے" وہ کافی سے زیادہ خوش لگ رہا تھا... منیب نے سر ہلایا ..

معاویہ خانم کو.. کہہ دو آج شہر جانا ہے" وہ اٹھتے ہوئے بولا تو منیب باہر چلا گیا.. جبکہ وہ.. واشروم میں... تقریب بیس منٹ بعد وہ باہر آیا.. تو.. پینٹ... کی بیلٹ ڈالتے ہوئے.. اسنے دروازے کیطرف دیکھا.. جہاں منیب کھڑا تھا.. وہ اکثر بغیر بجائے بھی آجاتا تھا... مگر بہرام کو ناگواری ہونے کے باوجود وہ اسے کم ٹوکتا تھا ...

صاحب معاویہ صاحب نے جانے سے انکار کر دیا ہے انھوں نے کہا ہے.. آپ انکے کچھ نہیں لگتے" منیب نے کہا.. تو.. اسکے ماتھے پر بل ڈلے

ٹھیک ہے جاو میں دیکھ لوں گا.." اسنے کہا تو منیب باہر چلا گیا... جبکہ آب وہ اپنی شرٹ ڈال کر.. بالوں کو بنا رہا تھا.. جن پر کسی جیل یا سپرے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی وہ ایسے ہی کافی سٹائلش تھے ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بال بنا کر اسنے خود پر سپرے کیا... پھر پرفیوم.. لگا کر.. وہ خوشبو میں بسا.. مسکراتا ہوا کمرے سے نکلا.. تو مردان خانے میں اسے کوئی نہ دیکھا.. وہ شانے اچکاتا.. پہلے داجی کے کمرے کیطرف بڑھا.. بغیر اجازت طلب کیا... دھاڑ سے دروازہ کھولتا... وہ اندر آیا.. داجی... کھڑکی کے پاس کھڑے تھے ...

مڑ کر.. اسکیطرف دیکھا... تو جیسے آج ہوئے واقعے کا سارا اثر زائل ہو گیا ...

آو میری جان.. آنکھوں کو چین دینے میں اتنی دیر لگا دی..." وہ اسکو سینے... سے لگائے.... فخر محسوس کرنے لگے جبکہ وہ دھیرے سے مسکرایا ...

خیریت... کچھ الجھے الجھے ہیں آپ" وہ انکے چہرے کے تاثرات بخوبی پہچان گیا تھا ...

زیادہ کچھ نہیں......." وہ آب لاپرواہی سے بولے کے اسے دیکھ کر تو سارے غم غلط ہو جاتے تھے ...

اچھا.." اسنے بھی لاپرواہی سے شانے اچکائے ...

اور باہر جانے لگا کیونکہ معاویہ کی کلاس لگانی تھی ..

میرے رات کے شہزادے.. اس وقت.. کہاں کی تیاری ہے" وہ مسکرا کر اسکو.. سجا سنورا دیکھ کر بولے.. یہ بھی نہ پوچھا کہ دو دن تک وہ.. کمرے میں کیوں بند تھا.. اور ملازم کو مارنے کا مقصد.. وہ تو بس اسکی صورت... دیکھ کر ہی.. شیری ہو گئے تھے جیسے ...

شہر" وہ... بولا... جبکہ.. جیب سے سیل فون نکال کر.. اسکو بھی اون کیا ساتھ ساتھ جو وہ پاور آف کیے ہوے تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسوقت کیوں "انھیں حیرت ہوئی.. حال کہ وہ کسی سے اتنے سوال نہیں کرتے تھے... مگر بہرام... کے لیے تو.. ہر بات الگ ہی تھی ...

اجی داجی.. مرکز جب شہر میں ہے.. ہمارا تو.. کالام کی حسین وادیوں میں.. راتیں.... بے چین... ہیں.. "وہ قہقہ لگاتا... باہر نکل گیا جبکہ وہ.. پرسوچ نظروں سے ماتھے پر معمولی بل ڈلے.. اس کی بات کی تہہ تک پہنچ رہے تھے ...

.....................

اووو معاویہ سائیں ناراض.. حسینا بننے کا کوئی فائدہ نہیں ہے.. جانتے ہو بخوبی.. منانے کی عادت نہیں ہے ہمیں ...

کالام کی شان ہیں ہم... بھلہ تم جیسے کو منائیں گے آب "سوتے ہوئے معاویہ.. پر سے کمبل کھینچ کر... وہ.. مغرور لہجے میں بولا... مگر مقابل بھی معاویہ تھا ..

دفع دور "ایک نظر اسکو دیکھ کر.. وہ.. زور سے بولا اور کروٹ موڑ گیا ...

سالے.. اتنے پنجے نکال.. کہ میرے ہاتھوں زندہ بچ جائے "بہرام.. نے.. کھینچ.. کر اسکے کمر میں مکہ جڑ دیا..

معاویہ نے.. ایک کہرام اٹھالیا ...

جبکہ وہ سکون سے اسکی اداکاری دیکھ رہا تھا ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معاویہ کو بالآخر خود ہی چپ ہونا پڑا ..

ہو گیا" بہرام نے اکتا کر پوچھا معاویہ نے جواب نہ دیا ...

یار جلدی ا[ ھ وقت نہیں ہے" وہ اجلت سے بولا ....

تو معاویہ کو بد لنخواستہ اسکی بات مان کر دینی پڑی ...

دس منٹ میں وہ ریدی تھا جبکہ ناراضگی آب بھی بر قرار تھی ..

سالے منہ مت سجا آب.... معافی کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہو تا.. اور.. تو جانتا ہے.. منانا کسی کو مجھے تا نہیں.. تو..

اپنا.. دو سو گز کا منہ ٹھیک کر.. آج تو.. بڑی قاتل رات ہے.. مزے کریں گے"... وہ اس چھڑ تا ہوا.. بولا.. جبکہ

معاویہ اسکے چہرے کی چمک دیکھ رہا تھا ...

مدھم سا مسکرا دیا ...

جیپ میں دونوں ہی ایکسائیٹڈ سے سوار.. تھے.. اور بہرام اپنے مخصوص سٹائل میں جیپ دوڑا رہا تھا.. معاویہ. بس

اتنا جانتا تھا کہ وہ کسی کوٹھے پر رات رنگین کرنے کجا رہے ہیں.. جبکہ... بہرام.. کی تو نیا ہی کہیں اور ڈوبی ہوئ تھی ..

کچھ دیر.. میوزک سننے کے بعد معاویہ نے کچھ سوچتے ہوئے میوزک بند کیا ...

جیپ رات کی تاریکی کو چیرتی ہوئ... بڑے جوش سے شہر کے راستے کو تھی ....

جیسے مالک.. کی خوشی میں خود بھی سر مست ہو ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تجھے پتا ہے.. آج.. کیا ہوا ہے حویلی میں" معاویہ نے پوچھا تو بہرام نے نفی میں گردن ہلا.. دی ...
وہ تو اٹھا ہی ابھی تھا ....

معاویہ کا دل کیا... اسکا منہ توڑ دے مگر.. اب منہ اپنا بھی سلامت رکھنا تھا ...

وہ اپنی بہن سے اتنا غافل تھا.. خیر حویلی میں.. عورتوں کے ساتھ تو یہ ہی ہوتا آیا تھا ..

پھر وہ رفتہ رفتہ.. اسے سب بتاتا چلا گیا.. جبکہ.. بہرام.. کے ماتھے پر کئی شکنیں ابھری ...

غصے کا گراف اچانک ہی بڑھا ..

نین. اسقدر گستاخ.. ہے..." وہ مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا ...

تم مجھے حویلی میں ہی بتاتے" وہ غصے سے بولا ...

اوو بھائی.. حویلی میں ایک ہنگامہ تھا.. جس وقت تم کوپیاں چڑھا کر... پڑے تھے.. خود اٹھتے اور میں کیوں.. لگاو بجھاو

"وہ شانے اچکا کر بول آ... بہرام کا دل تو کیا جیپ موڑ لے.. مگر ...

اسوقت دل.. کی.. آواز بس اس چہرے کے گرد طواف کر رہی تھی.. اور وہاں نہ پہنچتا تو شاید.. اسک چین سکون سب ختم ہو جاتا ....

تبھی.. گاڑی شہر کے راستے پر ڈالی رکھی ..

احمر... سمجھدار ہے" وہ کچھ سوچتے ہوئے بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں بھئ بہت ... تمھاری جیسی.. تمھاری ہی سرپھری بہن کو سمبھال لیں گے معلوم ہے" معاویہ ہنسا تو بہرام اسے گھورنے لگا.. کھامت جانا آب میری نازک جان کو" معاویہ نے ڈرنے کی اداکاری کی جبکہ بہرام کا مکہ.. اسکے بازو پر پڑا.. اور وہ بلبلا کر رہ گیا ...

..........................

نین سرخ سوجی آنکھوں سے.. کھڑکی سے پار... چاند کو دیکھ رہی تھی ....

مگر اندر کی آگ.. اسے چین لینے نہیں دے رہی تھی ...

ایک تو اسے.. اس سے چھوٹے شخص سے بیاہ دیا تھا... جبکہ

وہ.. کیا تھا.. اسکی حویلی میں پوزیشن کیا تھی.. کیا دا جی اسے اپنے پوتوں جیسا مقام دیتے تھے.. ہرگیز نہیں بلکل نہیں ...

اور ایسے شخص کو اسکی قسمت میں بندھ دیا گیا ...

اسنے اپنے کمرے کو تھس نہس کر دیا تھا ...

چند ہی منٹوں میں مگر غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا ...

وہ یہاں رہنا ہی نہیں چاہتی تھی.. دا جی کو انکی جیت کا جشن بنانے دیتی ...

انکی روایتوں کو.. توڑنے کی ایک سرکشی.. اسکے وجود میں... بھنبھڑ پکار رہی تھی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آب اسے کیاڈر تھا..اور وہ کیوں ڈرتی..احمر کے ساتھ..تو جو کرنا تھا وہ بعد کی بات تھی...فلحال..دا جی کی قید سے باہر نکلنا تھا ...

اسنے آنسو پونچے....تمام خواتین اس سے سخت خفا تھیں کوئی اسکے پاس نہیں آیا تھا..اگر وہ تحمل سے کام لیتی تو ضرور اسکی بات کا حل نکل جاتا مگر اسکی جلد بازی نے..باقی سب پر بھی مزید سختی کر دی تھی ...

رخصتی کا شوشا بھی چھوڑ دیا گیا تھا ...

کہ شادی اپنے وقت پر ہر حال میں ہونی تھی..اور جو..خواتین.بازاروں کے چکر لگا لیتی تھیں آب ان پر بھی پابندی لگا دی گئی تھی..کہ...سب..چیزیں مرد حضرات اپنی مرضی سے لے آئیں گے ...

نین..کو کسی سے کوئی غرض نہیں تھا..وہ.تو آنے والے کل کو سوچ رہی تھی .

..............

اسکا خوبصورت چہرہ اس انداز میں دیکھنے کو ملنا تھا یہ تو اسنے تصور بھی نہیں کیا تھا ......

وہ بہت حسین تھی اتنا انداز تو تھا اسے...جب اسکا چھوٹا بھائی...آنکھوں کو چندھیا دینے والا حسن رکھتا تھا..تو پھر..اسکی تو بات ہی کیا تھی ...

مگر احمر کے ساتھ ساتھ حویلی کے سب لڑکوں اور شاید ملازموں نے بھی اسے دیکھ لیا تھا...اور..یہ ہی بات اسکا دل جلا رہی تھی..وہ اتنی جزباتی کیوں تھی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ سمجھ نہیں پاتا تھا .....

اور پھر اسکے دماغ میں... اسکی باتیں گردش کرنے لگیں ...

وہ اسے کیا سمجھتی تھی ...

یہ تو اسکی باتوں اور لہجے نے ہی.. واضح کر دیا تھا.. کہ اسکی نظر میں اسکی کوئی ویلیو نہیں.. وہ اسے خود سے چھوٹا سمجھتی ہے... حالانکہ یہ فرق کوئی معنی تو نہیں رکھتے.. پھر وہ ٹھیک ہی تھی ...

بھلہ وہ.. خانزادی اسکو پسند بھی کیوں کرتی... تھا ہی کیا اسکے پاس ...

تانگے کی دہلیز پر ساری زندگی گزاری تھی... اور آب آگے بھی ....

وہ کچھ سوچنے پر مجبور ہوا... آج اپنے باپ پر بھی شدید غصہ آیا ....

جن کی وفات نے.. انھیں... دوکڑی کا کر دیا تھا ....

..................

نین کے بارے میں سوچتے ہوئے اسے.. خوف آ رہا تھا.. اگر سمندر خان سے اسکی شادی ہو جاتی پھر ...

پھر پھر کیا ہوتا.. ہاں وہ جلد باز تھی.. معملہ حل کرنے کے بجائے بگاڑ چکی تھی ...

وہ اسکے پاس جانا چاہتی تھی مگر... حیدر کی کمرے میں موجودگی اسکے قدموں کو بند باندھ گئی ....

صوفے پر بیٹھی... وہ.. سر.. پشت پر لگائے... بیٹھی تھی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

حیدر اپنے موبائل میں مصروف تھا ....

ایک نظر اسکی جانب دیکھا ....

خانم کل دس بجے حویلی سے شہر کے لیے نکلنا ہے" کڑے لہجے میں وہ...بولا.. تو ارمیش کی روح فنا ہو گئ ....

سائیں آپ ایسا نہیں کر سکتے" اچانک وہ قدرے اونچی آواز میں بولی ...

تو...حیدر نے موبائل سائیڈ پر پٹخا.. اور اٹھ کھڑا ہوا.. اسکے اٹھتے ہی...ارمیش کا دم نکلا ...

خانم....اگر خود کو نین سمجھ رہی ہو تو...یقین مانو زبان... کھینچ.. کر گردن پر..لپیٹ دیں گے" وہ اسکا چہرہ جکڑ تا غرایا ....

ارمیش رونے لگی سرخ... آنکھیں اس بے حس کو دیکھ رہیں تھیں ..

مت دیں ایسی سزا...سائیں... ہم ہاتھ جوڑتے ہیں خدا کے لیے... ایسا مت کریں.. میں میرا کیا قصور ہے" وہ سسکی.. تو وہ اسکا چہرہ جھٹک کر رہ گیا ....

جب ہم یہ بچہ چاہتے ہی نہیں.. تو کس خوشی میں. تم...بکواس کر رہی ہو" وہ غصے سے گھورنے لگا ....

ارمیش کا دم گھٹنے لگا.. کیا یہ احساس صرف چند لمحوں کا تھا ....

کیا کل صبح.. اسکا وجود خالی ہو جائے گا.. اور پھر وہ دوبارہ اسکی غلامی کرے گی.. کیا وہ اس لیے پیدا ہوئی تھی.. کیا اسکی زندگی میں سکون نہیں تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ..بری طرح رونے لگی ....

جبکہ..وہ لاپرواہی سے بستر پر لیٹ گیا ...

آپ تمھیں خط لکھوں..یہ خود آٹھ کر آرہی ہو" وہ دھاڑا...ارمیش..کی سسکی دم توڑ گئ ...

اور وہ

..مرے مرے قدموں سے..ڈریسنگ روم میں چلی گی ...

.....................

اسکے لیے اسکا گھر ڈھونڈنا کوئ مشکل کام نہیں تھا...اس وقت..وہ گاڑی میں بیٹھا...شراب کی بوتل..منہ سے لگائے...سامنے اس چھوٹے سے گھر کو گھور رہا تھا ...

جبکہ معاویہ...نہ سمجھی سے اسے دیکھ رہا تھا..

آپ منہ سے کچھ پھوٹو گے یہ....میرا صبر یوں ہی ازمانہ ہے"

یہ لڑکی چاہیے..معاویہ سائیں...ابھی چاہیے "ضدی لہجے میں..وہ بس دو لفظوں میں..اسے بہت کچھ باور کرا گیا ...

معاویہ..ایک پل کو چپ سارہ گیا ....

کون ہے یہ" وہ کچھ دیر بعد بولا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر


## اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز (ویب سائٹس)، سوشل میڈیا گروپس، اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

معلوم نہیں..."وہ بس اتنا بولا.. بوتل کو اسکی طرف اچھال دیا ....

اور دروازہ کھول کر باہر نکلا ...

کہاں" معاویہ نے پوچھا ....

تم نے جہاں جانا ہے چلے جاو" وہ.. ناگواری سے بولا.. اسک اٹو کنا زہر ہی لگا ...

اور آگے بڑھ گیا.. معاویہ بھی باہر آگیا ...

بھائی یہ ہو کیا رہا ہے" وہ ہلکی آواز میں چلایا... بہرام نے بغیر لحاظ کے اسکے منہ پر پنچ دے مارا ....

آگے بھی کچھ بتاو کیا ہو رہا ہے" وہ شدید غصے سے بولا.. تو.. وہ اسے کو د کر رہ گیا ....

جبکہ... بہرام... کے وجود میں مزاہ.. سا ابھرا ....

آب کا لام... کا سردار... کھڑکیاں پھلانگے گا..." وہ ہلکا سا بولا ....

معاویہ... پر تو حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ... رہے تھے.... مگر آب وہ خاموش تھا جبکہ. بہرام... اس پائپ کو دیکھ رہا تھا... جو کافی مظبوط لگ رہا تھا.. کیا وہ اسکا وزن سہہ سکتا تھا ...

خیر اسے پہ رواہ نہیں تھی... اسنے... تو.. اوپر جانا تھا.. اسے معلوم نہیں تھا کہ یہ اوپر پایپ کہاں جاتا ہے ...

بر حال... جہاں بھی جاتا ہو... وہ.. اسے ڈھونڈ ہی لے گا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معاویہ سائیں....... مزاہ آنے والا ہے" اسے منہ میں جیسے رس گھل رہا تھا... معاویہ کو اپنی کفلنکس.. گاگلز موبائیل.. تھما کر.. وہ پاوں جماتا.... پائپ پر چڑھنے لگا..

تمھارے جسم کی.. 4ہڈیاں تو لازمی ٹوٹیں گی لکھ کر رکھ لو..." معاویہ کی بربڑاہٹ.. پر کان دھرے بغیر وہ مسرور سا چڑھتا گیا.. وہ پائپ سیدھا چھت کو جاتا تھا...

شاید... اسے دیوار پھلانگنے میں کچھ تردد ہوا.. کہ ایسا کام نہیں کیا تھا کبھی مگر وہ چھت پر پہنچ ہی گیا... یہ دو منزلہ چھوٹا سا گھر تھا.. وہ بآسانی چڑھا تھا ...

چھت پر چڑھ کر.. اسنے نیچے جھکا.. اور تفخر سے معاویہ کو دیکھا.. جو داد دیتا.. واپس گاڑی کی طرف جارہا تھا..

بہرام بھی پلٹا.. اور.. اپنی شرٹ کے اوپری بٹن کھول کر.. اسنے کالر کھڑے کیے جس سے.. کچھ اسکا چہرہ چھپ گیا

....

اور وہ آب چھت پر بنے.. دروازے کیطرف بڑھنے لگا... دروازہ کھلا ہی تھا ...

بے وقوف لوگ" وہ شانے اچکاتا... نیچے اترا تو گھر میں اندھیرہ تھا.. اسے اپنا آپ چور ہی لگا... وہ.. ہنستا ہوا... دوسری منزل کی سیڑھیاں اترنے لگا.. کیونکہ اوپری منزل میں تو شاید بس سٹور.. تھا.. نیچے چھوٹا سا صحن برآندہ تھا.. اور دو کمرے تھے ...

جن کی لائٹس آف تھیں ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ صحن میں ایک بلب جل رہا تھا ..

گھر ہے یہ صابن دانی" وہ چیڑا...اور..ایک کمرے میں جھانکا..اورمایوسی ہوئی...پھر دوسرے کمرے میں جھانکا تو دو

الگ الگ بیڈز تھے اسے انداز ہو گیا.. کہ یہ..ہی وہ کمرہ ہو گا ..

کیونکہ..پہلے والے کمرے میں سنگل بیڈ تھا .....

وہ.. آرام سے کمرے میں داخل ہوا...پنکھے کی خشک ہوا..اسکی نازک مزاجی پر گراہ گزری..اور پل میں اسکے سفید

رنگ میں...سرخی گھل گئ ..

وہ..دائیں جانب والے بیڈ کیطرف بڑھا..کوئ سرتک تانے چادر پڑا تھا..اسنے چادر معمولی سی کھینچی ...

مگر مایوسی ہوئ..وہ چند پل اس چہرے کو بھی دیکھتا رہا ..

نوٹ بیڈ" کمنٹ پاس کرتا..وہ آب اطمینان سے دوسرے بید کیطرف بڑھا..اور..سہولت سے چادر کھینچ دی ...

تو وہ صبیح چہرہ..جو اسے چند دنوں میں تڑپا گیا تھا..اسکے سامنے تھا..وہ مبہوت سا اسے دیکھے گیا..وہ تو اسکے لیے بنی

تھی..ایسا لگتا..یہ بات تو لکھ دی گئ ہے..وہ..کمال بہادری سے..اسکے پاس بیٹھ گیا..کمرے کی خشک ہوا بھی..

اب معمولی سی لگی ...

وہ عابیر کے چہرے کو..چاہت سے دیکھ رہا تھا..دل ودماغ..میں کمال سکون اتر چکا تھا ...

اسنے ہاتھ بڑھا کر..اسکے چہرے..پر..انگلی چلائ .....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہلکے سے پسینے کی بوندیں محسوس ہوئیں ...

بہرام...دیوانہ سا ہو گیا..خود پر قابو دنیا کا سب سے مشکل ترین کام لگا ....

اسنے ضبط سے.. مٹھی بھینچ..لی ...

اور پھر..اسکے نازک لبوں...پر نگاہ ٹھر گئ..ایسی جمی کے ہٹنے کا نام نہ لیا..

جبکہ..عابیر..کی نیند کچی ہونے لگی تھی اسے محسوس ہو رہا تھا..مگر وہ بے حس و حرکت اسکے..لبوں کے کنارے پر

.موجود تل کی مانند تل پر...مدہوش سا..انگوٹھا چلا رہا تھا..

عابیر کی اچانک ہی پٹ سے آنکھ کھولی ...

پہلے تو وہ کچھ سمجھ نہ سکی اور جب سمجھ کو کچھ لگا..تو...اسکے منہ سے اس سے پہلے چیخ نکلتی ...

بہرام...اسپر جھک گیا.. ...

عابیر..تڑپ اٹھی جبکہ بہرام....کی مدہوشی. ...

جان لیوا.. تھی. ...

عابیر نے

.اسکے شانے پعر مکے مارے

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

.. مگر وہ اپنی منشہ سے دور ہوا .....

اور..... پھر اسکے لبوں کے کنارے.. میں موجود.. تل کو دیکھنے لگا ..

عابیر... کو کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا... وہ ہونک.... ایک پل اسے دیکھتی رہی ...

اور پھر

.ہاتھ گھما.. کر.. اسکے.. منہ پر تھپڑ جڑ دیا ..…

تب بھی.... اسکو سکون نہ ملا.. ایک جھٹکے سے آٹھ کر بیٹھتے.. اسنے بہرام کا منہ نوچ لیا ...

کمینے انسان...."وہ دھاڑی ...

بہرام

. جیسے نیند سے جاگا تھا ...

مگر مسکراہٹ نے .. L.. اسکے لبوں کا ساتھ نہ چھوڑا .....

سائیں آپکو کیسے پتہ میں کمینا انسان ہوں" وہ معصومیت سے بولا ...

عابیر شاکڈ تھی ...

وہ یہاں اسکے پاس کیوں آیا تھا ...

اور پھر اسے.. وہ پل یاد آگئے.... یعنی وہ اسے بھی کوٹھے پر بیٹھی کوئی لڑکی سمجھ رہا تھا.. اسکا دماغ بھنایا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے ارد گرد دیکھا.. آج وہ اس شخص کا سر پھاڑ دیتی

اسکو دھکا دے کر.. وہ تیر کی تیزی سے اٹھی... بہرام بھی مسکراتا ہوا آٹھ گیا . ...

سرکار شور کریں گی.. تو عزت اور اعتماد دونوں جائیں گے.. چند پل.. تمیز کے دے دیں.. ساری زندگی پڑی.. ہے..

سر بھی پہاڑ لیجیے گا... روکا کس کافرنے ہے.. "وہ.. مزے سے بولا.. تو عابیر.. جواب الٹے قدم.. لینے والی تھی کہ..

جاکر بابا کو اٹھائے یا.. کم از کم.. معاذ کو فون کرے.. وہیں تھم گئی ....

یہ انسان.. اسکی سوچ سے زیادہ پیچ تھا.. مگر اسکی بات مان لینا.. مطلب شے دے دینا تھا.. کہ وہ آگے بھی اسکے گھر آ

جائے.. وہ اس کھیل تماشے کو سمجھ نہیں پا رہی تھی.. شاید وہ کوئی بدلہ لے رہا تھا..

تم یہاں سے دفع ہو جاو.. تمھارے لیے بہتر ہے.... "انگلی اٹھا کر.. غصے سے بولنے پر... اسکا چہرہ سرخ ہو رہا تھا..

بہرام دل پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگا ....

کوئی اتنا پیارا.. کیسے ہو سکتا ہے .....

پھر سارے کا سارا کیسے ہو سکتا ہے.... "وہ گھمبیر لہجے میں بولتا.. اسکی بات کو نظر انداز کرتے ہوئے.. اسکے نزدیک

ہوا.. تو.. عابیر.. بدک کر دور ہوئی.. اور... بس.. وہ دوسرے کمرے میں اس سے پہلے دوڑتی ...

بہرام نے اسکی کلائی پکڑ لی... عابیر کو جیسے کرنٹ لگا تھا.. وہ کلائی چھڑوانے کی تگ و دو کرنے لگی... مگر مقابل..

اسے.. نائٹ.. ڈریس میں سر سے پاوں تک.. گھورے جا رہا تھا... عابیر کے لیے یہ لمحے کسی عذاب سے کم نہ تھے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مکھن آپکی بہن بھی ملائی جیسی ہے.... ویسے میں جانتا ہوں میں.. کمینا ہوں مگر.. ٹیچ نہیں ہوں... اپ نے اب میری مرضی کے خلاف جانے کی کوشش کی.. تو.. یقین مانیے ....

ہم تو بدنام زمانہ ہیں ہی ہیں... اپکی. چھوٹی سی بہن کا کیا ہو گا.. ویسے بھی... اس عمر کی لڑکیوں.. کو.. ایسے شوق ہو جاتے ہیں... پھر الزام مت دیجیے گا" وہ اپنے گھٹیا پن... کے بارے میں بڑی سہولت سے اسے آگاہ کر رہا تھا.. جبکہ... ریہا کے بارے میں سوچ کر عابیر... کا دل پہلی بار اس انسان.. کی سفاکیت سے کانپا تھا ....

بہرام.. کی مسکراہٹ گھیری ہوئی.. تیر نشانے پر ٹکا تھا.. اسنے ہاتھ چھڑانے کی تگ ودو ختم جو کر دی تھی... بہرام نے بھی اسکا ہاتھ چھوڑ دیا ...

سائیں آپکے ساتھ... چاند دیکھنا چاہتا ہوں..... زرا چاند... کو بھی دیدار خاص کرا دیں.. بس پھر آپ سکون سے سو یے گا.." وہ.. اپنی ہی ہانکتا.. اسکا بازو پکڑ.. کر.. اسے سیڑھیوں کے راستے چھت پر لے آیا... عابیر.. کا وجود اب بھی خوف سے کانپ رہا تھا.. صرف میٹرک کلاس کی سٹوڈنٹ تھی اسکی بہن.. اور یہ شخص.. اس سے توقع بھی کیا کی جا سکتی تھی.. جو اسکے گھر آ کر.. اپنی گیری ہوئی حرکت سے باز نہ آیا.. نہ جانے وہ اسکی بہن کے ساتھ کیا کرے.. بے بسی سے.. اسکی آنکھیں سرخ.. ہو گئیں... بہرام کی بھی نظر.. اسپرا تھی ....

اور وہیں... اٹک کر رہ گئی... بادامی آنکھیں سرخی لیے... کمال نظارہ پیش کر رہیں تھیں ....

سرکار.. اب تو دل کر رہا.. ہے.. تمھیں اور رولاو ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسا نظارہ.. باخدا پہلے کہاں دیکھنے کو ملا تھا..."وہ اسکی پلکوں کو چھوتا.. چاہت سے بولا ...

عابیر..نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا ...

یہ جو تم حرکتیں کر رہے ہو..اب تم دیکھنا..میں میڈیا..میں تمھارے ساتھ کرتی کیا ہوں....."وہ آنکھیں نکالتی...

غرائی..تو وہ بے باک قہقہ لگا اٹھا ...

میٹھی... سردار تو چاہتے ہی یہ ہی ہیں...بلکے یہ جو..تم نے مجھے دھمکایا ہے نہ ....

اس کا اثر...یہ بھی ہو سکتا ہے..کہ صبح کی پہلی نیوز...یہ بن جائے ...

کالام کے سردار...ایک معمولی سی لڑکی...سوسوری رپورٹر کے گھر کی چھت پر...اسکے ساتھ...چاند دیکھتے پائے

گے..کیا اس لڑکی کے..ساتھ..بہرام...مراد خان کا افیئر چل رہا ہے...یہ........؟؟؟؟؟"وہ روکا... معنی خیز لہجہ تھا

...انکے بیچ..کوئی...ناجائز تعلق ہے..."وہ مزے سے اسکے کان میں جھک کر بولا...عابیر...کی آنکھوں کے آگے..

حقیقی معنوں میں...تارے چمک اٹھے...اس سے کوئی بھی امید کی جا سکتی تھی ....

چاہتے کیا ہو تم...."وہ جھنجھلا کر چلائی...تو..بہرام نے اسکے لبوں پر اپنی ہتھیلی جما...کر اسکی کمر میں ہاتھ ڈال لیا ....

آب اسکا چہرہ سنجیدہ دکھ رہا تھا جبکہ کلون کے ساتھ ساتھ کسی اور چیز کی مہک..سے عابیر...کی سانسیں اٹک گئیں.

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

. میرے ساتھ ابھی کالام بھاگ چلو.... دو بول.. دور ہو بس مجھ سے..... ان دو بولوں کا فاصلہ مختصر کر دو.... اج سے پہلے.. میں نے محسوس ہی نہیں کیا تھا.. کہ.. وجود میں دل بھی.. کوئی شے ہے.... مجھے لگتا تھا یہ بس بے حس لو تھڑا ہے ...

مگر جب سے.. تمھیں دیکھا ہے عابیر مجھے لگتا ہے... یہ یہ... سانس لینے لگا ہے.. اسکی دھڑکنیں کانوں میں گونجتی ہیں.. مجھے نشہ.. سا چڑھ جاتا.. ہے... سب سے مہنگی شراب پیتا ہے.. تمھارا یہ مرید.... مگ... اب ایسا لگتا ہے... جب میرے پاس.. تم ہو... تو.. یہ سب وقتی چیزیں.. بے وقتی ہو گئیں ہیں.. سمجھ رہی ہو نہ....." وہ دھیرے دھیرے اسے سمجھاتا ...

کافی پیارا لگ رہا تھا.. مگر عابیر... پر.. آج ہی سارے حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹنے تھے... اسکا اپنے بال سنوارا ہاتھ.. اسنے جھٹکا دیا.. اور اس سے دور کھڑی ہو گئ ....

عابیر کے اس وقت ہاتھ پاوں بری طرح کانپ رہے تھے.... ایسا نہیں تھا وہ اس سے ڈر گئ تھی.. بس اس وقت.. اس سے اپنا آپ سمبھل نہیں رہا تھا .....

بہرام ڈھٹائی سے مسکرایا . ...

معلوم نہیں تھا.. ملاقات اتنی خوبصورت ہو گی..." وہ... چند لمحے پہلے کی جانے والی اپنی حرکت کو باور کرا رہا تھا...

عابیر... نے نفرت سے.. اسکو دیکھا . ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ.. اسکا قہقہ اٹھا ...

آف یہ ادائیں......ڈاکا ڈل گیا.... سرکار...ڈاکا..." کہتے ساتھ ہی.. اسنے...بالوں میں ہاتھ پھیرہ..اور اس پائپ کو دیکھا..جہاں سے وہ چڑھا تھا..

چلتا..ہوں سائیں دل تو نہیں کر رہا ویسے.. مگر کل او.. گا...ابھی ایک ضروری..کام بھی ہے ...

مجھے یاد کرتی رہنا مجھے اچھا لگے گا" وہ اسکا گال تھپتھپا کر...دوبارہ اس راستے...اتارنے لگا جبکہ عابیر..وہیں بیٹھتی چلی گئ..

یہ سب کیا تھا ...

کیا اسنے ایک خوفناک خواب دیکھا تھا ...

شاید..ابھی اسکی جھٹکے سے آنکھ کھلے..اور وہ اپنے بستر پر ہو ...

شاید یہ خواب ہو.. مگر ایسا کچھ نہیں تھا..کچھ دیر بعد گاڑی کی آواز آئ..اور پھر وہ گاڑی دور جاتی محسوس ہوئ جبکہ عابیر کا دل سچ میں حلق میں آگیا تھا ...

.....................ے

حیدر کے ساتھ شہر آتے ہوئے.. اسے اپنا آپ مردہ محسوس ہو رہا تھا ...

کیا خوشیوں کی مدت اتنی قلیل ہوتی ہے.... کیا اسے اتنی ہی محدود مدت کے لیے خوشیاں ملنی تھی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہوسپٹل... میں داخل.. ہوتے ہوئے.. حیدر نے اسکا ہاتھ تھام لیا تھا.. اسکا ہاتھ برف کی مانند سرد تھا ....

گھر پر کسی کو بتانے کی اسنے زحمت نہ کی تھی اور دو دن سے ارمیش کو کمرے سے باہر بھی نہیں نکلنے دیا تھا اول تو اسے کسی کا خوف نہیں تھا.. مگر جتنی سہولت سے یہ کام ہو جاتا اتنا بہتر تھا ...

ارمیش کے آنسو جھرنے کی طرح متواتر بہہ رہے تھے ...

وہ بے بسی کی آخری انتہا کو چھو رہی تھی.. کہیں دل میں اگر اسکے لیے.. محبت کی رمک باقی تھی.. تو وہ شاید آج دم توڑ جاتی.. اور اسکے بعد ان دونوں کے درمیان صرف نفرت کا رشتہ رہ جاتا ....

وہ اسے ایک روم میں لے آیا تھا.. یہ ہوسپٹل بہت خوبصورت تھا.. اگر.. وہ اس غم کو اپنے ساتھ لے کر نہ آتی تو ضرور یہاں کی خوبصورتی.. سے چکا چوند رہ جاتی.. مگر.. اسکی اولاد چند گھنٹوں بعد اسکے وجود کا حصہ نہ رہتی.. اس سے برا... دکھ اور کیا ہو سکتا تھا ...

اور قاتل بھی باپ .....

یہ.. کیسا ستم تھا ....

وہ.. ہوسپٹل.. کے روم... میں.. سرخ.. چہرے... اور سوجی ہوئی.. آنکھوں سے.. سامنے.. کھڑے حیدر کو دیکھ رہی تھی.. جو ڈاکٹر سے بات کر رہا تھا..

مگر مجھے نہیں لگتا سر آپکی وائف اس چیز کے لیے تیار ہیں..." ڈاکٹر نے ارمیش کو دیکھتے ہوئے کہا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دیکھیے آپ سے مشورہ نہیں مانگا ہم نے... آپ کے علاوہ بھی بہت ڈاکٹر.. مل جائیں گے ہمیں.. تو بہتر.. یہ ہی ہے.. آپ.. چپ چاپ اپنا کام کریں" وہ اپنے مخصوص اڑیل لہجے میں بولتا.. ارمیش.. کے دل کو کئ ٹکڑوں میں تقسیم کر گیا ...

اسنے ہار مان لی. دل ہی دل میں... اپنے بچے کے آگے ہاتھ جوڑ.. کر.. معافیاں مانگیں کے وہ بے بس تھی ....

اسنے بے دردی سے... اپنے آنسو صاف کیے یہ آخری بار تھا بس... اور پھر نرس نے... اسے بیڈ پر لیٹایا ...

جبکہ حیدر ایک نظر... دیکھ کر باہر نکل گیا ...

ڈاکٹر نے اسے اپنے روم میں آنے کو کہا ....

تو وہ.. بے زار سا.. اسکے روم میں چلا گیا ....

آئیں حیدر صاحب پلیز بیٹھیں" ڈاکٹر نے اسے.. کرسی کی طرف اشارہ کر کے کہا ..

میڈیم آپ کیا چاہتی ہیں" حیدر کو اب غصہ آنے لگا ...

سر پلیز... میں آپ سے تھوڑی سی بات کرنا چاہتی ہوں... اگر.. آپ کو ٹھیک لگے.. تو

بات کریں جلدی" حیدر نے اسکی بات کاٹ دی ...

دیکھیں سر.. آپکو یہ نہیں چاہیے... بٹ سچویشن ایسی ہے.. کہ اگر میں نے.. یہ کام کیا تو آپکی بیوی... پوری عمر کے لیے شاید دوبارہ ماں نہ بنے" ڈاکٹر نے تحمل سے اسے سمجھایا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حیدر ایک پل کے لیے چونکہ... کچھ ہی سیکینڈز میں اسکی چہرے پر.. معمولی سا پسینہ ایا ...

اور پھر بس چند لمہوں بعد وہ نارمل ہو گیا ...

یہ آپکا مسلہ نہیں.. اپکو کس خوشی میں ہمدردی ہو رہی ہے" وہ غصے سے بولا.. تو ڈاکٹر تاسف سے اسے دیکھنے لگی ..

اگر آپکو یہ بچہ نہیں چاہیے تو آپ.. کسی اور کو یہ بچہ دے سکتے ہیں.. جیسے ہی آپکی وائف کے نو ماہ پورے ہوں گے فل سیکیورٹی کے ساتھ... ہم یہ کام کر لیں گے"... ڈاکٹر اصل بات پر ائ

آپ چاہتی کیا ہیں میں کسی دوسرے ہسپتال چلا جاوٴ گا ....

آپ سے صرف یہ کہا ہے مجھے یہ بچہ نہیں چاہیے... پھر مقصد فضول گوئ کا" وہ ہتھے سے اکھڑا.. تبھی دروازہ ایکدم کھل کر کوئ اندر آیا... تھا... اور اسکے قدموں میں بیٹھ گیا... وہ کوئ لڑکی تھی ...

پرانی سی چادر میں... وہ حولیے سے کافی.. بے بس لگ رہی تھی حیدر.. ایکدم اٹھا.. ڈاکٹر.. کی آنکھ نم ہوئ ..

در حقیقت... اس لڑکی کی ساس نے... اس کو دھکا دے کر.. اسکے.. چار ماہ کا بچہ مار دیا.. جبکہ اس لڑکی کا شوہر... بھی بیرون ملک تھا ...

اور اب دو ماہ گزر چکے تھے جبکہ وہ لڑکی دوبارہ ماں نہیں بن سکتی تھی.. تبھی وہ پیچھلے دو ماہ سے... ہسپتال کی دہلیز سے چمٹ کر رہ گئ تھی ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور جب حیدر کی بات.. غلطی سے ڈاکٹر نے اسکے سامنے رکھی.. تو.. وہ.. اس شخص کے پاوں پڑنے کو بھی تیار تھی.. اسکا شوہر بھی خاصا دکھی تھا اپنے بچے کے لیے جبکہ.. اسکی ساس نیم پاگل سی تھی ...

اور وہ دونوں ہی بچہ اڈوپٹ کرنا چاہتے تھے تبھی ڈاکٹر نے حیدر کے سامنے یہ بات رکھی تھی ..

خدا کے لیے.... مجھ پر رحم کھاو... میں ماں نہیں بن سکتی.. اللہ تمھیں بہت دے گا ....

مجھ سے یہ دکھ نہ سمبھالا جا رہا ..

وہ بچہ تمھیں نہیں چاہیے... قتل مت کروا سکا ....

مجھے دے دو... یقین مانو... سگی اولاد سے بڑھ کر چاہو گی ...

بس مجھے دے دو" ...

حور "

حیدر کے قدموں تلے زمین کھسک چکی تھی... یہ آواز... جس کے لیے.. دو سال سے وہ ترس رہا تھا ....

وہ اپنے ہی قدموں پر لڑکھڑایا تھا ...

لڑکی نے سر اٹھایا.... اسکی آنکھیں بری طرح سوجی ہوئیں تھیں... جبکہ.. چہرہ برسوں کا بیمار لگتا تھا... حور کے ہاتھ بھی جیسے وہیں تھم گئے ...

وہ دونوں ایک دوسرے کو ایسے تک رہے تھے.. جیسے.. پیاسا کنواں کو ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ڈاکٹر.. بھی نا سمجھی سے دیکھ رہی تھی دونوں کی ہی آنکھوں میں شناسائی کی رمک تھی ....

حیدر "حور کے لب بے آواز پھڑ پھڑ ائے...تھے

....................

حویلی میں دوپہر اتر چکی تھی ...

کالام کی فضا ویسی ہی تھی جب کے سب.. کام ویسے ہی چل رہے تھے.. ارمیش دو دن سے.. زنان خانے میں نہیں آئ تھی اگر تیسرے دن بھی نہ آتی تو.. تب بھی.. چاہ کر بھی کوئ نہیں پوچھتا ....

نین اپنے کمرے میں ہی تھی ...

جبکہ انوشے ...اور نیہا.. اپنے روم میں...باقی سب بھی کھانے کے بعد اپنے اپنے رومز میں تھے ...

نین کو جب محسوس ہوا کہ باہر کوئ نہیں.. تو.. وہ دروازہ کھول کر باہر آئ.. اور سناٹے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ تیزی سے مردان خانے کیطرف بڑھی تھی...خوشقسمتی ہی تھی کہ..وہاں پر بھی کوئ نہیں تھا...

وہ...احمر کے کمرے کیطرف بڑھی آج پھر اسنے بنا سوچے سمجھے ایک اور بڑا قدم اٹھایا تھا... جس کا معلوم نہیں کیا انجام ہونے والا تھا....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

وہ احمر کے کمرے میں آئی تو..وہ خالی تھا..اسنے کوفت سے سر جھٹکا خوف بھی محسوس ہوا زیادہ دیر وہ یہاں رک کر اپنے لیے عزاب نہیں کرنا چاہتی تھی.. تقریباً.. بیس منٹ بعد دروازہ کھلا...اور احمر مصروف سا کچھ ڈاکو منٹس دیکھتا اندر داخل ہوا..اور بیڈ پر...اپنا چہرہ نقاب میں چھپائے نین کو دیکھ کر

.اسے بری طرح جھٹکا لگا..دو دن بعد انکی رخصتی تھی...اور..اب ...

اسنے..دروازہ لوک کیا...کیونکہ باہر اب سب آ چکے تھے..اور ہال روم میں بیٹھ کر ہی..سب...اب..دا.جی سے گفتگو کرتے ....

آپ اتنی جزباتی کیوں ہیں" وہ اپنا غصہ دباتا...بولا ...

سنو چھوٹے...."وہ بغیر لحاظ کے اٹھی ...

احمر" احمر نے ناگواری سے ٹوکا ...

چھوٹے" وہ پھر دوبادو ہوی...احمر کلس ہی گیا...مگر اب کچھ نہ بولا ....

میں یہاں ایک پل نہیں رہنا چاہتی ...

تم مجھے آج رات ہی..یہاں سے لے کر جارہے ہو.. سمجھے" وہ...اسکو خاموش دیکھ کر..تڑی...دینے لگی..

احمر تو غش کھا گیا ....

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپکا دماغ ٹھکانے پر نہیں.. حویلی کے علاوہ.. کہاں جائیں گے "وہ...کچھ نارمل سا ہوا.. اور..ڈر بھی لگا کہ کوئی آنہ جائے...اور اس سر پھری لڑکی پر غصہ الگ آرہا تھا..

میرا دماغ اب ٹھکانے پر آچکا ہے .....

مجھے یہاں نہیں رہنا.. کس قدر بے زمیرے ہو تم..ساری زندگی نانکے کے ٹکڑوں پر پلتے رہے اب..مجھے بھی یوں ہی رولنے کا ارادہ ہے تو سوچ ہے تمھاری "وہ چلائی...احمر اسے..دیکھ کر رہ گیا ...

وہ کسی کے دل کے ٹوٹنے کا احساس کیوں نہیں کرتی تھی ...

نہیں میں آپکو ایسی زندگی نہیں دوں گا.. مگر جلد بازی...غلط قدم ہے "احمر اب بھی پر سکون تھا جبکہ نین کو اسکا سکون زہر لگا ...

تم اگر مجھے یہاں سے نہ لے کر گئے تو.. میں بھاگ جاوں گی. مگر داجی کو خوش ہونے نہیں دے سکتی..انھوں نے حویلی کی لڑکیوں کو گاجر مولی سمجھ لیا ہے کہ..انکے حکم پر سر جھکا لیں..ایسی چوٹ دے کر جاوں گی کہ..یاد رکھیں گے "

وہ غصے سے سرخ ہوتی....اس وقت اپنے آپے میں نہیں لگ رہی تھی

نین آپ ہوش میں تو ہیں.. "احمر اسکے ارادے جان کر پریشان ہو اٹھا...اچانک ہی اسنے نین کو دونوں شانوں سے تھام کر جھنجھوڑا...تو نین کا حجاب کھل گیا...احمر وہیں تھم گیا..نین بھی جز بز ہوئی اور فوراً اس سے دور ہوی

بیہودہ انسان.. "وہ غصے سے...تپ اٹھی..احمر.دور ہوا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپ ایسا کچھ نہیں کریں گی "احمر نے کہا تو.. نین نے گھورا ...

تم مجھے نہیں روک سکتے.. یہ تو اب میں کروں گی.. اور دیکھتی ہوں کون مجھے روکتا ہے" وہ باہر نکلنے لگی ..

نین کیا ہو گیا ہے آپکو ...

اپکی یہ حرکتیں جانتیں ہیں آپکو کس مصیبت میں ڈال دیں گی" وہ... اسکا ہاتھ تھام گیا . ...

تمھیں میرے سر ڈال کر مصیبت تو ڈال دی.. اب.. جو میرا دل کرے گا میں وہ کروں گی.. میرا سکون برباد کر کے تم اور داجی سکھ سے جی لو گے تو.. یہ تمھارا وہم ہے......" وہ سنجیدگی سے کہتی.. اپنا ہاتھ چڑھا گئ ...

اتنا بھی برا نہیں ہوں میں نین" احمر... کے دل کو کچھ ہوا تھا.. دکھ الگ تھا.. کہ اس لڑکی کے پاس اسکے لیے گنجائش نہیں . ...

بے زمیر ضرور ہو... اور یہی بات تم سے نفرت دلاتی ہے..." وہ کہہ کر.. اسکا ہاتھ جھٹک کر.. وہاں سے نکلی... احمر ساکت تھا ....

اتنی نفرت... وہ تو.. اتنی محبت کرتا تھا اس سے.. کہ.. اسکی آنکھیں چیخ چیخ کر اسکے عشق کی گواہی دیں.. اور.. اسکے دل تک اسکی پکار پہنچ ہی نہیں رہی تھی.... اسنے... اپنے جزبات کو پرے دھکیل کر سب سے پہلے باہر دیکھا.... شکر تھا کہ ہال میں کوئ نہیں تھا.. مگر اسکو اپنے قدم من من بھاری لگے

....................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معاویہ داجی کے کہنے پر سامان.. لے آیا تھا.. اور وہی دینے.. وہ.. زنان خانے میں آیا.. تو... وہاں... تو کوئی نہیں تھا

اسے غصہ الگ آیا... تبھی وہاں سے نین گزری ...

ایک فولادی نظر معاویہ پر ڈال کر... وہ.. وہاں سے طوفان کیطرح گزر گی.. معاویہ.. تو.. اس ادا پر محظوظ بھی نہ ہو

سکا کہ.. اب.. وہ صرف لڑکی نہیں تھی احمر کی بیوی تھی ...

اسنے.. سامان وہیں پٹخا.. ساری رات داجی کی جان.. بہرام نے برباد کی.. اور صبح ابھی آنکھ بھی نہ کھلی تھی.. داجی

کے اڈرز آ گئے ..

وہ ابھی پلٹتا.. کہ کوئی گنگناتا.. ہوا... پیچھلے لون میں سے گزرا... معاویہ کو.. وہ گنگناہٹ.. بہت بھلی لگی مگر اگنور کرتا

ابھی وہ آگے بڑھتا.. کہ.. وہ جو بھی تھی ہال میں آ گی ...

اور اچانک معاویہ کو دیکھ کر.. اسکی چیخ نکل گی ...

معاویہ کے تیور بگڑے ....

ایک تو نیند بہت آ رہی تھی.. اوپر سے وہ کوئی بھوت تھا جو اسکو دیکھ کر چیخ ماری جاتی ..

اس سے پہلے وہ.. پری وہاں سے بھاگ اٹھتی.. معاویہ کی آواز نے اسکے قدم پکڑ لیے ...

نام کیا ہے تمھارا" وہ سنجیدہ سا بولا ...

انوشے... کا دم نکلنے لگا.. اسنے اچھی طرح خود کو دوپٹے سے ڈھانپ لیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کچھ پوچھا ہے میں نے زبان کرا ایے پر دی ہے" وہ پھر بولا.. مگر انوشے کے الفاظ حلق میں ہی دم توڑ رہے تھے

جبکہ.. خوف الگ تھا.. ویسے ہی وہ حویلی کے مردوں سے خوب ڈرتی تھی ...

بولتی ہو.. یہ.... تمھارا سر پھوڑوں" اسنے واس اٹھا کر.. انوشے پر جیسے ہی تانا ....

بڑی بڑی آنکھیں خوف سے پھیل گئیں جبکہ.. ان میں موٹے موٹے آنسو...ہاتھ کانپ اٹھے اور ہاتھوں کی

کپکپاہٹ نے... اسکے ہاتھ سے.. نقاب چھڑوادیا... معاویہ اس نوعمر کلی کو غور سے دیکھنے لگا ....

جس کے چہرے کا ہر نقش اپنی مثال آپ تھا ...

ماشاءاللہ " اچانک اسکے منہ سے نکلا ...

اور واس سائیڈ پر رکھ دیا... لبوں پر مسکراہٹ.. آ گئ ...

نام بتاو" مصنوعی بل ڈالے پوچھا.. خود سے خوف کھاتی وہ لڑکی اسے بہت اچھی لگی.. اندازا تو ہو گیا تھا کہ وہ انوشے

ہے.. کیونکہ.. نین سے چھوٹی.. وہی تھی.. اور.. حویلی کی سب سے چھوٹی.. لڑکی تھی.. اور اسکا چہرہ معصومیت چیخ

چیخ کر یہ بات کہہ رہی تھی کہ وہ وہی ہے ..

ان...نوشے " بمشکل بولی ...

اٹک کیوں رہی ہو" وہ غصہ کرتا اسکے نزدیک ہوا... انوشے نے قدم پیچھے لیے... رونا الگ آرہا تھا ..

وہ بچوں کیطرح ہونٹ نکال کر سسکنے لگی ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ عادت اس میں اور ارمیش میں ہی تھی ...

معاویہ " معاویہ نے اپنا تعارف کرایا.. انوشے نے چونک کر اسکو دیکھا ..

معاویہ محظوظ ہوا ....

اور پھر.. اسنے ارد گرد دیکھا.. اور.. اوپر دوڑ لگا دی جبکہ.. معاویہ ابھی اسے اپنی نظروں سے دور نہیں کرنا چاہتا تھا ...

مگر وہ جا چکی تھی ..

یہ بھی ٹھیک ہے.. بغل.. میں حسن پڑا تھا.. ہم شہر کے چکر لگا یے نہیں تھکتے "وہ... بڑبڑا کر سر پر ہاتھ مارتا ہوا..

مردان خانے کی جانب چلا گیا ..

.................

گاڑی تیزی سے.. کالام کے راستے پر سفر کر رہی تھی جبکہ ارمیش... خاموش بیٹھی تھی اور حیدر کے لبوں پر..

مسکراہٹ تھی مگر وہ مسکراہٹ بلکل بھی واضح نہیں تھی ...

آب سے گزرے پیچھلے چند گھنٹوں کو یاد کر کے.. اسکی... تکلیف کا احساس دوبالا ہو گیا تھا... اسے اپنا اپ جیسے اب بلکل بے کار لگا جیسے اسکی ضرورت اسکی.. اہمیت... کچھ نہیں تھی.. زندگی میں جینے کو.... پہلی بار اسنے لب کشائی کی...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

اپنے حق کے لیے وہ اسکے سامنے ڈٹی... جبکہ اسنے اسکو.. نئے سرے سے توڑ دیا... آج اسکے توڑنے میں بدلاو یہ.. تھا

کہ وہ آگ.. جو وہ چھپائے بیٹھا تھا اسکی رمق نہیں تھی ...

آج کسی کی چاہت کو پورا کر دینے کا.. جوش تھا ....

چند گھنٹے پہلے ....

جب... روم میں دوبارہ کوی ڈاکٹر یا... حیدر خود بھی نہ آیا.. تو.. وہ.. اٹھ کر.. روم سے باہر آ گئ ..

لوگوں کی بھیڑ میں وہ تنہا اسے ڈھونڈتی پھیر رہی تھی ..

کیا وہ اسے چھوڑ گیا تھا ..

مگر وہ کہاں گیا تھا.. وہ کیوں چلا گیا تھا ....

اسے راستہ سجھای نہیں دے رہا تھا

.. وہ کہاں جائے پہلے کبھی.. وہ.. یوں کب نکلی تھی گھر سے.. وہ سیدھی چلتی جا رہی تھی ..

ایک بار پھر آنسو نکل آئے تھے.. ہونٹ.. بھی نکلنے لگے تھے.. وہ اسقدر معصوم لگ رہی تھی.. کہ کوئ بھی اسپر فدا ہو جاتا.. مگر وہ شخص تو آنکھیں بند کیے ہوئے تھا ...

وہ.. چلتی چلتی باہر اگئ ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ... حیدر اب بھی نہیں دیکھا تھا.. ہوسپیٹل سے نکلتے ہی بہت بڑا لون تھا... وہ لون کے چار و اطراف دیکھنے لگی..

ابھی وہ.. بقائدہ رونا شروع کرتی کہ.. ایک کونے میں بنچ پر بیٹھے حیدر اور اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھی ایک لڑکی کو

دیکھ کر وہ وہیں ٹھر گئی ....

ستم پر ستم تھا .....

وہ حور تھی ....

حالانکہ پہلے کبھی اسکو دیکھا نہیں تھا... مگر حیدر کی آنکھیں.. گواہی دے گئیں تھیں .....

نہ جانے اسکے قدم کیسے انکی طرف خود بخود اٹھنے لگے ....

اور وہ حیدر کے سامنے جا کھڑی ہوئی... کسی گڑیا کی مانند جو... ریموٹ سے چلائی جائے ...

سفید چادر کے حوالے میں سندھر معصوم سا مکھڑا دیکھ.. حور... ایک پل کو.. چونکی ....

ارمیش یوں ہی کھڑی تھی ...

یہ... ہماری.. بیوی ہے ارمیش "اسنے کچھ اٹک کر اسکا تعارف کرایا ...

حور مسکرا دی ..

بہت پیاری ہے..." مگر مسکراہٹ میں جلن کا اثر واضح تھا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تم سے زیادہ نہیں۔"حیدر... نے اسکا ہاتھ تھاما.... حور نے حیرت سے ارمیش کو.. پھر حیدر کو دیکھا.. ارمیش اب بھی یوں ہی کھڑی تھی ..

تم ادھر بیٹھو ہم آتے ہیں"حیدر... نرمی سے کہہ کر.. حور کو لے کر.. کچھ فاصلے پر چلا گیا ...

ارمیش وہیں بیٹھ گئ.. اسکے کانوں میں حیدر کی آواز آرہی تھی ...

تم نے ہمارا انتظار نہیں کیا.. "وہ تڑپ کر بولا تھا ..

کیا تھا.. بہت کیا تھا مگر تم نہیں آئے"مقابل بھی شکوہ کناں تھا ...

اسنے انکی طرف نگاہ نہیں اٹھائ تھی.. وہ.. دل کی دھڑکنوں کا شور سن رہی تھی... جو اسے سمجھ آرہا تھا.. وہ حقیقت کے روپ میں نہیں دیکھنا چاہتی تھی ...

کچھ دیر.. وہاں سے آواز نہیں ای ...

برحال جو گزر گیا.. اسکو بدلہ نہیں جا سکتا... ہمارے راستے جدا ہیں صرف تمھاری وجہ سے...."وہ رکی کچھ دیر کے لیے ...

تم اپنی بیوی کے ساتھ خوش رہو..."اسکی پھر سے آواز آئ مگر آنسوؤں کے ساتھ ..

کس نے کہا ہے ہم خوش ہیں خوش ہوتے تو اپنے بچے کے ساتھ ایسا نہ کرتے دو سال... گزر گئے ہمیں اسی کشمکش میں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور تم ہمیں کہہ رہی ہو.. کہ اب تمھارے ملنے کے بعد بھی ہم پیچھے ہٹیں ناممکن.. ایسا کبھی نہیں ہو گا.. حور تم ہماری ہو" ..

ارمیش.. کا دم گھٹنے لگا.... کتنا پیار تھا اسے اس سے ..

کوئی.. اتنا... ظالم کیسے ہو سکتا ہے ....

کیا وہ اس سے دور نہیں جا سکتا تھا.. وہیں اسکے پاس کھڑے ہو کر.. وہ کسی ورق کی طرح.. اسکو پھاڑ رہا تھا... بے رحمی سے ...

تمھاری بیوی پاس ہی ہے" حور جزبز ہو کر بولی ...

وہ صرف بیوی ہے.. اور تم ہمارا چین سکون.. ہماری محبت.. ہمارا عشق ہو" حیدر.. کی آواز میں جان لیوا.... مان تھا...

یقینی طور پر حور کو.. اپنا آپ خوشقسمت لگا تھا ....

حیدر... ہم ایک نہیں ہو سکتے" وہ پھر بولی... ارمیش... نے اپنا سر دونوں ہاتھوں میں تھام لیا ....

اسے چکر آنے لگے تھے طبعیت... جیسے نڈھال ہو گئی تھی ...

ہم ایک ہو سکتے ہیں تم ہم پر سب چھوڑ دو...." وہ پھر بولا ..

میں ماں نہیں بن سکتی" حور جھنجھلای ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے فرق نہیں پڑتا...کیونکہ ہم باپ بن رہے ہیں...."یعنی فیصلہ ہو گیا تھا..اسکاڈر سامنے تھا..ارمیش نے سرخ آنکھیں کھولیں ....

ہاں ہمارا بچہ تمھارا بچہ ہی تو ہے... تم نے.. صرف ایک بچے کے لیے اپنا کیا حال کر لیا ....

تم ہی اسکی ماں ہو.... وہ ہمارا بچہ ہو گا" اسنے بڑی چاہت سے.. جیسے..اسکو. سکون اور ارمیش کو بے سکون کیا تھا ...

مگر تمھاری بیوی "حور.. بھی خود غرضی کی انتہا پر تھی ..

اسے کوئی مسلہ نہیں... فکر مت کرو" حیدر...کا لہجہ سرد تھا ...

حور نے شاید اسے بے یقینی سے دیکھا تھا..ارمیش..کو انکے قدموں کی چاپ..اپنے نزدیک محسوس ہوئی ...

اور..وہ دونوں اسکے..سامنے آکھڑے ہوئے ...

ارمیش کی نگاہ انکے ہاتھوں پر ٹھر گئی جو حیدر نے تھام رکھے تھے ....

خانم... یہ بچہ... ہمارا ہے..ہم اس کے بارے میں فیصلے کا پورا اختیار رکھتے ہیں... کوئی.مسلہ تو نہیں" اسنے پہلی بار..

اسسے سوال کیا تھا اسکی مرضی اپنا اختیار دیکھا کر پوچھی تھی ...

ارمیش نے حیدر کیطرف دیکھا ...

میں اپنا بچہ کسی..ایرے گیرے کو نہیں دوں گی سائیں ....

اس سے بہتر ہے..مروادیں آپ" وہ سنجیدگی سے ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

حیدر... حیرانگی سے.. اسکے لہجے کی مظبوطی.. اور اسکی اتنی زبان درازی دیکھنے لگا ....

حور نے طنزیہ نظریں حیدر پر ٹکائیں ..

اور حیدر کی مردانگی نے بھرپور جوش مارا تھا .....

اسکی محبوبہ کے سامنے اسکی بیوی نے اسکی ولیو ٹکے کی کر دی تھی ...

ایک لمحہ.. صرف ایک لمحہ لگا تھا... ارد گرد بیٹھے کئ لوگوں نے.. ارمیش کے منہ.. ہر چھاپ چھوڑ دینے والے طمانچے کی گونج سنی تھی.. مگر ارمیش اپنی جگہ سے ٹس مس نہیں ہوی ..

حور کو ایک گونا گو سکون ملا.. اسنے.. اسکی خامی.. پر ٹونٹ کیا تھا ...

خانم یقین مانو ہمیں یقین نہیں آرہا" حیدر نے اسکا.. منہ جکڑا.. ارمیش اسی طرح بے تاثر رہی ..

تمھیں تو ہم اچھے سے بتائیں گے" وہ اسکی آنکھوں کی بغاوت.. کو اگنور کرتا حور.. کی جانب لپکا جو اس سے جان چھڑا کر.. جا رہی تھی ..

حور..." حیدر بولا ...

ارمیش دھندلائ آنکھوں سے اسکو دیکھنے لگی ..

تمھاری بیوی نے میری بے عزتی کی ہے..." حور چیخی لوگ تماشہ دیکھ رہے تھے ...

وہ بچہ تمھارا ہے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ وعدہ ہے ہمارا.. اور اسنے جو کیا.. اسکا سبق... اسکو بہت سخت ملے گا.. تم پریشان مت ہو.. چلو ہم تمھیں گھر چھوڑ دیتے ہیں..." اسنے.. کہا.. تو... حور... اپنے زمیر.. کی جائز آواز کو دباتی بہت کچھ سوچتی.. حیدر کے ساتھ ہو لی.. جبکہ ارمیش نے.. اگلے ڈیڈ گھنٹے حیدر کا اسی بینچ پر بیٹھ کر انتظار کیا.. اس تھپڑ نے اسکا ہونٹ پھاڑ دیا تھا لوگ تاسف سے کچھ پل اسے دیکھ کر ادھر ادھر ہو لیے.. جبکہ وہ.. بے حس و حرکت تھی .

ڈیڈ گھنٹے بعد وہ اسے کھینچتا ہوا اپنے ساتھ گاڑی میں لے آیا ...

بہت زبان کھل گئ ہے

میری حور کو تانا دو گی.. تم تم... "بیٹھتے ساتھ ہی.. محاسبہ شروع ہو گیا تھا ...

اسنے.. دو تھپڑ مزید رکھ دیے.. ارمیش... یوں ہی بیٹھی رہی.. شاید اسکے جزبات مر چکے تھے.. اسے تکلیف نہیں ہو رہی تھی ....

وہ اپنی بھڑاس اسپر اچھے سے نکال کر.. اب باقی حساب گھر.. جا کر لینے پر وارن کرتا... کالام کے راستوں پر ہو لیا تھا ...

لیکن وہ شاید بے خبر تھا.. اب وہ... پرانی ارمیش کو دفن کر کے.. نئ ارمیش کو ساتھ لے جا رہا تھا ....

جو جلد ہی اسکی ہمتیں توڑ... دینے والی تھی... اسکو خبر ہونے تک ....

.....................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

احمر.. کونین کی دھمکی سے نہ چاہتے ہوئے بھی خوف آرہا تھا..

یہ تو اسے کچھ ہی دنوں میں پتہ چل گیا تھا کہ وہ شدید جزباتی لڑکی ہے.. اور اپنا کہا پورا کرنے کو کسی بھی حد تک جا سکتی ہے.. تبھی..وہ.. داجی کے کمرے کیطرف بڑھا.. اس سے پہلے... کوئی غلط قدم اسے داجی کی بندوق کا نشانہ بناتا... ایسا نہیں تھا..وہ.. کسی سے ڈرتا تھا... اس کی تربیت داجی نے کی تھی ...

اور... یہاں کوئی کسی سے ڈرتا نہیں تھا.. اپنی من مانی عام تھی مگر... داجی.. کا کنٹرول سوائے بہرام کے سب پر تھا ...

اسنے دروازہ کھٹکھٹایا ....

تو اندر سے.. اندر آنے کی اجازت ملی.. اور وہ اندر آگیا ....

سلام داجی" اسنے سلام کیا تو داجی نے.. اسکی جانب دیکھ کر سر ہلا کر سلام کا جواب دیا ...

وہ بہت کم انکے پاس آتا تھا ...

ان کے لیے.. یہ چونکنے کی بات تو تھی مگر.. انھیں اپنے تصورات پر کمال کنٹرول حاصل تھا ...

داجی... وہ میں" اسنے بولنا شروع کیا.. تو وہ.. ساری توجہ اسکی جانب مرکوز کر گئے ..

کیا کہنا چاہتے ہو خان.. کھل کر کھو.. عورتوں کی طرح اٹکنا نہیں سکھایا ہم نے تمھیں" وہ کڑے لہجے میں بولے تو اسنے تھوک نگلا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی میں رخصتی کے بعد... حویلی میں نہیں رہنا چاہتا ...

میں میں.. خود.. اپنے قدموں پر کچھ کرنا چاہتا ہوں.. اور نین خانم کو.. بھی ...

بس.." داجی.. کی دھاڑ پر وہ تقریباً اچھلا ہی تھا ...

آخر کو اسکو پالا تھا وہ جانتے تھے.. کون کیا ہے ...

کس کی زبان بول رہے.. ہو.. احمر خان.... اس بدزات کی اتنی جرت.. کے وہ مردان خانے میں تم سے ملنے.. اور یہ درس دینے پہنچ گئ" وہ چنگھاڑے.. احمر.. تو شا کڈ رہ گیا.. انھوں نے کتنا پرفیکٹ انداز لگایا تھا..

ایسا نہیں ہے داجی.. یہ میری اپنی خواہش ہے... مورے.. اور نین میری زمہداری ہیں اور میں.. انھیں نبھانا چاہتا ہوں" وہ مظبوط لہجے میں انکی بات کی نفی کرنے لگا..

تین سال کے تھے خان.. جب ہماری گود میں آئے ....

تب.. سے.. ہماری آنکھوں کے سامنے ہو... ہمیں یہاں رہنے والے ہر فرد کا پتہ ہے.. کہ وہ کتنے پانی میں ہے ...

آج سے پہلے تو نہ سوچا یہ سب... پھر آج یہ خیال اچانک.. آ گیا... احمر سائیں.. ہمارے ساتھ سیاست نہیں چلے گی.. اس گستاخ لڑکی.... کا ہم حشر بگاڑ دیں گے.." وہ غصے سے بولتے اٹھے ....

داجی.. داجی.. کہاں جا رہے ہیں" احمر پریشانی سے انکے پیچھے لپکا مگر انھیں روکنا اسکے بس میں نہ تھا ....

عظیم خان.." داجی.. مردان خانے کے ہال میں للکارے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جی...باباسائیں" وہ فوراً انکے قریب...ہوے ...

سن لو اپنی بیٹی..کے کرتوت ....

احمر خان کو..حویلی چھوڑنے پر اکسارہی ہے" وہ غرایے..رفتہ رفتہ سب ہی باہر نکل آیے..اور اس بات پر سب کے منہ کھل گئے ...

معاویہ کا دل کیا نین کو ٹروفی دے آئے..بھئ...کیا لڑکی تھی ...

مگر احمر..حویلی چھوڑتا یہ تو کسی کو منظور نہیں تھا ...

عظیم خان نے کچھ دیر خود پر قابو پانے کی کوشش کی اور پھر زنان خانے کیطرف..چل دیے داجی بھی ساتھ تھے..

جبکہ احمر...کو..اپنی سب سے بڑی غلطی کا احساس ہو گیا ...

اس سیلاب پر بندھ بس ایک انسان باندھ سکتا تھا...وہ بہرام کے کمرے کیطرف بڑھا.... جبکہ معاویہ بھی اسکے پیچھے ہوا..

...............

نین خانم کو بولاو....پوچھ ہی لیں اس سے اتنی پنچ تربیت کی ہے..تم نے..اسکی...خانم کے وہ مردان خانے میں منہ اٹھا کر..پہنچ جاتی ہے...اور احمر خان کو حویلی چھوڑنے پر اکسارہی ہے" عظیم خان...اپنی بیوی..پر دھاڑے..شاید



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ان سب کا زور بس اپنی عورتوں پر چلتا تھا.. جبکہ وہ سب مرد ایک دوسرے کے لیے لڑنے مرنے تک کو تیار تھے ...

انوشے اور نیہا.. تو کچن کی اوٹ میں چھپ گئیں آج پھر نین کی وجہ سے عدالت لگی ہوی تھی باقی.. سب بھی حیران حونک تھیں.. جبکہ پھوپھو... کی آنکھ نم ہوئی تھی ...

بی جان بھی ورطہ حیرت تھیں ...

داجی کے حکم پر درخنے... نین کے کمرے کیطرف دوڑی.. آج.. وہ اس لڑکی کا دماغ درست کر دینا چاہتے تھے ..

درخنے کو پریشان حال دیکھ کر.. نین کو جو خود بھی دروازے سے کان لگائے سن رہی تھی..ڈر.. گئی...نہ جانے کیا ہونے والا تھا.. احمر کو تو وہ کچا چبا جائے گی اگر وہ زندہ بچی تو ..

خود کو چادر میں ڈھانپ کر.. وہ سستی سے.. نیچے آئی ....

اور... خوف سے لرزتے ہوئے... اپنے باپ دادا کو دیکھا.. جو... اسکو مار دینے کے درپر تھے ...

تمھاری اتنی جرت.. خانم.. اس عمر میں میرے پگڑی کا خیال بھی بلا یے تاق رکھ دیا ہے تم نے" عظیم. خان.. چلائے.. تو نین ایک پل کو سہم گئی.. مگر.. پھر اسکے اندر چھپی باغی لڑکی نے انگڑائی لی ...

آپ نے.. باباسائیں ہونے کا حق ادا کیا تھا...." وہ... سرخ آنکھوں سے.. انھیں دیکھتی بولی... تو عظیم خان اپنا آپا کھوتے.. اسپر جھپٹتے کے احمر بیچ میں آگیا.. نین.. نے.. اسکی قمیض کو پیچھے سے جکڑ لیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ڈر.. گئ تھی ..

بیوی ہیں یہ میری.. اور کوئ انپر ہاتھ اٹھانے کا حق نہیں رکھتا ....

"وہ اٹل لہجے میں بولا.. تو.. عظیم خان سمیت داجی نے بھی اسے گھورا ...

تم.. ہمارے سامنے.. زبان درازی کرو گے" داجی... نے احمر کا گریبان پکڑا... جو... سر جھکا گیا تھا کہ داجی کے سامنے..

وہ بد تمیزی نہیں کرنا چاہتا تھا.. مگر نین کو.. بیچ چوھرا یے پر چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا ...

داجی..." بہرام... نے انھیں پکارا.. داجی احمر کی اس چلاکی پر.. بل کھا کر رہ گیے جبکہ. اسکا گریبان چھوڑنے پر.. احمر

کے لب معمولی سے مسکرایئے.. جسے داجی نے کھا جانے والی نظروں سے دیکھا ...

اور مڑ... کر... بہرام کو.. دیکھا.. جو... رف سے.. ٹراوزر شرٹ.. میں. معاویہ کے ساتھ کھڑا تھا ...

یار آپکو میری نیند پیاری نہیں ہے" وہ چیڑ تا ہوا بولا ...

یہ تم سب لوگ زنان خانے میں کیا کر رہے ہو" داجی نے.. باقی سب کو گھورا.. اور پھر احمر کو بھی جو... نین کا ہاتھ

چھوڑ کر.. وہاں سے نکلتا چلا گیا ...

بہرام اب بھی تیور بگاڑے وہیں کھڑا تھا ....

دادا کی جان.. جاو سو جاو..." انھوں نے.. اسکے ماتھے پر بوسہ دیا.. تو... وہ بھی.. وہاں سے چلا گیا.. جبکہ ایک سخت نظر

نین پر ڈال کر وہ وہاں سے نکل گیئے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عظیم خان بھی.. وہاں سے نکل آئے جبکہ بی جان نے ...

نین.. کو پکڑا.. اور اپنے کمرے میں لے گئیں ...

جبکہ اسکی نظر اپنی روتی ہوئی مورے پر تھی جن کو باقی سب سنبھال رہے تھے ..

آج اسے دکھ ہوا تھا.... اسکی وجہ سے... اسکی مورے کو کیا سنا پڑا... تھا ..

..................

رات گئے نیند پوری کر کے وہ اٹھا ....

اور.. انٹرکام پریس کیا.. تو منیب کمرے میں آیا . ...

سائیں کھانے کو لاؤ کچھ "اسنے پوچھا ..

ہاں کھانا داجی کے کمرے میں لگا دو وہیں کھاؤ گا. "اسنے کہا تو منیب وہاں سے چلا گیا.. جبکہ.. اسنے معاویہ کو میسیج کیا ...

رات چلنے کا" اور آٹھ کر.. نیک سیک سے تیار ہو کر.. وہ.. پندرہ بیس منٹ میں.. داجی کے کمرے میں تھا ..

بغیر اجازت طلب کیے.. وہ اندر داخل ہوا... تو.. داجی نے مسکرا کر اسکو دیکھا ..

آو.. میرے شہزادے.. "انھوں نے... دونوں بازو پھیلائے.. تو... بہرام ان میں سما گیا.. جبکہ اسی وقت.. دروازہ نوک کر کے معاویہ بھی اندر آیا.. اور مسکرا کر.. انکو سلام کیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی میرے اکاونٹس خالی ہیں" بہرام ..نے کہا.. تو داجی نے. حیرت سے اسے دیکھا.. ابھی کچھ دن پھیلے.. تو..

پچاس لاکھ ٹرانسفر کرا ے تھے مگر... کوی سوال کیے بغیر انھوں نے.. اپنے خاص آدمی کو.. فون گھمایا ...

بہرام.. خان کے اکاونٹ میں.. ایک کروڑ ...

نہیں دو" وہ بیچ میں بولا... تو داجی... کا سیر وخون بھڑا... اپنی بات تو وہ جیسے ڈنکے کی چوٹ پر منواتا تھا ...

تین کروڑ ٹرانسفر کر دو" انھوں نے کہا تو... وہ خوشی سے انکی طرف دیکھنے لگا ..

جیو سرکار" وہ اپنے مخصوص لہجے میں داد دینے لگا ...

تو دونوں ہی کھل کر ہنسے ...

داجی یہ. کرم نوازی کبھی ہم پر بھی کر دیا.. کریں" وہ شکواہ کرنے لگا ...

معاویہ سائیں... محنت کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے.. کر کے.. دیکھو زرا" داجی نے.. کہا تو.. معاویہ اس دہرا ئے پر منہ بسورے لگا ..

ہاں..جی اس..نے تو.. سارے محنت کے پیڑ لگائے ہوئے ہیں"

یو جیلس" بہرام کا قہقہ داجی کے سینے میں ڈھنڈ ڈال گیا . ...

جبکہ معاویہ نے..منہ پر ہاتھ پھیرہ ...

خان.... ایک جلسہ کرنا ہے.... شہزادے کچھ وقت دو" داجی کچھ یاد آنے پر بولے.. بہرام منہ بسور گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میرا بچہ..بس..دو گھنٹے کی تو بات ہے..سب تیار ہے.بس تم نے بولنا ہے...میری جان دادا کے لیے.."وہ اسکو ایسے پچکار رہے تھے..جیسے وہ.کوئی..دو سالا کا بچہ ہو .....

بہرام..نے..حامی بھر..دی ...

کب..ہے"

پرسو"انھوں نے کہا..تو وہ سر ہلا گیا..

چلو معاویہ سائیں آج پھر جلدی انا پڑے گا..نیند بھی پوری کرنی ہے.ورنہ دن کو ہم سوتے رہ جائیں گے..داجی کے جلسے کا کیا بنے گا"وہ ہنستا ہوا اٹھا..

کھانا تو کھاو.."داجی نے ٹوکا..

نہیں داجی....ہم اپنے سرکار کے ہاتھوں کھائیں گے"وہ آنکھ دباتا...باہر نکلا جبکہ..داجی کا چہرہ اچانک سنجیدہ ہوا..

معاویہ بھی پل میں نکلا کبھی اس سے سوال جواب نہ شروع ہو جائیں ...

..................

ایک بار پھر اسی..طرح...گاڑی..اس کے گھر کے سامنے روکے..وہ...شراب کی بوتل لبوں سے لگائے..سرخ آنکھوں سے..اس چھوٹے سے گھر کو دیکھ رہا تھا..

معاویہ سائیں لگتا ہے.سرکار ڈر گئے ہیں"وہ سنجیدگی سے بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معاویہ..نے اسکیطرف دیکھا ...

اس سے کیا فرق پڑتا ہے "وہ شانے اچکا گیا..اتنا تو معلوم ہو ہی گیا تھا..کہ وہ.رپیوٹر کے پیچھے پڑا ہے..مگر اس کے دل کی بے چینی تک ابھی نہیں پہنچ پایا تھا..کہ اسے..یہ سب فلرٹ لگ رہا تھا ...

ایسے نہیں سائیں مزاہ نہیں آتا جبکہ تک...وہ ٹکر کا مقابلہ نہ کریں" وہ آب بھی سنجیدہ تھا ...

اوو بھائی..میں کلب جا رہا ہوں..جب تو.اپنے..سرکار سے فارغ ہو جائے تب..بتا دینا "..

معاویہ عاجز آیا ..

بیٹے گاڑی..یہیں چھوڑ پیدل چلا جا" بہرام بھی آخر بہرام تھا ..

بوتل اسپر اچھال کر وہ چابی نکالتا... آگے بڑھ گیا جبکہ معاویہ اسے پیچھے سے زبردست گالیوں سے نواز رہا تھا ...

پھر اسی طرح چوروں کے مافق..وہ..عابیر کے گھر میں گھس آیا ...

اور..دوبارہ...انھیں راستوں سے ہوتے ...

وہ اس کمرے تک..اور پھر اس بیڈ تک پہنچا...مگر..وہ بیڈ خالی تھا ...

مکھن واقع ڈر گیا ہے" وہ محظوظ ہوا..اور دوسرے بیڈ پر دیکھا جہاں...کوئی نہیں تھا..اسے کچھ گڑبڑ کا احساس ہوا ...

تو وہ دوسرے کمرے میں گیا..جہاں..وہی سنگل بیڈ تھا..اور دو لوگ تھے..پھر عابیر کہاں تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسی کشمکش میں دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسنے پورا گھر چھان مارا.. میٹر شاٹ ہونے لگا.. اور... وہ دندناتا ہوا... اس کمرے میں گھس گیا. اور سوئچ بورڈ پر ہاتھ مارا .....

تو کمرے میں روشنی پھیل گئ ..

سب سے پہلے اکبر صاحب کی آنکھ کھلی.. اور اس سے پہلے وہ سمبھلتے.. اسنے انکا گریبان جکڑ لیا

.. کون ہو تم" وہ خوف زدہ ہوے ..

تیری بیٹی کا یار.... کہاں ہے وہ.. جلدی بول" وہ بنا لحاظ کے اپنا آپا کھو چکا تھا.. اکبر صاحب.. حیران و پریشان.. سے اس نوجوان.. سرخ آنکھوں والے لڑکے کو دیکھنے لگا ...

عابیر کہاں ہے" وہ چلایا.. تو.. مقابل لیٹی عورت بھی اٹھ گی.. اور حیرت اور خوف سے اسکی چیخ نکل گی جس پر بہرام نے توجہ نہ.. دی ..

وہ. اپنی. نانی کے گھر ہے. پیچھلے ایک ہفتے سے" اکبر صاحب نے.. اسے بتایا.. تو. وہ انھیں جھٹک کر.. سر میں ہاتھ پھیر کر رہ گیا ..

سن میری بات.... اسے فورا.. بولا..... کل اگر.. عابیر یہاں نہ ہوئ.. تو اس پوری صابن دانی میں آگ لگا دوں گا.. سمھجا" اسے جھٹکا دے کر.. وہ.. پلٹا.. جب وہ ہی نہیں تھی تو وہ اس گھر میں کیا کرتا.. وہ پلٹ گیا.. مگر ابھی کا لام جانے کا ارادہ نہیں تھا.. جب تک وہ اس سے مل نہ لیتا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ اکبر.. صاحب...نے فورا...پریشانی سے..عابیر کو فون ملایا تھا.. جبکہ.. ممارو نے لگی تھی کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کیا ہو رہا ہے ..

اور اس پہیلی کو عابیر ہی حل کر سکتی تھی .......

......................

تھینکیو معاذ "عابیر نے مدھم سی سمائل دی تو.. معاز نے دل پر ہاتھ رکھا ..

تم پریشان تھی تو میں کیسے نہ تمھاری پریشانی ختم کرتا ...

اوپر سے تم شیئر بھی نہیں کرتی پھر مجھے لگا تم فیڈپ ہو اسی لیے تمھاری چھٹیاں لے کر.. میں تمھیں یہاں لے آیا"

اسنے تفصیلی کہا تو عابیر کو وہ رات یاد آگی.. جسے وہ سوچنا نہیں چاہتی تھی ..

اس دن کے بعد اسکی طبعیت پریشانی لے لے کر کافی خراب ہو گئ تھی اور جب معاذ کو پتہ چلا تو.. وہ اسے.. نانی کے گھر لے آیا ...

یہاں پر سکون ہوں میں "اسنے جیسے.. لہلہاتے درختوں کی ٹھنڈک کو محسوس کیا ..

میں بھی "معاذ.. نے گھمبیر لہجے میں کہا.. تو.. عابیر اسکو ایک نظر دیکھ کر رکھ پھیر گئ ..

تبھی اسکا فون بجا ..

بابا نے اس وقت کیوں کال کی "اسنے جلدی سے فون پیک کیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ریہا.. اور تم کل فوراگھر او" انھوں نے سخت لہجے میں کہا..

بابا" وہ توانکے سخت لہجے پر حیران تھی.. کہ انھوں نے اگلی بات سنے بغیر فون بند کر دیا ..

کیاہوا" معاذ نے پوچھا ..

پتہ نہیں.. بابا" وہ.. پریشانی سے موبائل دیکھنے لگی... آنکھیں بھی بھیگ گئیں تھیں ایساپہلے کبھی نہیں ہوا تھا

ریلکس.. میں کل تمھیں وہاں چھوڑ دو گا.. جاو سو جاو" اسنے تسلی دی تو وہ سر ہلاتی چلی گئ مگر ساری رات نیند نہیں آنی تھی وہ جانتی تھی

اسکی آنکھ کھلی تو کمرے میں حیدر کی آواز گونج رہی تھی ...

تم کس چیز کی فکر کر رہی ہو جب ہم ہیں تمھارے ساتھ... تو کچھ نہیں ہو سکتا... بس... تم.. کچھ دن ریسٹ کرو... تمھارے ماں باپ نے تمھارے ساتھ زیادتی کی ہے ...

اگر کوئ اور ہوتا تو بچتا نہ ہم سے ....

ابھی تمھیں... آرام کی ضرورت ہے.... باقی ساری فکریں مجھے دے دو.. میں جانتا ہوں آگے کیا کرنا ہے..." وہ اسے تسلی دے رہا تھا.. مگر ارمیش کو.. اتنا سا بھی فرق نہیں پڑا... وہ... اٹھی اور بال باندھ.. کر... واشروم کی جانب بڑھ گئ.. حیدر نے چونک کر اسکیطرف دیکھا.. حیدر کی اجازت کے بغیر تو اسے بستر سے اٹھنے کی... اجازت تھی ہی نہیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں حور ہم نے پیسے بھی بھجا دیے ہیں... کیوں رو رہی ہو.. اب.. یار.. "اسنے.. ارمیش.. پر دو حرف بول کر حور پر توجہ دی ...

ہم کمرے میں ہوں" مسکرا کف بتایا گیا.. تب تک ارمیش بھی ہاتھ منہ دھو کر آ گی تھی.. اور اب.. ڈریسر کے سامنے کھڑی اپنے لمبے بالوں کی چوٹیا کھول رہی تھی ....

حیدر.. اسکے لمبے بالوں کو دیکھ رہا تھا.. جو سنہری ہونے کے ساتھ ساتھ ریشم کی مانند تھے... اور کمر سے.. نیچے تک جاتے تھے ...

ہم ہاں" چونک کر وہ پھر فون کیطرف متوجہ ہوا.. ارمیش نے.. اسپر.. ایک غلط نظر ڈالنا بھی گورا نہیں کیا ... بال بنا کر.. اسنے تھوڑا سا میکپ کیا.. آج اسکی ہر ادا حیدر کو پیچھلے دنوں سے الگ لگی.. وہ کبھی میکپ نہیں کرتی تھی.

لباس بھی.. خوبصورت زیب تن کیا ہوا تھا جبکہ اب وہ چوڑیاں چڑھا رہی تھی... جبکہ چہرے... کے تصورات پر.. سکوت تھا ...

ایسا سکوت جیسے... مرنے کے بعد.... چہرہ.. بے حس بے رحم نظر آتا ہو... جو دوسروں کے لیے.. کچھ نہ کرنے کی رعایت نہ رکھتا ہو ...

اوکے ہم.. شہر.. کے لیے.. پندرہ منٹ میں نکلیں گے" اسنے کہ کر فون بند کیا.. جبکہ حور ابھی بول رہی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اٹھا.. اور اسکے پیچھے جا کھڑا ہوا ...

کل مارے گئے تھپیڑوں کے نشان کو اسنے میکپ سے چھپا لیا تھا ...

حیدر کے پیچھے کھڑے ہونے پر نہ اسکے چہرے پر شرم تھی نہ.. خوف.. نہ اسکی.. پلکیں گیرنے اٹھنے لگیں تھیں ...

حیدر.. کو یہ سب.. بہت برا لگا.. تبھی.. اسنے.. ارمیش کی سرخ چوڑیوں سے سجی کلائی.. کو.. پکڑ کر اسکی کمر پر لگا دیا

جبکہ چہرے پر حد سے زیادہ سختی تھی ..

خانم نکھرے کس بات کے..."وہ پھنکارہ ارمیش سر جھکایے کھری رہی.. اسکی کلائی میں چوڑیاں ٹوٹ کر چبھنے لگیں تھی گر چہرے پر معمولی سا بھی تکلیف کا انصر نہ تھا.. حیدر اسکو گھور تا رہا.. کلائی کو مزید موڑ دیا.. ارمیش کو لگا.. اسکا.. ہاتھ ٹوٹ جائے گا ...

بے تاثر چہرے پر.. آنسوں نے لکیر باندھ لی ...

جبکہ پلکیں جھکیں ہوئیں تھیں ...

جو ہو وہی رہو... حور سے تو ہم شادی کریں گے... مگر تمھیں.. چھوڑنے کا سوال نہیں ہے... حور.. ہمارا مسلہ ہے.. اور ہم تمھارے... آج کے بعد یہ ادائیں دکھائیں تو ہم. پہلے ہی بہت برے ہیں یاد ہو گا تمھیں.."اسنے جھٹکے سے اسکو چھوڑا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش..نے اپنی زخمی کلائی..کو بس ایک نظر دیکھا..اور دوپٹہ درست کر کے...وہ..چپ چاپ باہر کی جانب ہولی

....

حیدر کا خون کھول اٹھا..اس سے پے وہ کمرے سے نکلی تھی..اسکی بات کا جواب نہیں دیا تھا..تیار وہ کس کے لیے ہوئی تھی ج.ایک نظر بھی اسکیطرف نہیں دیکھ رہی تھی ..

وہ اپنی شامت کو خود بولا رہی تھی ...

حیدر نے..حور کو سوچتے ہوئے...ارمیش...کو بعد پر ڈال کر وہ تیار ہونے چل دیا ....

حور سے ملنے کی خوشی نے جلد ہی ارمیش کو بھلا دیا تھا ...

.......................

ساری رات گاڑی میں گزار دی تھی معاویہ تو سو گیا تھا جبکہ وہ پوری رات...ڈرنک کرتا رہا...اسکی غیر موجودگی نے...دل و دماغ کو جیسے جلتی بھٹی میں سلگا دیا تھا ...

دن کا سورج پہلی بار اپنی آنکھ سے نکلتا دیکھا...پھر..آہستہ اہستہ یہ جان لیوا وقت گزرتا رہا....اور...دوپہر ہونے کو آئی..کالام میں تو یہ موسم اتنا....شدید نہیں لگتا تھا..جتنا شہر میں آکر گرمی کا احساس ہوا..ویسے اس انسان کو..پتہ بھی کیسے چلتا..جو راتوں کو جاگ کر پورا دن..اپنی نیند پوری کرتا ہو ...

وقت سرکتا جا رہا تھا..اسکے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ساری بوتلیں جو اسکی گاڑی میں تھیں وہ بھی ختم ہو گئ تھی ...

اسکا دماغ بھنا چکا تھا.. معاویہ کو سکون سے سوتا دیکھ.. اسنے.. اسکے بازو پر زور سے مکہ.. مارا.. تو وہ بلبلا کر اٹھ گیا...

.

یہاں.. سونے کے لیے ساتھ لایا تھا" بہرام نے سنجیدگی سے پوچھا.. اسکی آنکھوں میں پوری رات جاگنے کا خمار تھا..

جبکہ لہجہ... معمولی س لڑکھڑا رہا تھا.. اور یہ پہلی بار ہی تھا شاید کے وہ.. ڈرنک کی اس قدر مقدار کے بعد.. لڑکھڑا رہا

تھا. مگر حواس اب بھی قابو تھے......

معاویہ نے.. منہ پر ہاتھ پھیرہ اور الرٹ ہوا... معملہ تو حد سے زیادہ ہی سیریس لگ رہا تھا ..

تم.. سوئے نہیں..." اسنے سوال کیا... بہرام نے جواب نہ دیا ..

چلو" وہ گن نکال.. کر... گاڑی سے اترا ...

بہرام.. مسلہ کیا ہے بتاوگے" معاویہ اسکے پیچھے ہوا ...

وہ غائب ہے گھر پر نہیں ہے کہاں ہے وہ... نہیں پتا مجھے ....

اور جب وہ میری نظروں سے دور ہے میں سکون سے کیسے سو جاو...." وہ چلایا .. ...

معاویہ نے اسکا بازو پکڑنا چاہا... مگر.. اسنے.. ہاتھ جھٹکا.. اور.. دوبارہ اس گھر میں داخل ہو گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دروازہ اندر سے.. لوک تھا... بہرام.. کا چہرہ سرخ ہو گیا.. اور اسنے.. لاتے.. مار مار کر.. اس دروازے کو توڑنے کا احد کر لیا.. معاویہ کو سمجھ نہیں آرہا تھا کیسے روکے اسے.. ماحلے کے لوگ بھی جمع ہونے شروع ہو گئے.. چیما گویاں شروع ہو گئیں تھیں.. تبھی دروازہ کھلا ...

اکبر صاحب کے رونگ اڑ چکے تھے.. ماحلے میں بدنامی... الگ تھی ..

کہاں ہے تیری بیٹی بول جلدی "اسنے اسکا گریبان پکڑ جر جھنجھوڑ ڈالا ...

وہ وہ.. آرہی ہے "اکبر صاحب بولے تو.. وہ سر ہلا کر انھیں جھٹک گیا ...

لوگ گھر میں جمع ہو رہے تھے ...

اکبر صاحب کی بیگم.. کا رو رو کر برا حال تھا جبکہ وہ.. خود بھی پریشان حال تھے ....

بہرام.. نے اب لوگوں پر توجہ دی تو.. بلا دھڑک.. اوپر ہاتھ کر کے... فائر کھول دیے ...

گالی سالون نکلو یہاں سے "وہ دھاڑا.. لوگ.. باہر نکلے جبکہ خواتین کی سرگوشیاں سنے لائق تھی ...

لگتا ہے بیٹی کا معملہ ہے ہائے توبہ.. کسی کی ایسی اولاد نہ ہو ....

خاک ڈلوادی باپ کے سر پر "اکبر صاحب کے لیے یہ سب جان لیوا تھا جبکہ بہرام سمیت معاویہ کو بھی.. رتی بھی فرق نہ پڑا ...

وہ اندر لاونج میں صوفے پر ٹانک پر ٹانک رکھ کر بیٹھ گیا.. بے چینی الگ تھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کچھ دیر مزید انتظار کی سولی پر لٹکا پڑا ...

اور.. دروازہ بجا.. بہرام یون ہی مٹھی بھینچے بیٹھا رہا.. جبکہ معاویہ بھی بیتھا تھا ...

کچھ ہی دیر میں اسکی آواز سنائی دی.. جبکہ اسکے.. ساتھ کوئی لڑکا بھی تھا.. لونج سے باہر صحن کا منظر نظر آ رہا تھا..

عابیر نے ماں باپ کو دیکھا.. دونوں کی ہی آنکھیں نم تھیں ...

تمھارا عاشق آیا ہے" مما کی انگاریں چباتی آواز پر وہ چونکی.. اور پھر سب سمجھ آنے لگا.. معاذ حیران سا... دیکھ رہا تھا.. جبکہ ریہا.. بھی.. ایسے ہی دیکھ رہی تھی ..

وہ دونوں آگے سے ہٹے جبکہ عابیر کو وہ سودے پر پوری شان سے بیٹھا دیکھا.... اسکے پاوں کانپے تھے ....

.........................

وہ ایک لمحے کہ لیے سن رہ گئی مگر اگلا لمحہ.. اسکا.. دماغ گھوما.. اور وہ سیدھا.. لاونج کیطرف بڑھی ...

سب اسکے پیچھے تھے ..

یہ کیا تماشہ ہے..."وہ.. بولی.. بہرام کے اندر تک سکون اتر گیا.. پیستل سائیڈ پر اچھال کر.. وہ... دلنشین آنکھوں سے... اسے تکنے لگا... جبکہ اسکے پیچھے معاز بھی تھا ..

عابیر.. کون ہے یہ" معاذ نے پوچھا... جبکہ بہرام.. نے اسکی جانب دیکھا ...

چہرے پر خرکتگی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خاموش.... مزید بولا.. تو اگلا سانس لینے قابل نہیں رہے گا ...

معاویہ سائیں.. زرا.. تنہائی میسر ہو گی یا یوں ہی کھڑے رہنا ہے آپ نے "

حضور بندہ حاضر.. مگر.. خان ایک وعدہ بنتا ہے..." معاویہ اور وہ ایک دوسرے سے.. ایسے بات کر.. رہے تھے جیسے وہاں کوئی نہ ہو ...

جبکہ سب.. حیران کھڑے تھے ...

کیسا وعدہ" بہرام بے گھورا ..

خان.. ہماری بھی ملاقات ہونی چاہیے ...

منگنی ہو گئی پتہ بھی نہیں لگتا کے منگنی شدہ ہیں" وہ منہ بسورنے لگا ..

سالے تو ویسے بھی.. اپنا پورا کرلیتا ہے..." بہرام نے.. کہا تو وہ ہنس دیا ..

چلو.. بھئی. ہمارے خان کو تنہائی چاہیے" معاویہ نے سب کو باہر چلنے کا کہا ...

کیا بکواس ہے" معاذ دھاڑا ..

ابے اوئے... یہ پاگل ہے جنگلی ہے.. تجھے کاٹ لیا تو.. سولہ ٹیکے.. بھی کم.. لگتے ہوں گے ڈائریکٹ.. اللہ کے پاس پہنچے گا.. زیادہ نہ بول. بھائی.. چل باہر چل" معاویہ نے گن اٹھا کر اسپر تانی ...

میری بیٹی..." اکبر صاحب.. نے معاویہ کے دھکا دینے ہر دھای دی.. عابیر.. کی آنکھیں نم ہو گئیں ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ سب کیا کر رہے ہو گم" معاویہ ان سب کو دھکا دے کر باہر لے جا رہا تھا جبکہ عابیر کا دم نکل رہا تھا ..

میری بھولی چڑیا... یہ سب تم نے کیا ہے اگر تم نہ جاتی تو میں بھی ایسا قدم نہ اٹھتا.." مسکرا کے وہ شانے اچکا گیا جبکہ عابیر کا ضبط کھو رہا تھا ...

چاہتے کیا ہو تم" اسکے لہجے کی معمولی سی بے بسی اسے بہت پسند آئی ...

سرکار... ہم صرف. آپکو چاہتے ہیں... آپکے سوا چاہ کیسے سکتے ہیں" وہ اسکے نزدیک ہوا.. عام سے لباس میں اسکا چہرہ دمک رہا تھا ....

جبکہ عابیر اس سے دور ہوی.. اسے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا یہ سب کیا ہو رہا ہے اسکے باپ.. اور منگیتر کے سامنے یہ شخص.. اسکو رسوا کر رہا ہے ...

باہر سے اونچا اونچا بولنے کی آوازیں آرہیں تھیں معاز.. اور اکبر صاحب سمیت.. مما کی بھی آواز تھی اسکی آنکھیں بھیگ گئیں

صرف اپنی فیملی کی وجہ سے.. وہ اسکے سامنے کمزور پڑی تھی ..

ارے... میٹھی رو کیوں رہی ہو" بہرام.. مسکرا کر.. اسکی بے بس آنکھوں میں جھانکنے لگا ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جاو تم یہاں سے کیوں مجھے رسوا کر رہے ہو" عابیر.. بولی.. سرخ.. آنکھیں.... اور آنسوون کی آمیزش.. بہرام.. کو جان لیوا لگیں.. اچانک ہی اسکی نازک کمر میں ہاتھ ڈال کر.. وہ اسے بلکل نزدیک کر گیا.. اتنا کہ.. دونوں کے چہرے ایک انچ کے فاصلے پر تھے عابیر... ایک پل کو حیران ہوئ ...

وجود میں کپکپاہٹ... اترای.. بہرام نے.. محسوس کیا.. اسکی خوشی دیکھنے لائق تھی ..

مکھن کیوں تڑپا رہی ہو .....

بس کرو نہ... دو دن میں... میرا سانس.. روک دیا آپ.. نے.. سائیں.. اتنا ستم نہیں کرتے .....

آپ ہماری ہو جائیں.... بس.. "وہ.. بڑی چاہ سے.. اسکے چہرے پر انگلیاں چلا تا وہ بھک رہا تھا.. نظریں.. اسکے لبوں کے کنارے موجود تل.. پر ٹھر گئیں.. تھیں ....

عابیر... کا خون.. کھول اٹھا.. ایک جھٹکا دے کر وہ اس سے جدا ہوی.. اور کھینچ کر تھپڑ.. اسکے منہ پر دے مارا ...

کمینے.... تمھیں کیا لگ رہا ہے.. میں کوئ کوٹھے پر بیٹھی پنچ لڑکی ہون.. میرے گھر میں گھس اوگے میرے باپ کی عزت اچھالوگے.. اور میں نہیں خاموش رہو گی.. یہ عشق کا بھوت.. ان سے.. پورا کرو.. آج کے بعد بہرام خان میرے.. پاس نظر بھی ایگ تو.. یقین مانو.. میں تمھارا وہ حشر کرو گی.. کہ تمھاری نسلیں بھی یاد رکھیں گی. دفع ہو جاو"..وہ بلند اوز میں چلائ

بہرام. نے.. اپنے اندر اڈنے والا اشتعال... بمشکل دبایا.. اور مسکرا دیا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اگر میں تمھیں کوٹھے پر بیٹھی لڑکی سمجھ رہا ہوتا.. تو.. تم سے.. اس زبان میں بات نہ کرتا ....
اور یقین مانیں سرکار جن سے آپکو دیکھا.. ہے.. کوٹھا تو کیا.. کہیں بھی جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا... کسی کو دیکھنا الگ بات ہے.. میٹھی... میرا طریقے غلط ہیں.. مگر.. میرے جزبات نہیں...."وہ پھر سے.. دوبارہ اسی انداز میں بولتا عابیر کو زہر ہی لگا .....

جاو یہاں سے"عابیر کرے تیوروں میں بولی ..

آپکی وجہ سے.. ساری رات جاگا ہون.. اور ملاقات کی مدت.. بس چند منٹ.. بلکل نہیں..."وہ ضدی لہجے میں بولا تو.. عابیر پاوں پٹخے لگی ..

تمھیں یہ کیوں نہیں سمجھ آرہا.. میرا باپ.. اور منگیتر.. ہے.. یہاں..."وہ غصے سے چلای ..

منگیتر ہمممم...وہ دو فٹیا ....

میرے دلبر... آپ ہم سے یاری لڑاو.... یقین مانو فخر سے بتاو گی ...

کہ یہ میرا.. سائیں ہے.."وہ صوفے پر بیٹھتا.... اسکو.. دیکھتا مسکرا.. رہا تھا... عابیر اس پر لعنت بیجھتی اس سے پہلے باہر نکلتی.. بہرام نے اسکی کلائی تھامی.. اور اپنی جانب کھینچ.. لیا.. کہ وہ اسپر غیرتی کہ عابیر نے.. اسی کی ٹانگ کا سہارا لے کر.. خود کو اسپر گیرنے سے بچایا ....

اگلی بار.. کب ملو گی.."بہرام اسکے بال پیچھے کان. میں اڑستا.. بولا .....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مر جاو تم" عابیر..نے خود کو چھڑانا چاہا..مگر..بہرام..نے نہ چھوڑا...وہ..رونے لگی.سرج آنکھیں بھیگ گیں کسی بھی لڑکی کے لیے یہ لمہ موت سے کم نہیں تھا.وہ اتنی مظبوط بھی بار بار ہار رہی تھی ...

کل...ملنے اوگا...اب کہیں مت جانا ورنہ..سرکار آپ کے باپ کی کھوپڑی ارانے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا "مسکرا کر کہتا..وہ زبر دستی..ایک گستاخی..کر گیا...عابیر.کا خون کھول اٹھا...اس سے پہلے وہ اسکو پھر رکھتی بہرام نے اسکو خود سے دور دھکیلا..

سرکار..ہزار بار حاضر یہ گال..بار بار چھونے کا دل کرتا ہے کیا ہمیں" وہ زچ کر رہا تھا اسے..عابیر یون ہی اسے گھورتی رہی..جبکہ وہ.ایک ونک دیتا..باہر..نکل گیا..باہر.وہی رونا دھونا جاری تھا ...

بہرام..مسکراتا ہوا..معاز کے قریب آیا ...

ہمممم"وہ ہنسا ...

پاور از پاور" اسکے منہ ہر دو لفظ اچھال کر..وہ..معاویہ.کو اشارہ کرتا باہر نکل گیا ...

اور انکے سینے سے لگ گئ.. جبکہ اکبر صاحب یوں ہی کھڑے تھے ....

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

انھوں نے اسکو پیار نہیں کیا جبکہ خود ہی خود سے جدا کر دیا.. اور اندر چلے گئے.. سارا خاندان انپر تھو تھو کر کے چلا گیا تھا.. عزت غیرت کی دھجیاں اڑ چکیں تھیں ....

اسنے ریہا کو دیکھا. تو وہ انکے سینے میں سما گئ.. ا

اپکی اپنا خیال رکھنا" اسنے روتے ہوئے کہا.. بہرام اکتا کر یہ سب دیکھتا رہا ...

اسے ریہا کو پیار کیا.. اور.. گھر کی دہلیز پار کر گئ .....

ماں باپ کا مان ....

معاشرے میں عزت سب گنوا کر.. وہ نکل ائ تھی ..

بہرام.. مسرور سا.. اسے.. خود سے لگایے.. کالام کے حسن راستو کو دیکھ رہا تھا.. جو.. دن میں اور بھی حسین لگ رہے تھے.. معاویہ.. ڈرائیو کر رہا تھا ...

عابیر.. نے بہرام کے سینے پر سر رکھ دیا ....

بہرام نے چونک کر اسکو دیکھا.... جس کی آنکھیں بند تھیں ...

دل جیسے خوشی سے پھٹنے کے قریب تھا... سب ٹھیک ہو رہا تھا ...

سائیں.... ابھی راستہ باقی ہے.. کیوں بھکا رہیں ہیں" اسنے.. پیار سے اسکے. خوبصورت چہرے... پر. اپنا ہاتھ رکھا..

عابیر نے. سرخ سجئیں آنکھوں کو کھول کر اسکو دیکھا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام اسکی ہی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا .....

عابیر کی آنکھوں میں نفرت کے سوا کچھ بھی نہیں تھا... بہرام .. نے .. ہلکے سے .. ماتھے پر بل ڈالے... آنکھیں پھیر لیں ...

اسے اسکی آنکھوں کی نفرت ناگوار گزری تھی عابیر مسکرادی ...

اور پوری طرح اسکی بانہوں میں مقید ہو گئی

کیا ہوا .. بہرام ... ان آنکھوں میں اپنا عکس نہیں دیکھا کیا" وہ اسکے سینے .. میں موجود دل کی بے ہنگم دھڑکنوں کو .. سنتی ... بولی ... بہرام نے اسکو دیکھا ..

معاویہ خان ہیں گاڑی میں تھوڑا دور ہو جاو .. " بہرام نے سنجیدگی سے کہا .. عابیر حیرت کا اظہار کرتی اس سے دور ہوئی ...

ہم ہیسبینڈ وائف کے بیچ میں ... پھر اس شخص کو رکھا کیوں ہے .. بہرام خان .. تم نے .. ویسے . یہ تمھارا نوکر ہے کیا .. جو تمھاری ہر وقت دم بنا رہتا ہے "گاڑی میں خاموشی چھا گئی ....

بہرام حیران تھا جبکہ معاویہ سرخ چہرہ . لیے گاڑی روک گیا ...

میٹھی وہ میرا دوست ہے .. وہ میرا یار ہے اور آپ اسکے بارے میں ایسے بات نہیں کر سکتی " بہرام زرا سختی سے بولا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اوہ اچھا..."عابیر.. خود پر سے جیولری کھنچتی طنزیہ ہنسی ...

معاویہ نے بہرام کی جانب دیکھا ..

تم خود ڈرائیو کرو میں جا رہا ہوں"اس سے عابیر کا حتق آمیز لہجہ بلکل برداشت نہ ہوا.... اور وہ گاڑی سے نکل گیا..

کہ ابھی بہرام کچھ کہتا ہی ..

غیرت بھی ہے""عابیر مدھم سا ہنسی.. اور جیولری کو لاپرواہی سے.. سیٹ پر پھینک دیا ...

بہرام...نے..ماتھے پر آیا پسینہ صاف کیا ...

اور ڈرائیونگ سیٹ پر آ گیا ...

دلبر آگے آجائیں"وہ مسکرا کر بولا ...

عابیر نے سنجیدگی سے اسے دیکھا ..

موڈ نہیں"وہ کہہ کر... سیت کی پشت سے ٹیک لگا گئی ..

بہرام ہنس دیا ..

جان.. بہرا.. ہم آپ کے غلام.. مگر. کچھ لوگ ہیں جنھیں.. بہرام خان.. بہت عزیز رکھتا ہے ..

انھیں ایسے مت کہیں"وہ گاڑی چلاتا اسے سمجھانے لگا ...

عابیر نے جواب نہ دیا.. بہرام نے مڑ کر اسکو دیکھا.. وہ آنکھیں بند کیے ہوئے تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے سپید بھڑا دی مگر معاویہ.. اب بھی دماغ سے نہیں نکلا تھا..

....................

حیدر... حویلی پہنچا. تو سب ہی ہال میں تھے وہ بغیر کسی کو دیکھے.. اپنے کمرے میں بڑھ گیا ...

یہ حیدر سائیں.. کیا کرتے پھیر رہیں ہیں. اج کل اتنے شہر کے چکر کیوں لگ رہے ہیں" دا جی نے.. یاور کیطرف دیکھا.

معلوم کرتا ہوں دا جی" انھوں نے فورا کہا تو وہ سر ہلا گئے ....

تبھی.. ہال میں بہرام.. خان داخل ہوا ...

کالام کی جان... شہزادے.. اتنی دیر سے کہاں تھے.. خان" دا جی اپنی جگہ سے اٹھے تو وہ تھکا تھکا سا.. انکے بازوں میں سمایا.. جبکہ اسکے پیچھے کھڑی سرخ جوڑے میں لڑکی دیکھ کر دا جی کی مسکراہٹ اور جوش دم توڑ گیا ...

کون ہے یہ" وہ اس سے الگ ہوتے بولے ...

بیوی ہے ہماری.. اور اپکی بہو" وہ پیار سے اسے دیکھتا بولا ...

دا جی... سمیت وہاں سب پر حیرت کا طوفان ٹوٹ پڑا ....

یہ کیا کہہ رہے ہو خان" وہ دھاڑے... بہرام نے چونک کر انکو دیکھا..

کیوں کیا ہو گیا..." وہ.. سکون سے بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خان.. اب پنچ ذات.. ہمارے خاندان کی بہو بنے گی کبھی نہیں" وہ چلائے غصے سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا.. اس سے پہلے بہرام کچھ کہتا..

ایکسکیوز می.... کیا مطلب ہے پنچ ذات کا...

اپ لوگوں کی بڑی اونچی زات ہے تربیت تک تو ہے نہیں اپکی اولاد کو" وہ غصے سے دوبادو بولی... بہرام.. کے لب مدھم سے مسکرائے

داجی شیر کے ساتھ شیرنی جچتی ہے..." وہ انکے شانے پر ہتاھ رکھتا.. انکو دیکھنے لگا..

اپ میرے ساتھ چلیں.. میں سب سمجھاتا ہوں"

اسنے کہا اور منیب کو دیکھا..

بی بی کو زنان خانے میں لے جاو "...

جی صاحب... منیب عابیر کے پیچھے جا کھڑا ہوا.. جبکہ... عابیر وہاں سب کو گھورتی وہی چل دی جبکہ بہرام اسکو... انکھ بھر کر دیکھتا رہا..

اسے اتنا تو سمجھ اہی گیا تھا..

کہ وہ اسے اچھا خاصا ٹف ٹائم دینے والی ہے.. کتنا یہ ابھی اسکی سوچ نہیں تھی

یہ کیا کیا ہے تم نے خان" داجی نے اسکا ہاتھ غصے سے ہٹایا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہماری محبت کا یہ صلہ دیا اتنی غداری" انکا غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا جبکہ بہرام.. صوفے پر.. بیٹھ کر.. سامنے ٹیبل پر ٹانگیں پھیلا گیا ...

وہ کب.. سے انھیں قائل کرنے کی کوشش کر رہا تھا مگر.. وہ تو کچھ سمجھ ہی نہیں رہے تھے.. جبکہ اسکی نازک مزاجی پر اب سب چیز گراں گزر رہی تھی ...

کسی کا بھی ایک لفظ بھی زہر کیطرح لگ رہا تھا.. اور وہ اب.. جان چھڑانا چاہتا تھا.. مگر اپنی پوزیشن بھی حویلی میں ملنے نہیں دے سکتا تھا... تبھی داجی کا.پٹ جانا زیادہ ضروری تھا ..

یہ میں کیا سن رہا ہوں" ابھی وہ داجی سے کچھ کہتا ہی کہ.. حیدر دھاڑ سے دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا ..

حیدر سائیں تمیز تہذیب بھلا دی ہے" داجی کو شدید ناگواری ہوئی اسکے بغیر اجازت طلب کیے انے پر ..

تمیز تہذیب اور اپکے... کمال اصولوں کی دھجیاں تو یہ اپکا شہزادہ اڑا چکا ہے.. اور اپکو.. ہمارے پیچھے پڑنے کی پڑی ہے" وہ غصے سے دھاڑا ..

ایک اور" بہرام نے... جھنجھلا کر.. حیدر کو دیکھا ..

حویلی میں کوئی غیر عورت نہیں ائے گی" حیدر نے جیسے حکم دیا.. بہرام نے.. آنکھیں گھمائی ...

اچھا اور حویلی کے باہر... اپارٹمنٹ دلائے جا رہے ہیں.... کمال ہے.. لالا... حویلی والوں کی حلال کی کمائی.. اس شادی شدہ.. پر لٹائی جا رہی ہے" وہ بھی بہرام تھا.. وہاں وار کیا.. حیدر ایک پل کو سن کھڑا رہ گیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ تمھارا مسلہ نہیں" وہ.. تیور بگاڑ کر بولا ...

یہ اپکا مسلہ نہیں" بہرام دوبادو سنجیدگی سے بولا ....

داجی نے دونوں کیطرف دیکھا. اور بہرام کی بات کا مفہوم سمجھتے انھیں مزید غصہ چڑھنے لگا ..

کمال... بہت خوب.... یہ سب کرتے پھیر رہے ہو.. سارے.. نامعقول..... بہت خوب... کوئی کالام کے باہر اج کے بعد قدم نہیں رکھے گا... دیکھ لیں گے ہم... کتنا اپنی من مانی کر لو گے تم لوگ" وہ غصے سے... چلائے... بہرام مسکرا دیا.. اب شہر جا کر اسنے اچار تو نہیں ڈالنا تھا.. جبکہ حیدر کی تلملاہٹ دیکھنے لائق تھی ..

اس نے جو حرکت کی اسکو دیکھنے کے بجائے.. اپ پھیر ہمارے پیچھے.. لگ چکے ہیں.. مگر اپ یہ بات اج سن لیں حویلی میں.. کوئی.. بھی غیر لڑکی نہیں رہے گی" وہ.. ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا ....

داجی تو خود یہ ہی چاہتے تھے... انکے خاموش ہوتے ہی بہرام کا میٹر شاٹ ہونے لگا ..

کیا بکواس ہے... حویلی بہرام خان کی ہے... کوئی یہ بات.. بھول رہا ہے تو.. خود جا کر رہے فلیٹوں میں... یہ سب میرے نام ہے.. اور میں جسے چاہو... اسے لاو گا.... یہاں کسی میں اتنا دم ہے کہ بہرام کو روکے" وہ ایکدم اٹھتے دھاڑا تھا ....

سردر ہونے کی حثیت سے... تم اس گستاخی... کی وجہ سے سزا کے مستحق ہو.. جانتے ہو نہ.. کہ کالام کا سردار کون ہے.." حیدر... نے اسکی آنکھوں میں دیکھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں جانتا ہوں ایک بزدل شخص ہے..جو... خود تو.. اپنی محبت پا نہیں سکا..اج تک... ایک عورت پر اپنی مردانگی دیکھا رہا ہے... اور مجھے سزا دے گا" اس سے پہلے وہ ایک دوسرے کا.. گریبان پکڑتے داجی نے.. دونوں کے بیچ اکر.... دونوں کو ہی.. حدیں پار کرنے سے روکا .....

جاو حیدر خان.. سمبھال لیں گے ہم اس معاملے کو" داجی نے حیدر کو نکالا ..

اس سے کہیں طلاق دے... اسے.. اور فارغ کرے" حیدر نے نخوت سے کہا جبکہ بہرام نے واس اٹھا کر دیوار پر دے مارا ..

اگر دوبارہ یہ بات کہی تو.. گدی سے زبان کھینچ لوں گا" وہ دھاڑا تھا.. داجی نے.. اسکو تھامہ ورنہ اسکا بس نہیں چل رہا تھا حیدر پر چڑھ دوڑے .....

جاو تم.. اور شہر جانے کے بارے میں سوچنا بھی مت" داجی نے جیسے وارن کیا ..

کون روکے گا مجھے" حیدر.. نے لاپرواہی سے کہا ..

روکیں گے نہیں... اس وجہ کو ضرور مروا دیں گے یاد رکھنا" وہ آنکھیں نکال کر بولے ...

دیکھ لوں گا" حیدر سر ہلاتا... نکلا ...

جبکہ داجی نے بہرام کی جانب دیکھا ...

دادا کی جان... کیوں" وہ جیسے.. اسکے اگے ہارے تھے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

بہرام نے.. غصے سے انھیں دیکھا..

میری اہمیت ہے.. یہ.. اپکی.. رسموں کی" بہرام نے.. غصے سے پوچھا..

جان داداصرف اپکی.. "مسکرا کر.. اسکی پیشانی...چومی.. تو بہرام کو جیسے اپنے کانوں پر یقین نہ ایا... یہ ایکدم کیا ہوا تھا.. وہ. حیرانگی اور خوشی کے ملے جھلے تاثر لیے انھیں دیکھنے لگا .....

سچ "وہ بے یقین ہوا ...

سو فیصد "انھوں نے اسکے بکھرے بال.. مزید بگاڑے ...

شیر لگتا ہے... میرا جب غصے میں ہوتا ہے.. "وہ ہنسے بہرام.. بھی ہنس دیا ...

لو یو دا جی "وہ جوش میں انکے سینے سے لگ گیا.. جبکہ... دا جی.. کی نظریں ٹوٹے ہوئے واس کے کانچ کے ٹکڑوں پر تھیں.. ...

لو یو ٹو... شہزادے "سنجیدگی سے کہا ...

بہرام جیسے ہلکا ہو گیا.. اور ان سے الگ ہو کر.. وہ. اب اپنے روم میں جا کر لمبی تان کر سوتا تو.. رات... جاگتا.. جو اسکے بقول اسکی زندگی کی سب سے حسین رات ہونے والی تھی کیونکہ اس رات میں عابیر اسکے پاس اسکے ساتھ ہوتی ...

وہ دا جی کے روم سے نکل گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

کبھی کبھی درست راہ پر انے کے لیے.... شہزادے یہ سمجھ لو.. لانے کے لیے توڑنا پڑتا ہے... حیدر کو... ہم نے توڑا تھا... سب کے سامنے تمھیں سب کے سامنے نہیں توڑ سکتے .....

افسوس.... ہے ہمیں

مگر تم ہمیں ہر شے سے عزیز ہو .....

ٹوٹ کر جوڑوں گے تو صرف ہمارے ہو گے ....

چار دن کے شوق پر.. ہم... تمھیں کچھ نہیں کہہ رہے" ...

بستر پر بیٹھتے.. وہ جیسے.. خیالوں میں اس سے مخاتب ہوئے تھے

.................

حویلی بہت خوبصورت تھی.. عابیر زنان خانے میں داخل ہوئی تو بی جان.. اور سب نے اسے دیکھا.. جبکہ منیب یہ اطلاع دے گیا کہ یہ بہرام سائیں کی بیوی ہیں

سب شاکڈ تھے جبکہ عابیر کو سب کا گھورنا اکورڈ لگا ...

واہ...." یہ نین تھی ...

عابیر نے سر سے پاوں تک... اس لڑکی کو دیکھا.. جو کافی.. خوبصورت تھی بلکہ سب ہی یہاں خوبصورت تھے.. مگر اسکی خوبصورتی.. اور پھر.. اندز بے نیازی کا جوڑ نہیں تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مان لیا نین خانم کا بھائی تھا" وہ بولی تو لہجے میں داد ہی داد تھی ...

نین "مورے نے اسے ٹوکا ....

کون ہو لڑکی تم "بی جان نے .اب عابیر سے ڈائرکٹ سوال کیا ...

مجھے لگتا تھا.. صرف ایک وہ ہی سر پھیرہ ہے مگر یہاں سب ہی ہیں مگر اس میں مقدار زرا زیادہ ہے" عابیر بغیر جھجکے تجزیہ کرنے لگی ..

تو سب کے منہ کھل گئے وہ اپنے شوہر کا زکر کس طرح کر رہی تھی ...

کیا مراد ہے.. کس انداز میں بہرام سائیں کو پکار رہی ہو "بی جان کو برا لگا بلکہ باقی سب و 2 بھی جبکہ نین کے دانت باہر نکل اے ..

جیو شیرنی ..ہماری خوب بنے گی" عابیر نے اس لڑکی کی خوشی دیکھی... معمولی سی حیرت ہوئی... مگر چہرے کی سنجیدگی نہ گئی ...

اگر اپ لوگ اجازت دیں مجھے ارام کرنا ہے "وہ.. تمیز کے دائرے میں ان سب سے بولی ..

ہاں کیوں نہیں بہرام.. سائیں کا... کمرہ ہی اپکا کمرہ ہے جائیں مردان خانے.. میں اوپر والا.. سرا پورشن بہرام سائیں کا ہی ہے "نین ..نے مزے سے کہا جبکہ بی جان اسے گھورنے لگی ..

لڑکی رات سے پہلے مردان خانے میں نہیں جا سکتی تم ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہماری رسموں کے خلاف ہے" بی جان نے لگے ہاتھ بتا دیا ..

تو میں تو ان رسموں کا حصہ نہیں ہوں .. وہ زرا معصومیت سے بولی .. نین .. نے بمشکل اپنی ہنسی روکی ..

ہم نہیں جانتے .. بہرام سائیں .. نے کیا کہنا ہے سردار جی کو ...

مگر ہم یہ ضرور جانتے ہیں وہ اپنی بات سے نہیں ہٹیں گے جب تم نے رہنا ادھر ہی ہے تو رسمیں تم پر بھی لاگو ہوتی ہیں" بی جان نے .. اسکو .. گھورا ... جو .. انکی نین سے بھی دو ہاتھ اگے لگ رہی تھی ...

عابیر کا سر درد کرنے لگا .. ویسے بھی بہرام کے کمرے میں جا کر اسے کوئی فائدہ ہوتا .. اسکی شکل دیکھ کر خود پر بیتا ہر .. لمہ یاد اتا تبھی .. اسنے سیلینڈر کیا ..

اوکے مگر میں ریسٹ کرنا چاہتی ہوں اپکی رسموں میں ارام کی اجازت ہے" عابیر نے ... پوچھا .. تو ... بی جان .. سمیت سب گھور کر رہ گئے ..

جا جھلی ... تیری ہی ہم جھولی لگ رہی ہے .. اپنے ہی کمرے میں لے جا" نین کے ہنستے چہرے کو .. بی جان نے دیکھا .. اور زرا غصے سے کہا ..

جو حکم بی جان" وہ .. عابیر کا ہاتھ تھامتی .. انوشے اور ارمیش کو پیچھے انے کا کہتی .. وہاں سے اگے چل دی .. جبکہ پیچھے سب میں چیاگویاں شروع تھیں ...

................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش خانم کہاں ہے "ابھی کچھ دیر ہی گزری تھی حیدر دندناتا ہوا زنان خانے داخل ہوا ...

سب ہی بڑے تھے تبھی کسی نے پردہ نہ کیا ..

حیدر سائیں یہ .. بات اچھی نہیں "بی جان نے زرا ناگواری سے کہا ..

اسنے جواب نہیں دیا ..

درخنے .. ارمیش کو بھیجو جلدی "وہ .. غصے سے بولا .. جبکہ درخنے . نین کے کمرے کیطرف بھاگی . اور وہ پلٹ کر اپنے کمرے میں اگیا ..

کچھ ہی دیر میں ارمیش بھی اگئ ..

سامان باندھو اپنا ساتھ لے جائیں گے تمھیں "حیدر نے کہا تو ارمیش نے اسکو دیکھا . ...

مجھے کہیں نہیں جانا "ارمیش نے نفی کی .. حیدر نے مٹھیاں بھینچی ..

پوچھا ہے ہم نے "وہ دھاڑا .. ارمیش اپنی جگہ اچھل کر رہ گئ ...

بتایا ہے میں نے "اسنے کہا ...

ارمیش ہمارا ہاتھ اٹھ جائے گا "حیدر نے وارن کیا ...

کب نہیں اٹھتا جب ملتے ہیں نیاز خم دے جاتے ہیں جسے اپکے انے تک .. ٹھیک کرتی ہوں .. پھر اکر .. کوئ تکلیف دینے لگتے ہیں "وہ رونے لگی .. حیدر .. نے اسکا منہ جکڑا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زبان تمھاری جلا دیتے ہیں بہت ہی منحوس بولتی ہو" وہ اپنی ٹون پر اترا ...

ارمیش خوف سے اسے دیکھنے لگی.. ایک منٹ میں چلو.. ہمارے ساتھ.. دو دن میں چھوڑ جائیں گے واپس" حیدر نے جیسے اخری حکم جاری کیا

ارمیش مانتی نہ تو اور کیا کرتی ..

کچھ بھی باندھے بغیر یوں ہی بیٹھی انسو بہاتی رہی.. حیدر نے اسکا ہاتھ تھاما اور خاموشی سے حویلی سے نکل گیا ...

..................

اس اپارٹمنٹ کو وہ بڑی توجہ سے دیکھ رہی تھی وہ کافی خوبصورت تھا مگر وہ یہاں کیوں ائے تھے سمجھ نہیں آیا اور پھر.. حور بڑی شان سے.. ائی.. سامنے سے. اور حیدر کے گلے لگ گئ.. جبکہ.. ارمیش کے ہاتھ سے... چادر کا نوکڑ چھوٹ گیا جو اسنے نروس ہو کر تھام لیا تھا ..

حور.. ارمیش کی جھکی پلکیں اور چمکتی رنگت.. ناگواری سے دیکھتی رہی ..

اندر راو" اسنے کہا.. تو.... وہ زرا ڈرتی.. اندر داخل ہوئی.. حیدر پہلے ہی صوفے پر.. شان سے بیٹھ گیا ...

ارمیش.. سامنے جبکہ حور بلکل حیدر کی بغل میں جم کر بیٹھ گئ ..

حیدر کی آنکھیں بند تھیں جبکہ سر.. صوفے کی پشت پر... اسکو اپنی طبعیت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی ..

ارمیش کو وہ مسلسل گھورے جا رہی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ ارمیش۔ کی جان حلق میں ائی ہوئی تھی ۔۔۔

کیسا ہے۔۔بیبی "حور نے سوال کیا۔۔ارمیش نے کوئی جواب نہ دیا ۔۔۔

حور نے۔ خفت سے۔۔اسے دیکھا۔۔نہ جانے کیوں اسکے اندر کا کمپیلکس بار بار اسے یہ بات کہتا تھا کہ ارمیش صرف اسکا مزاق بناتی ہے کہ وہ ماں نہیں بن سکتی۔۔اور یہ ہی بات۔۔اسکو۔۔۔تپا دیتی تھی ۔۔۔

حیدر۔۔۔شاپنگ پر چلتے ہیں "اچانک حور کو شوشہ چھوٹا ۔۔

ہم بہت لمبی ڈرائیو کر کے اے ہیں "حیدر نے۔۔۔نقاہت سے کہا ۔۔

جب تمھیں میں کہہ رہی ہوں چلنا ہے۔ تو چلنا ہے "حور نے۔۔ضدی لہجے میں کہا۔۔حیدر مدھم سا مسکرایا ۔۔

بس ایک گھنٹے میں چلتے ہیں "اسنے

کہا۔۔ارمیش سر جھکائے سب سن رہی تھی۔۔یہ اسکا گھر نہیں تھا کہ وہ اٹھ کر چلی جاتی ۔۔۔

تبھی بندھی ہوئی بیٹھی تھی ۔۔

اوکے۔۔جاو تم ریسٹ کرو۔۔۔میں بھی۔ ریسٹ کر تیں ہوں تب تک۔۔"حور نے کہا۔ اور وہ دونوں اسکو چھوڑتے۔۔

وہاں۔۔سے اٹھ گئے ۔۔۔۔

ارمیش۔۔نم پلکوں سے ارد گرد دیکھنے لگی ۔۔

کیا اذیت تھی۔۔مگر وہ انسان سمجھتا کب تھا۔۔وہ تلخی سے مسکرائی ۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شکر تھا وہ دونوں الگ الگ کمروں میں گئے.. کچھ دیر تو ارمیش یوں ہی بیٹھی رہی.. جبکہ.. پھر.. وہ اٹھی.. اور جس روم میں حیدر گیا تھا.. وہ اس روم میں.. ابھی داخل ہوتی کہ... حور ساتھ والے کمرے سے نکل ائی ...

کہاں جا رہی ہو" حور نے غصے سے پوچھا ارمیش ایک پل کو کانپی جیسے وہ کوئی چوری کر رہی تھی ...

نہ جانے حور سے اسے ڈر سا لگتا تھا اب بھی اسکی اواز سے وہ سہمی.. اور پھر بغیر جواب دیے ایک پل میں وہ روم کا دروازہ کھولتی اندر گھس گئی ...

حور نے دانت پیس کر اسکو دیکھا اسکے بقول وہ اسے اپنا اختیار دیکھا کر گئی تھی حیدر پر.. اور اسکی بات کا جواب نہ دے کر وہ خود کو سمجھ کیا رہی تھی ..

حور اپنے اپ ہی اس سے شدید نفرت.. محسوس کرنے لگی ...

......................

حیدر جو بیڈ پر کمبل میں لیٹا تھا... تیزی سے دروازہ کھلنے پر... ناگواری سے.. اسنے سامنے دیکھا... ارمیش دروازے سے.. ٹیک لگائے.. تیزی سے سانس لے رہی تھی ...

اسنے... نہ جانے کیسے ہاتھ ارمیش کیطرف بڑھایا.. اور جیسے.. کسی ڈرے سہمے بچے کو کوئی بڑا اپنے پاس بلائے.. ویسے اشارہ کیا ..

ارمیش کے پاس اس وقت اسکے سوا کوئی نہیں تھا.. وہ ایک پل میں.. اسکی بانہوں کا حصہ بنی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حیدر نے..اسپر اچھے سے بلنکٹ ڈال کر..پوری طرح..اپنے سینے میں جکڑ لیا ...

اسکے ننھے سے دل کی رفتار کافی تیز تھی ...

کیا مسلہ ہے خانم "حیدر....نے..اسکا..دوپٹہ..الگ کیا..اور اسکے بالوں کو نرمی سے سہلانے لگا ...

ڈر.ڈر لگ رہا ہے "ارمیش کی اواز بھیگی ہوئی تھی ..

ہم ہیں یہاں مرے نہیں ہیں جو ڈر رہی ہو "اسکی کنسرن میں بھی ارمیش کے لیے کافی تلخی تھی ..

اللہ نہ کرے "اسنے سر اٹھا کر...اسکے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا ...

حیدر اسکو توجہ سے دیکھنے لگا ..

وہ کافی معصوم.. تھی..اور اسوقت حور اور حیدر سے چھوٹی..ڈرنا اسکا بنتا تھا ...

انجانے خدشے ارمیش کو جکڑ رہے تھے ..

حالانکہ کہ..یہ حور سے ہوتے ہوئے عمل چھپتا نہیں.تھا..مگر شاید..اسے ارمیش کی قربت کی عادت تھی ...

تبھی...وہ...اسکا خوف...اپنے منہ زور جزبوں سے کم کرنے لگا ...

شاید اپنی تھکاوٹ بھی اتار رہا تھا ..

جبکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ...

حور باہر سلگ سلگ کر..ہلکان ہو رہی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

......................
..

معاویہ کافی غصے میں تھا.. جب سے.. عابیر کی باتیں سنی تھیں.. بہرام سے بھی بات نہیں ہوئی تھی ..

نہ جانے اسے کیا سوجی.. رات ڈھلتے ہی... وہ.. زنان خانے میں آیا.. اور پیچھلے لون کی جانب بڑھ گیا اسکی توقع کے عین مطابق وہ وہیں تھی ...

معاویہ کو اپنی جانب آتے دیکھ.. انوشے کے ہاتھ سے چائے کا کپ گر گیا.. گھبراہٹ سے.. ہاتھوں میں پسینے پھوٹ پڑے کانپتے ہاتھوں سے.. نقاب کیا.. معاویہ نے غصے سے وہ نقاب کھینچ دیا ...

سمھجتی کیا ہو.. خود کو.. چور ہوں میں.. جو... مجھ سے پردہ کر رہی ہو" وہ الٹا ہی ہانکنے لگا ..

انوشے.. دم سادے اسے دیکھنے لگی ...

اب بولتی کیوں نہیں" اسنے انوشے کو جھنجھوڑا ..

انوشے... کی آنکھیں بھیگ گئیں ..

اور وہ دن بھی یاد ایا.. جب نیہا کی مہندی تھی.. اسنے معاویہ سے رخ پھیر لیا ..

جب وہ اسکے دل میں سما ہی گیا تھا ...

تو... ٹھیک ہے... وہ بھی.. پورا بدلہ لینے والی تھی ...

کیا مطلب ہے اس سب کا" معاویہ غصے سے بولا ..


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آہستہ بولیں کوئی آجائے گا" وہ پہلی بار اس سے اس طرح بولی.. معاویہ... ایک منٹ کو اسکو سننے لگا ...

میں کسی سے ڈرتا ہوں" وہ. سر میں ہاتھ پھیرتا بولا ..

میں ڈرتی ہوں "انوشے .. نے سر جھکا لیا ..

معاویہ کو.. یہ دھوپ چھاؤ سی لڑکی بڑی پیاری لگی غصہ بھی جانے لگا ..

کس سے.. "وہ غور سے اسے دیکھ رہا تھا ..

آپ سے "انوشے .. کو مہندی کی رات یاد آگئی.. تبھی.. ٹکا سا جواب دے کر... وہ وہاں سے جانے لگی ...

تو معاویہ نے... اسکا ہاتھ تھام لیا ..

انوشے وہیں تھم گئی ....

وہ اسے رفتار فتا اپنی جانب کھینچ رہا تھا ...

انوشے کے دل بری طرح دھڑکنے لگا ..

اپنی محبت سے بھی کوئی ڈرتا ہے "اسکی آنکھوں میں اپنا عکس دیکھ کر وہ کافی خوش تھا ..

انوشے .. نے بمشکل اپنے حواس قائم کیے ..

سائیں "وہ مدھم لہجے میں بولی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# غرور تانیہ طاہر

حکم سائیں" معاویہ.. اسکی.. کان کی لو کو تک رہا تھا جس میں.. چھوٹی سی بالی تھی.. یہ پہلی لڑکی تھی.. جس کو.. وہ ایک حد میں رہ کر بات کر رہا تھا..

اگر محبت سے ڈرنا نہیں چاہیے.. تو محبت کو.. ذلیل بھی نہیں کرنا چاہیے" وہ بولی.. مگر معاویہ سمجھا نہیں

کیا مطلب" اسنے اسکا رخ اپنی جانب کیا ...

محبت کا وجود ہے.. تو غیر عورتوں... کی خوبصورتی... متاثر نہیں کرتی"

وہ بھیگے لہجے میں بولی..

معاویہ کچھ کچھ سمجھنے لگا..

اگر محبت ہوتی.. تو.. اس رات.. اس لڑکی.. کے ساتھ نازیبا حرکتیں.. نہ ہوتیں.. محبت عورت پر فرض نہیں ...

مرد پر فرض... اور عورت کا حق ہے ...

مجھے آپ سے محبت نہیں. ...

تو.. محبت کو. بیچ میں لانے کی بھی ضرورت نہیں.. معافی چاہتی ہوں.. حویلی کی عورتوں کو اتنا بولنے کی اجازت نہیں..." وہ.. اسکے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑاتی... اسکا کھلا منہ یوں ہی چھوڑ کر.. آگے بڑھ گئ.. جبکہ معاویہ.. یوں ہی کھڑا تھا...

.................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

اسکو کوئ اٹھا رہا تھا.. شدید نا گوار لگا مگر.. سب یاد آ گیا کہ وہ اپنے گھر پر نہیں تھی ...

اسنے تھوڑی سی انکھ کھولی.. اور اٹھ کر بیٹھ گئ ..

خوبصورت ترشیدہ بال ادھر ادھر بکھر گئے ..

سامنے نین تھی.. وہ بہت بولتی تھی اور نہ جانے اسے دیکھ کر.. ایکسائٹیڈ کیوں ہو جاتی تھی ...

عابیر نے اسکو دیکھا ...

بہرام سائیں کا حکم ایا ہے.. تمھیں بلا رہے ہیں" نین نے سکون سے کہا.. وہ اسکے گرارا شرٹ میں کافی دلکش لگ رہی تھی ...

کہاں پایا جاتا ہے وہ" عابیر نے سارے بال ایک شانے پر ڈالے.. اور اسکو دیکھا.. کمرے میں ایک اور لڑکی بھی تھی...وہ خاموش ہی تھی جب سے.. وہ ائ تھی ..

نین کھل کر ہنسی ...

مردان خانے میں پایا جاتا ہے" اسنے بتایا...تو عابیر نے سر ہلایا.. اور اٹھنے لگی ..

ویسے تم اتنی تابیدار لگتی نہیں جتنی اسوقت دیکھ رہی ہو" نین نے.. اسے چھیڑہ ..

عابیر طنزیہ مسکرائ ....

تم اچھی ہو ...



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر ائ تھینک.. اس چھوٹی سی لڑکی کو میں پسند نہیں ائ" اسنے سنجیدگی سے... انوشے کو دیکھا ...

ایسا... نہیں ہے بھابھی سائیں" انوشے ایکدم بولی ..

ارے پلیز یہ سائیں میرے نام کے ساتھ نہ لگاو.. میں عابیر ہوں اوکے " وہ اٹھ کر.. نرمی سے بولی اور باہر نکل ائ وہ دونوں بھی باہر اگئیں . ...

جب اندھیرہ ہو جائے مردان خانے میں تب جانا.. " نین نے اسکے کان میں گھس کر کہا ..

کیوں" عابیر نے حیرت کا اظہار کیا ..

بھئ حویلی کے اصول ہیں ...

اسوقت تو سب ہوں گے.. تم جاوگی تو ایک ادھم اٹھالیں گے" نین نے اسے سمجھایا... تو عابیر... نخوت سے چہرہ موڑ گئ ...

نین اور انوشے وہاں بیٹھی خواتین کے پاس رک گیئں جبکہ اسنے دوبارہ سلام کیا اب مزاج زرا سب کو اسکے درست لگے ...

بیٹھ جاو" بی جان نے بھی نرمی سے کہا ..

کیوں" وہ.. انکاری ہوئ ..

بہرام نے بلایا ہے... اور میں بھی تو دیکھو کہاں رہتا ہے"



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ بے باکی سے بولی تو سب کی آنکھیں حیرت سے پھٹیں رہ گییں ...

لڑکی خان کہو... یہ کیا منہ اٹھا کر شروع ہو جاتی ہو" بی جان نے غصے سے کہا تو.. عابیر شانے اچکا گئ ...

اور مردان خانے کی طرف بڑھ گئ ...

نین نے داد دینے والے انداز میں تالی بجائ.. بی جان نے چپل اٹھالی.. جبکہ وہ.. ایک لمحے میں غائب ہوئ تھی .

....................

اپکی یہ عادت سب سے بری ہے" احمر کی پیچھے سے اتی اواز پر.. وہ... جھٹکے سے پلٹی اور املی کو ہاتھ میں دبالیا ..

تم سے پوچھا ہے" غصے سے بولی ...

نہیں.. بتایا ضرور ہے میں نے بیمار ہونے کا زیادہ دل کرتا ہے اپکا" وہ کافی بناتے ہوئے.. بولا ..

دیکھو زیادہ فری نہ ہو نا تم... بھولی نہیں ہوں میں وہ رات " نین تو غصے سے اگ بگولہ ہونے لگی ...

احمر نے اسکی جانب دیکھا اور مدھم سا مسکرا دیا ..

یقین مانیے وہ بھولنے والای رات تھی بھی نہیں" وہ اسکے چہرے کے سحر میں محو ہوتا بولا ...

نین نے غصے سے اسکو دیکھا ..

تم تم نہ ادھر ہی رکو... بتاتی ہوں میں سارے گھر والوں کو.. خاص طور پر دادا جی کو... کہ تم مجھ سے گندی باتیں کرتے ہو" وہ.. تو اسپر چڑھ دوڑی جبکہ احمر کے اہتھ سے.. چمچ چھوٹ گیا.. اسکے چہرے پر شدید حیرت کا تاثر تھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خدا کا خوف کریں نین کب کی ہے میں نے اپ سے.. "وہ تو..اس لڑکی کے اتنا بے باک ہونے پر ہی حیران تھا..

ہمم جھوٹ بول کر کم از کم میں اس رات کا بدلہ تو لو جبکہ تم گھٹیا پن کی لاسٹ سٹیج پر تھے "

احمر..گھٹیا پن کی لاسٹ س[ تیج اور اس دن ہوئی زرا سی قربت کا ملاپ سمجھ نہ سکا..

اپ جانتی بھی ہیں گھٹیا پن کی لاسٹ سٹیج کیا ہے "اسنے سوال کیا اور اسکی آنکھوں میں دیکھا جواب اسکے سامنے نقاب نہیں کرتی تھی..اور احمر اسکے چہرے کے حسن میں یوں ہی کھو جاتا ...

تم پھر سے..کر رہے ہو.... "نین نے انگلی اٹھا کر غصے سے کہا ...

کوئی حال نہیں اپکا.. "احمر نے ہنس کر سر ہلایا..

ہاں تم تو دادا اماں ہو نہ..کوئی... بہت معصوم سی "وہ...دوبودو ہوئی احمر نے خاموش رہنے میں ہی عافیت جانی ...

تم نے عابیر کو دیکھا..

اسکی خاموشی نین کو بری لگی تبھی خود سے سوال داغا..

جی دیکھ لیا ہے..انھوں نے..چھپنے کی کوشش بھی کب کی تھی "احمر نے شامے اچکائی..

پیاری ہے کہ بلکل میرے جیسی "وہ ایکسائٹیڈ لگی ...

ام م م مجھے اپ سے بھی دو ہاتھ اگے لگی ہے

.دیکھ لینا..جلد اپکے بھائی کو نظارہ دیکھا دے گی..دن میں چاند تارے "احمر مدھم سا ہنسا...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اول تو.. مجھ سے دو ہاتھ اگے کہہ کر جیلس فیل نہ کراو.. اور دوسرا اچھے سے جانتے ہو تم.. بہرام.. سائیں.. بہت بڑے کمینے انسان ہیں... بر حال... عشق میں پھر... بھی رعایت رکھ لیں گے "اسنے سکون سے کہا

نین اپ نے گالی دی ہے "احمر.. نے اسکی توجہ... دوسری طرف کرائ ...

نین گھیرہ سانس لیتی اسکو دیکھنے کیا گھورنے لگی ...

تمھیں نا کوئ... دس بارہ بچوں کی ماہ ہونا چاہیے تھا.. ایسی شاندار تربیت کرتی کہ کیا ہی بات تھی.. حکومت کیطرف سے نوبل اوارڈ ملتا تمھیں.. "وہ چیڑ کر بولی ...

احمر کا پہلی بار شاید زندگی میں قہقہ نکلا تھا ..

ہی ہی بہت ہنسنے کی بات تھی "اسکو ہنستا دیکھ وہ بولی اور.. پھر سے املی کھانے لگی ..

اپنے شوہر کی اپ کتنی عزت کرتیں ہیں ماشاءاللہ سے "احمر.. نے املی.. کو دیکھتے. کہا.. وہ اسکو گھورتا.. دیکھ محسوس کر کے... املی چھپا گئ ..

جزاک اللہ "اسنے شانے بے نیازی سے کہا تو.. وہ کافی کا مگ اٹھانے لگا ...

جبکہ لبوں پر مسکراہٹ تھی ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سنو ایک بات سوچ رہی ہوں میں... نین نے... اسکا بازو تھامہ.. احمر.. اس بازو پر اسکی نرم گرفت... دیکھ.. دل میں کافی خوش ہوا تھا.. کیا وہ جو غصہ تھا.. وہ وقتی تھا ....

اسنے ایک پل کو سوچا ...

بہرام لالا.. کے پاس گئ ہے اج عابیر کیا خیال ہے.. دیکھیں" ....

نعوذباللہ.. "احمر نے اسکی بات پوری ہونے سے.. پہلے ہی کان تھام لیے.. کتنا خرافاتی دماغ تھا اس لڑکی کا.. عابیر.. ارے ارے کر کے رہ گئ ...

اسنے اسکی بات پوری نہیں سنی تھی.. وہ اسکی بات کا کیا مطلب لے رہا تھا.. احمر نے اسکے ہاتھ سے املی کھینچی اور اسے گھورتا ہوا وہاں سے نکل گیا ..

........................

وہ جانتا تھا وہ.. لون میں ہو گی ...

اج ڈیرے پر کچھ زیادہ ہی پی لی تھی ...

وہ جھومتا جھامتا مردان خانے سے زنان خانے میں ایا ...

اور پیچھلے لون کیطرف اگیا وہ وہیں بیٹھی چاند کو دیکھ رہی تھی ..

احمر اسکی طرف بڑھنے لگا انوشے نے بھی اسکو دیکھ لیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ایکدم اٹھی اسکے قدموں کی لڑکھڑاہٹ بتا رہی تھی کہ.. وہ ڈرنک ہے.. انوشے ڈر کر اس سے پہلے بھاگتی.. معاویہ نے.. اسکا ہاتھ تھام لیا.. کلائی کو اس زور سے جکڑا کہ انوشے... تکلیف سے کراہی اور کھینچ کر اسے.. سامنے دیوار کے ساتھ لگا کر اسنے اسکے راستہ روک دیا ...

انوشے اسے اپنے اتنے قریب دیکھ کر.. ڈر گئی ...

اور سر جھکا لیا ..

معاویہ کے کلون کے ساتھ شراب کی بدبو مل گئی تھی ..

انوشے... کا سر چکرانے لگا ...

تو... تمھیں محبت نہیں" معاویہ نے اسکا چہرہ اٹھا کر.. کہا ...

انوشے نم آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی ..

کیسا انسان تھا وہ ...

انوشے بی بی محبت محبت... ہوتی ہے آنکھوں میں دکھ جاتی ہے مگر ہمارے درمیان چونکہ ایسا کچھ نہیں تو...

ٹھیک ہے... بہت اچھا... مگر تمھیں تو یہاں معاویہ ملے گا" وہ.. طنزیہ ہنسا ..

تم بچ لو... بچ نہیں سکتی.. تم چھپ جاو چھپ نہیں سکتی.. کیونکہ.. تمھیں معاویہ... کا ہی ہونا ہے ...

اس دن وہ درس ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے سونے نہیں دے رہا " ....

وہ اسکے چہرے پر نرم انگلیاں چلاتا... بول رہا تھا اہستہ اہستہ ..

انوشے کا دل کانپا ...

ہٹیں.. " وہ بہت کم اواز میں بولی.. معاویہ مسکرا دیا ..

تم نے کہا نازیبا حرکتیں.. تم جانتی ہو ....

مجھے پسند ہیں لڑکیاں... " وہ جان بوجھ کر اسکی آنکھوں میں دیکھتی تکلیف... کو.. مزے سے دیکھتا بولا ..

تو پھر اپ میرے پاس کیوں ائے ہیں " انوشے ہمت کر کے بولی

تم میری لڑکی ہو.. سوچو تمھارے ساتھ کیا کیا ہو گا " وہ.. اسکی گردن کو دیکھتا اس سے پہلے اسپر جھکتا.. انوشے نے تڑپ کر اسے دور کیا.. وہ منہ پر ہاتھ رکھے حیرت کے ساتھ مسلسل روئے جا رہی تھی ...

حویلی کے مرد اچھے نہیں تھے مگر اتنے برے تھے.. اسکے وہم و گماں.. میں نہیں تھا ...

اسکا دل بری طرح دھڑک رہا تھا.. معاویہ کو کچھ غلط کا احساس ہوا ...

انوشے روکو.. " معاویہ کا نشہ جیسے اڑا تھا ...

اسنے اسے روکنا چاہا ...

انوشے.. تو اس بری طرح سہمی تھی کہ.. وہ چیخنے لگی



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

..مورےےےےے"

معاویہ نے ارد گرد دیکھا..وہ بری طرح رو رہی تھی ...

معاویہ نے دکھ سے اسکو دیکھا..وہ کیا اسے مطلب سمجھتا..حالانکہ وہ اسپر برتری..ثابت کرنے ایا تھا ...

اور جب ہو گئ تھی وہ ڈر گئ تھی تو اسے برا کیوں لگ رہا تھا ..

انوشے..وہاں سے جا چکی تھی جبکہ وہ...ایسے ہی کھڑا تھا آج پھر ایک اور بار ..

..........................

حیدر ایک جھٹکے سے اٹھا ...

وقت اتنا گزر چکا تھا..اسنے ایک نظر ارمیش کو دیکھا..جو...سو رہی تھی..اسوقت اسکے چہرے پر..بلا کی معصومیت تھی..حیدر ایک پل کو مسکرایا..اور پھر حور کا خیال اتے ہی وہ..الٹے قدموں بھاگا تھا ..

باہر سے برتن پٹخنے کی اواز ارہی تھی حیدر نے زبان دانتوں تلے دبالی..غلط ہو گیا تھا ...

وہ کچن کی جانب بڑھنے لگا ...

حور وہیں تھی..اسنے ہلکا سا کھنکھارا ..

حور نے پلٹ کر اسکیطرف دیکھا ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

واہ مہراجہ اٹھ گئے ہیں کیا خیال ہے.. اپکی اور اپکی.. بیوی.. کی خدمت میں کچھ پیش کروں" وہ چیخی جبکہ ہاتھ میں تھامی پلٹ دیوار پر دے ماری..

حور میری جان.. ایم سوری" حیدر نے جیسے 10نی غلطی مانی..

اگر تم نے عیاشی کرنی تھی تو کرو.. میں تمھارے اور تمھاری بیوی کے بیچ نہیں ای ہوں حیدر خان

وہ.. پھر چلای.. لحیدر کو شدید شرمندگی ہوئ...

اج تو تمھاری بیوی جشن منایے گی.. مجھے بھی مارنے کی کوشش کی اور میری ہی محبت کء قربت میں رہی" وہ رونے لگی..

حور بات سنو میری.. کیا بولے جارہی ہو.. ارمیش نے تمھیں مارنے کی کوشش کی." وہ سمجھا نہیں وہ ایسا کیسے بول رہی ہے...

ارمیش اور کسی کو مارے

ہاں دھکا دیا ہے صرف کھانے کا پوچھا تھا اتنی زور سے دھکا دی ا.. سیڑھیوں سے گیرتی.. مر جاتی تم بھی خوش ہو جاتے تمھاری بیوی بھی" وہ بری طرح رونے لگی حیدر کے ماتھے پر بل ڈل گئے اسنے

احور کا ہاتھ تھامہ اور.. سیدھا اپنے کمرے کی جانب چل دیا..

ارمیش اب بھی سو رہی تھی ارمیش کا حولیہ دیکھ کر حور نے.. دانت پیسے..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ح ءدر نے بنالحاظ کے ارمیش کو.. بیڈ سے ہاتھ پکڑ کر کھینچ ڈالا. پہلے تو اسے کچھ سمجھ نہ ائی.. اور جب ائی تو اپنے سامنے.. دونوں کو دیکھ کر وہ.. حیران ہوئی ...

تم نے حور کو دھکا دیا" حیدر غصے.... بولا ...

ارمیش.. کو کچھ سمجھ نہ ائی کہ حیدر نے اسکا ہاتھ بری طرح پکر کر جھنجھوڑ دیا . ...

اسقدر بدتمیزی" وہ غصے اور حیرانگی میں تھا ..

سائیں میں نے کچھ "

شیٹ اپ.. اسقدر زبان دراز ہو گئی وہ" وہ دھاڑا جبکہ ارمیش کے منہ پر اپنے تھپڑ.. کی انگلیوں کے نشان دیکھنے لگا ...

ارمیش.. کی آنکھیں سرخ ہو گئیں ..

میں نے کچھ نہیں کیا" اسنے ہونٹ نکالے.. حیدر نے.. حور کی جانب دیکھا... جو مسکرا رہی تھی.. پھر ایکدم سنجیدگی سے حیدر کو دیکھنے لگی ..

اسکی آنکھوں میں عجیب سی بات تھی جیسے وہ اپنی بیوی پر یقین لے ایا تھا کہ وہ سچی ہے ..

حور گھبرائی ..

حیدر جھوٹ بول رہی ہے.. اس نے مجھے مارنے کی کوشش کی تھی" حور بولی.. تو.. حیدر نے... دانت بھینچے..

معافی مانگو.. ارمیش" وہ بولا.. ارمیش نے اسکی جانب دیکھا.. انسو اسکے گالوں پر لڑھک ائے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

معافی چاہتی ہوں" وہ بولی.. وہ سسکنے لگی جبکہ حیدر حور کو لے کر باہر نکل ایا..

کیوں جھوٹ بولا تم نے ہم سے" وہ اب حور سے.. پوچھ رہا تھا انداز سخت ہی تھا..

حیدر وہ "

بس حور.. مجھے یہ حرکتیں نلکل نہیں پسند تمھیں وہ نہیں پسند تم مجھے کہو میں اسے واپس بھیج دوں گا مگر جھوٹ.. بول کر یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں" وہ دوٹوک لہجے میں بولا...

بیوی کی حمایت لے رہے ہو" حور نے.. نم آنکھوں سے اسکو دیکھا..

نہیں وہ بیوی ہے صرف بیوی اور تم محبت ہو... تمھیں سمجھ ارہی ہے نہ" وہ اسکے گال پیار سے تھپتھپانے لگا.. اسنے سر ہلایا..

میں کھانا لگاتی ہوں" اسنے کہا..

نہیں.. تیار ہو جاو شاپینگ پر چلیں گے" اسنے یاد دلیا تو وہ سر ہلا گئ...

جبکہ حیدر اسے وہیں چھوڑ اپنے کمرے میں دوبارہ ایا..

ارمیش کی سسکیوں سے کمرہ گونج رہا تھا...

وہ کچھ دیر برداشت کرتا رہا پھر غصے سے بولا..

کب تک روگی خانم"



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے حویلی جاناہے.."وہ جلدی سے بولی ..

دو دن بعد "ح ءدر نے کہا ..

کیوں "وہ پگر رونے لگی

حویلی جاناہے "ہونٹ نکال کر..وہ سسکی.. حیدر...نے..اسکو دیکھا ...

اج اسے اتنا محسوس کیوں ہو رہا تھا اسپر ہاتھ اٹھانا حالانکہ یہ تو عام بات تھی ..

شاید وہ بے قصور تھی اس لیے ..

مگر وہ تو..پہلے بھی بے قصور تھی..اسنے زمیر کی اواز کو جھٹکا..اور..اسکیطرف دیکھا ..

کہانہ..دو دن بعد "وہ پھر بولا ...

نہیں "ارمیش نے ضد کی

جبکہ حیدر کا میٹر گھوما ..

ایسی کی تیسی تمھاری اور تمھاری حویلی کی "اسنے ایک جھٹکے سے اسے نزدیک کیا..اور اسکی سانسو کو بھی قید کر گیا ...

ارمیش..اسکو روک نہیں سکتی تھی بھلہ وہ موم کہ گڑیا اس ادمی کے سامنے کیا تھی ..

اسکی جسارتیں بڑھ رہیں تھیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش نے اسکو دور کیا ....

حیدر..نے ایک قدم پیچھے لیا ...

اور اسکے سرخ چہرے کو دیکھنے لگا

اپکے پاس مجھے ہرانے کانس یہ ہی طریقہ ہے" وہ روتے میں چلائ ..

اسکا چلانا حیدر کو مزاہ دینے لگا..وہ ہنسا ..

دونوں..ہاتھوں سے پھیر سے چہرہ اسکا تھام لیا

جب ہم حور سے شادی کرلیں گے تو تمھیں بھی ازاد کردیں گے تم بھی اچھے سے لرکے سے شادی کرلینا" اسنے..

آنکھوں ہی آنکھوں میں دیکھ کر کہا..جیسے طوہ اسکے اگلے عمل کو منتظر ہو اس بات کے بعد ..

اور ارمیش نے اسکی عین توقع کے مطابق ہی کیا ..

اسکو دور جھٹکا ...

اتنے ظلم کے بعد..خانم اتنی محبت" وہ..اسکی گردن..میں چہرہ گھونستا بولا ...

ارمیش نے اسکی جانب دیکھا..آنکھوں کی نمی گالوں پر تھی ..

اپکو.پشتاتا ہوا نہیں دیکھ سکتی" وہ بولی تو حیدر نے چونک کر دیکھا ..

اور پھر قہقہ لگانے لگا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ پہلی بار اسکے سامنے ہنسا ...

ارمیش یوہی دیکھتی رہی ..

وہ ہنستے ہوئے اسکے گال تھپتھپا کر. پیشانی چوم گیا ..

اور یوں ہی.. واشروم کی جانب چلا گیا ...

ارمیش.. انسو صاف کرنے لگی.. اسکا لمس اسے پسند تھا... مگر وہ تکلیف بھی اتناہی دیتا تھا ...

وہ بیڈ پر بیٹھ کر حور کا جھوٹ سوچ کر پھر سے.. رونے لگی ..

حیدر فریش سے باہر ایا ...

اسکو دیکھا ...

اب اسکے رونے کی اسے پروا نہیں تھی ...

وہ.. اچھا سا تیار ہو تا ...

وہاں سے.. نکلنے لگا... کہ دروازے میں مڑا ...

ارمیش کی جانب دیکھا.. وہ بھی اسے ہی دیکھ رہہ تھی ...

حیدر نے اسے سمائیل کے ساتھ ایک ونک پاس کی ..

اور.. وہاں سے نکل گیا.. ارمیش.. نے کچھ دیر بعد گاڑی کی اواز سنی..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اپنی بے بسی اور اس لڑکی کی فتح پر.. سسک کر رہ گئ.. کر بھی کیا سکتی تھی ...

.........................

عابیر کو منیب اسکے کمرے کے سامنے چھوڑ گیا ..

اسنے دروازہ بجانے کی زحمت نہ کی اور کمرے میں اگئ تو ایک پل کو ساکت رہ گ .. >

کمرہ مکمل روشنیوں سے بھرا تھا ..

نیم اندھیرے میں کینڈلز.. جگہ جگہ بکھری ہوئ تھیں.. جبکہ کمرے میں اے سی کی.. خنکی بڑی بھلی لگ رہی تھی گو کہ حویلی میں. اور کالام میں اسے.. گرمی لگی ہی نہیں. تھی پھر بھی یہ خنکی اچھی لگی ..

سفید.. بیڈ کی چادر پھولوں سے لدی ہوی بہت ہی حسین لگ رہی تھی نیڈ سے نیچے بھی پھول بکھرے ہوئے تھے ..

عابیر مسکرادی اس شخص کے ارمانوں پر ..

اسنے پلٹ کر دیکھا ...

وہ دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا.. تھا.. ٹروازر شرٹ میں بے پناہ حسین لگ رہا تھا مگر عابیر کو اسکی صورت سے زیادہ کسی کی صورت بدصورت نہیں لگتی تھی ...

بہرام اسکو اپنے علاقائی لباس میں دیکھ کر دل سے مسکرایا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دروازہ بند کرتا وہ اسکی جانب بڑھنے لگا.. عابیر کا دل.. کانپ رہا تھا.. مگر.. اسنے کچھ واضح نہیں کیا ..

وہ اسکے نزدیک ایا ...

اور.. اسکے کی کمر میں ہاتھ ڈال کر.. اسے اپنے سینے سے چیپکا لیا ..

مکھن اس رات کا انتظار... بہت شدید تھا... "وہ.. اسکے چہرے پر نرمی سے انگلیاں چلانے لگا ..

عابیر سانس روکے بغیر شرمائے.. اسکی آنکھوں کو دیکھنے لگی

بہرام.. نے.. چاہت سے.. اسکی پلکوں کو لبوں میں دبالیا...

سرکار.. شرماتی بھی نہیں ہو" وہ مدھم سا ہنسا ...

بہرام... کی بات کا اسنے جواب نہ دیا.. اور پلکیں جھکالیں.. جبکہ بہرام دل کھول کر ہنسا عابیر نے پھر اسکی جانب دیکھا ...

اتنی تابعداری" وہ خود حیران تھا ...

عابیر سے اسے تابعداری کی امید نہیں تھی ..

عابیر اب بھی یوں ہی کھڑی تھی جبکہ وہ.. بہکنے لگا تھا ...

میری ملائی... اتنی خوبصورت کیوں ہے" وہ.. اسکے چہرے.. کے نقوش کو... بے قراری سے چھو رہا تھا ...

جبکہ عابیر سن کھڑی تھی بہرام... اسکے لبوں کے کنارے پر موجود تل کو.. غور سے دیکھتا.. اچانک اسپر جھک گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے لمس میں تڑپ تھی ...

بہرام نے.. اسکے ہاتھ اپنی گردن میں ڈالے اور کمر کو جھٹکا دے کر.. اسے دیوار کے ساتھ لگا دیا.. وہ اسپر بڑی شدت سے حاوی ہوا تھا ...

عابیر کا دم گھٹنے لگا.. مگر وہ اپنی مرضی سے ہٹا ...

بہرام نے.. سانس بحال کرتے اب اسکی گردن پر وار کیا ...

وہ.. اپنی حدود پر کر رہا تھا.. عابیر نے اسکو.. نہیں روکا ..

جبکہ اسکی آنکھیں بھیگ گئیں تھیں.. انسو لڑھک کر.. بہرام خان.. کے مدہوش چہرے پر گیرہ.. تو وہ ایکدم الرٹ ہوا ...

اسنے عابیر کو دیکھا.. جو لبوں کو دانتوں میں لیے ضبط سے کھڑی تھی بہرام ..

مسکرا دیا.. اور.. اسکا ہاتھ تھاما تو.اسنے اسکی جانب دیکھا ...

وہ اسے بیڈ پر لے ایا ...

عابیر بھی اسکے ساتھ چل رہی تھی مگر چہرے پر سنجیدگی تھی ..

بہرام.. اسکے ساتھ بیٹھا.. اور ابھی اس سے پہلے وہ کچھ اور کرتا.. عابیر نے ...

اسکا ہاتھ جھٹکا... وہ حیرانگی سے چونک کر دیکھ رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تم کتنے بدصورت ہو کبھی کسی نے بتایا" عابیر اسکی حیران آنکھوں میں سفاکیت سے دیکھتی بولی ..

ہاں بہرام خان کے رنگ اڑے تھے ...

اسکا چہرہ اس انداز مج پھیکا پڑا.. کہ عابیر ... مسکرا اٹھی ..

بہت بدصورت ہو تم ....

بدصورتی کے ساتھ کون جی سکتا ہے" وہ.. اسکے چہرے کے قریب ہوئ ..

بہرام... کی سانسیں تیز ہورہیں تھیں.. وہ سن رہی تھی ..

وہ ہلکا سا پیچھے ہوا.. ح ءرت ہی حیرت تھی ...

مجھے تمھاری بدصورتی سے... الجھن ہوتی ہے گھن اتی ہے..." وہ... اسکے چہرے کو عجیب... انداز میں دیکھ رہی تھی ..

تم وہ گندی گوٹھلی ہو جسے میں نغل نہیں سکتی... اغل نہیں سکتی پھنس گئ ہو...." وہ متلا کر بولی بہرام جھٹکے سے اٹھا ...

اسکا پارہ ہوئ ہو رہا تھا ..

دل کی دھڑکن.. بری طرح تھی ..

عابیر ہنس پڑی ...

تمھیں پہلے کوئ بتا دیتا تو اج تمھیں دکھ نہ ہوتا.. " وہ کہتے ہوئے اٹھی.. اور اسکے قریب انے لگی ..

دور رہو" بہرام دھاڑا.. عابیر



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اووو کر کے رہ گئ ..

جبکہ وہ.. شدید گھبراہٹ.. میں کمرے سے نکل گیا ..

ابھی تو.. مزید سہنا ہے" عابیر ہنس کر شانے اچکا گئ ..

.............

صبح کا سورج نکل ایا تھا.. مگر پلکیں نہیں جھپکی گئیں تھیں... وہ ٹانگ پر ٹانگ رکھے... بیٹھا.. اسکی صورت تک رہا تھا..

جو سکون سے سو رہی تھی ...

وقت گزر رہا تھا ...

بہرام.. کے دل میں طوفان اٹھ رہے تھے ..

ایسے طوفان... جن کے اگے.. اگر کوئی اتا.. تو جل کر بھسم ہو جاتا.. ہاں بلکل ایسا ہی تھا ...

یہ لڑکی.. اگر اسکی چاہت نہ ہوتی تو.. وہ اسے بتاتا. کہ وہ کیا.. ہے.. اور.. بہران خان کا لام کی جان کیا ہے ...

بہرام نے مٹھی.. کو صوفے کے کونے پر مارنا شروع کیا.. اسکے الفاظ دماغ.. میں... چبھ رہے تھے ...

وہ مارتا گیا.. ہاتھ مارتا گیا.. حتی کہ.. اسنے... ٹیبل پر سے گلاس اٹھا کر دیوار پر دے مارا ...

عابیر چھناکے کی اواز سے.. اٹھی.. اور سامنے اسے دیکھ کر.. ایکدم دنگ رہ گئ ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کل رات کے لباس میں..گلے میں ٹائی جھولائے..اگلے بٹن کھولے بکھرے بالوں سے وہ کتنا مضطرب لگ رہا تھا ...

عابیر کو حیرانگی ہوئی..وہ اتنا خود پسند تھا یعنی..

ایک کمزوری..اسکی..اسکے ہاتھ اگئ تھی ...

عابیر..نے اب ایک نظر گلاس کو دیکھا ...

جو کئ ٹکڑوں میں تقسیم تھا ...

اسی طرح ٹکڑے ہو جاتے ہیں ...

جنھیں دوبارہ کوئی جوڑ نہیں سکتا ...

جیسے تم اسے اسکی اصل شکل میں نہیں لا سکتے ...

یوں ہی ٹکڑے کر دیا ہے..تم سب نے مل کر" وہ سنجیدگی سے کہتی..اٹھی..واشروم میں جاتی بہرام نے ایکدم اسکو جکڑا..

کیا کیا ہے میں نے تمھارے ساتھ ...

محبت...یہ چار پانچ لفظ کو میں کسی پر پھینکنا بھی پسند نہ کرو اگر میں تم سے کر گیا تو تم...یہ سب کرو گی میرے ساتھ..

اج تک میری نیند کوئی حرام نہیں کر سکا تم نے ایک رات میں..مجھے سونے نہ دیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر بہرام.. کی اگر تم محبت ہو تو.. بہرام خود اپنا عشق ہے..." وہ دھاڑا.. عابیر کو ایک پل کے لیے اس سے خوف ایا ...

اور محبت کو تو میں... گاڑ سکتا ہوں مگر میرا.. عشق .....

نہ ختم ہونے والا ہے" وہ اسکے بازوں کو سختی سے جکڑتا.. چلا رہا تھا ..

یہ ہی یہ ہی تمھارا غرور کسی دن کسی بہت کمزور کے ہاتھوں ٹوٹے گا ..

تمھیں مجھ سے محبت وجبت نہیں ہے... صرف تمھارے دماغ میں فطور سوار ہے کسی طرح تم مجھے رام کر لو کسی طرح ...

تم میرے وجود تک رسوائی کر لو...اور بس ....

بس اتنا ہی.... محبت.. محبت کے معنی.. کیا ہیں.. تمھیں انکا علم نہیں.... سمجھے...ہٹو میرے راستے سے جتنی تم نے مجھے رسوائی دی ہے ...

فقت چند لفظوں سے جو کمرے میں بند تمھیں بولے گے تم تڑپ اٹھے ...

تم نے مجھے رسوا کیا ہے.. مجھے مار دیا ہے... تو تمھیں کیا لگتا ہے.. سکون سے جینے دوں گی میں تمھیں" وہ... جیسے پھٹ پڑی.. بہرام.. اسکی نفرت دیکھ کر رہ گیا ...

عابیر نے اسے دھکا... دیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام دو قدم دور ہوا ..

اور عابیر وہاں سے نکل گئی ...

بہرام.. چہرے پر ائے پسینے کا صاف کرتا... خود بھی ڈریسنگ روم میں چلا گیا ...

حالانکہ وہ اسپر غصہ نہیں کرنا چاہتا تھا.. مگر ...

پھر بھی وہ اسپر غصہ کر گیا تھا ...

.......................

تیار ہو کر وہ اپنے روم سے نکلا تو عابیر بھی اسکے ساتھ نکل ائی... بہرام نے چونک کر اسکو دیکھا.. اسوقت مردان خانے میں بہت لوگ تھے ...

جبکہ.. باقی سب گھر والے بھی تھے ...

بہرام.. ایک قدم پیچھے ہوا ..

سائیں کچھ دیر بعد کمرے سے نکلنا..." اسنے.. کچھ جھک کر کہا اور اسکے اگے اگیا ..

کیوں" وہ ماتھے پر تیوری ڈالے بولی... اتنی نفرت تھی اسے اس سے.. کہ ایک.. بات بھی اسکی مانناز ہر لگتا تھا

گاوں کے لوگ.. ائے ہوئے ہیں اور مردان خانے میں... عورتیں اسی طرح منہ اٹھا کر نہیں اتی" اسنے پیار سے سمجھایا... کہ غصے سے وہ ہینڈل نہیں ہو رہی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر نے ایک چبھتی نظر اسکی مدھم مسکراہٹ پر ڈالی اور

.ایک قدم دور ہو کر کمرے میں چلی گئ ..

بہرام کی مسکراہٹ کھل اٹھی اسنے اسکی بات جو مان لی تھی ..

بہرام وہیں سے نکلتا..ہال میں ایا

توسب سمیت گاوں کے لوگ اسے ..

دیکھنے لگے ..

اوو..شیر...دادا کی جان" دا جی نے..بڑے فخر سے..اسکے بے مثال حسن کو دیکھتے کہا..تو وہ انکے ساتھ بیٹھ گیا ..

گاوں کے لوگ..اسکو..تک رہے تھے ....

بھئ ووٹنگ شروع ہو گئ ہے ..

سب سے زیادہ ووٹ...ہمارے سائیں بہرام کو پڑنے چاہیے "انھوں نے کہا تو سب پر جوش ہو کر تالیاں بجانے لگے ..

بہرام بھی معمولی مسکراہٹ کے ساتھ بیٹھا تھا اسے معاویہ کے علاوہ سب نظر ا رہے تھے ..

معاویہ کو بھی منانا تھا...اسکے دماغ نے کلک کیا ..

اور اس سے پہلے وہ..وہاں سے اٹھتا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر کو اپنے پیچھے کھڑا دیکھ اسے جھٹکا لگا تھا ....

ہال میں سکوت چھا گیا ...

سب چپ کیوں ہو گئے... کیا بہرام خان کی بیوی سے نہیں ملیں گے "وہ.. سنجیدگی سے بولی اور اسکے بولنے کی دیر تھی ہال میں لوگوں کے درمیان چیماگویاں شروع تھیں ..

سب کی زبان پر یہ ہی الفاظ تھی ..

بہرام سائیں نے شادی کرلی ...

بہرام سائیں نے شادی کرلی ...

داجی.. نے عابیر کو دیکھا.. پھر.. اپنے ساکت کھڑے پوتے کو ..

یاور "وہ.. سختی اور سنجیدگی سے بولے ...

باہر لے جاؤ سب کو "اسنے.. پہلے لوگوں کو نکالنے کی کی... سب اہستہ اہستہ یاور خان کے کہنے پر باہر نکلنے لگے ..

ارے وہ سب چلے گے.. میں ملی بھی نہیں "عابیر نے افسوس سے کہا ...

وہاں موجود باقی لوگوں کے دل دھڑک اٹھے تھے اب کیا ہونے والا ہے.. کوئی نہیں جانتا تھا.. مگر ناگواری ہی ناگواری تھی ...

گستاخ منہ بند کرا اپنا "داجی.. اس سے پہلے عابیر پر جھپٹتے... بہرام نے بیچ میں ہی انکا ہاتھ پکڑ لیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

خان...یہ بنے گی ہمارے خاندان کی بہو یہ.. جسے.. پردے کا پاس نہیں.." داجی نے.. بہرام سے اپنا ہاتھ چھڑایا..

عابیر.. کی ہنسی چھوٹ گئ.. طنزیہ ہنسی

کیا لوگ تھے منافق عجیب..

واہ واہ واہ... کیا بات ہے پردہ.. یہاں پردہ بھی ہوتا ہے" وہ.. اردگرد دیکھنے لگی

.بہرام یوں ہی کھڑا اسے دیکھ رہا تھا...

اوہ ہاں مجھے لگتا ہے.. یہ سلاخیں پردہ ہیں. وہ عورتوں کے لیے بنائ گئ ہیں.. ماں اپنے بیٹے سے نہیں مل سکتی بہن اپنے بھائ سے کچھ ایسی پردہ داری ہے..." عابیر نے.. زنان خانے کی جالی.. کو چھوا اسے محسوس ہوا وہاں پر عورتیں جمع تھیں..

وہ ازاد انسان تھا.. اسنے کبھی سوچا نہیں تھا.. کہ وہ یہ اس سے متعلق... کوئ انسان.. داجی کے کٹھڑے میں... کھڑے ہو گے.. اور وہ تماشہ بنے گا.. اسوقت بہرام کے ماتھے کی رگیں تن گئیں ...

بہرام یہ تو اسے یہاں تو اسے سے لے جاو ورنہ اب ہم سے برا کوئ نہی ہو گا" عظیم خان بھی دھاڑے ...

لو.. یہ کیوں لے کر جائیے گا. میں خود چلی جاو گی پاوں ہیں میرے پاس... اور.. ایک منٹ .....

یہ جو منافقت اپ لوگوں نے پھیلائی ہوئی ہے.. اس کو.. ختم کریں یہاں تو سب ہی.. عجیب شکلوں کے ہیں..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

قانون بھی صرف عورتوں کے لیے...واہ رے... حویلی اور اس حویلی کی نحوست "وہ بے دھڑک بولتی.. دوبارہ اپنے کمرے میں پلٹ گئ ...

دیکھ رہے ہو خان... یہ یہ ہمارے اصول اور ہمیں منحوس کہہ گئ...اور تم چپ کھڑے رہ گئے.. ایسی گیدڑوں والی تربیت کی تھی میں نے تمھاری ایسی "داجی نے اسے جھنجھوڑ دیا ...

بہرام انکا ہاتھ جھٹکتا ...

حویلی کے حال سے ہی نکلنے لگا ...

مگر اس سے پہلے وہ نکلتا...روکا ...

میرے کمرے میں کوئی نہ جائے...."اسنے گردن موڑ کر کہا.. اور سیدھا.. اپنی گاڑی کیطرف بڑھ گیا ...

غصہ کہیں نہ کہیں تو نکلنا ہی تھا ...

معلوم نہیں تھا اب کون معصوم جان اس غصے کی نظر ہونے والی تھی ...

........................

وہ لوگ ساری رات نہیں ائے تھے ..

وہ ڈرتی رہی تھی.. بار بار مورے.. کو یاد کرکے وہ روتی رہی تھی .

اسے تنہائی سے ڈر لگتا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور پوری رات وہ کیسے.. گزار دیتی ..

بر حال نیند تو..شاید..انسان کو انگاروں پر بھی اجاتی ہے جب اسنے انا ہو ...

اور یہ ہی ہوا تھا فجر کی نماز پڑھ کر وہ مسلسل روے جار ہی تھی اور اچانک غنودگی نے جالیا ...

تبھی...گھر میں کھٹ پٹ کی اواز ائ ...

وہ ایکدم الرٹ ہوئ ڈر مزید لگنے لگا ...

حیدر "اتنے خوف میں بھی اسنے ایک جن کو ہی پکارہ تھا ...

عجیب محبت تھی ...

قدموں کی اواز بھی ار ہی تھی جبکہ اب بولنے کی اواز ار ہی تھی ...

وہ..بری طرح سہم چکی تھی ..

اور جیسے ہی اسکی سماعتوں نے اس اواز کو پہچانا...اسے کچھ سجھائ نہیں دیا..وہ بغیر کچھ دیکھے..اندھادھن باہر کیطرف بھاگی... چھوٹے سے..ڈرائینگ روم میں..وہ..اور حور آمنے سامنے کھڑے تھے تبھی ارمیش ای اور.. اسکے سینے سے لگ گئ ...

گھر میں کوئ ہے سائیں..ابھی مجھے آوازیں ائ ہیں"وہ سسکنے لگی ایک پل کو تو حیدر حیران ہوا..پھر اسے فکر ہوئ.. کہ گھر میں کون تھا..مگر وہ تو ابھی ائے تھے اور بولے بھی وہی تھے ایک دوسرے سے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے ارمیش کی کم عقلی پر غصہ ایا ۔۔۔

اسنے اسے خود سے دور کیا۔۔ارمیش خجالت کا شکار ہوئ۔۔وہ کیسے اتنی بے اختیار ہو سکتی تھی ۔۔۔

واہ بڑی ڈرامے باز ہو تم تو" حور نے نخوت سے کہا ...

خانم دماغ ٹھیک ہے" حیدر نے بھی لتاڑا تو۔۔وہ مزید کنفیوز ہوتی۔۔اور رو دی ۔۔

ہیپی تم زیچ نہیں ہوتے اسکے ہر وقت رونے دھونے سے..." حور نے برا سا منہ بنایا۔۔حیدر خاموش رہا جبکہ ارمیش حور کو دیکھ کر رہ گئ ...

جاو کمرے میں کچھ دیر بعد ڈاکٹر کے پاس جانا ہے" اسنے سختی سے کہا تو۔۔ارمیش۔۔انسو پوچھتی۔۔کمرے میں چلی گئ ...

یہ احساس شدت سے ہوا کہ اسکا کوئ نہیں تھا۔۔مگر۔۔تھا یہ غلط تھا وہ ناشکری نہیں تھی۔۔اللہ تھا اسکے ساتھ۔۔اور پھر اللہ نے اسکو اولاد جیسی نعمت دی...کیا یہ نعمتیں کم تھیں ۔۔

اسنے۔۔سوچتے ہوئے زمین پر پڑا دوپٹہ اٹھایا ۔۔۔

باہر سے آوازیں انا بند ہو گئیں تھیں۔۔تو کیا وہ اسکے روم میں چلا گیا تھا ۔۔

اسنے ایک پل کو سوچا...دل پھر خون کے انسو رونے لگا ۔۔

کیا بس اسکی قسمت میں ان آنسو کا ساتھ تھا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے.. ائینے میں اپنا عکس دیکھا.. سرخ سوجے پپوٹے.. اور زردی مائل چہرہ کل والے کپڑے ...

وہ تو کبھی ایسی نہیں دیکھتی تھی ..

مگر حیدر کی محبت نے.. اسکا یہ حال کر دیا تھا ...

اسے بھوک لگنے لگی.. تو.. وہ کچن میں اگئ وہ ٹھیک سمجھی تھی وہ حور کے کمرے میں جا چکا تھا ...

اسنے اس بند کمرے کو... افسوس سے دیکھا.. انسان.. کتنا... بڑا سمجھتا ہے خود کو.. حالانکہ اسکی.. اہمیت زرے کے برابر بھی نہیں.. وہ شخص بھی.. ایک نامحرم لڑکی کے ساتھ خود کو مصروف کر کے.. کتنا بڑا بن رہا تھا ..

اسنے.. نظریں پھیریں اور کچن میں اگئ ...

بریڈ انڈا بناتے ہوئے نہ جانے اسکے ہاتھ خود با خود کانپنے لگے.. اسنے کچھ نہیں کھایا تھا جب سے یہاں ائ تھی ..

وہ عورت اسکا بچہ لینا چاہتی تھی.. اسکا نہ سہی اسکے بچے کا احساس تو وہ کر سکتے تھے نہ.. اسنے پھر اسی کے بارے میں سوچا.. اب کہ وہ رونے لگی.. اسکی ہمت نہیں بن رہی تھی.. مگر. وہ تنہا تھی.. مورے نین انوشے.. بی جان. تائ جان پھوپھو کون تھا جس کے سامنے وہ روتی اور اسکے احساس میں.. کوئ اسکے لیے کچھ بنا دیتا.. مگر کیا وہ بھی اسکے اپنے تھے ...

بغیر بتائے.. وہ لڑکی انکے گھر سے کب سے غائب تھی نہ اسکی مورے یہ... نہ اسکے بابا جان.. یہ ہی قریب رشتے تھے نہ انھیں وہ یاد بھی نہیں ائ تھی.. وہ کیسے اپنے تھے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جو اسکے لیے فکر مند نہیں تھے حیدر کے لیے تھے.. کہ وہ شخص اسکے ساتھ ٹھیک ہو جائے بس. وہ یہ چاہتے تھے ...

اسنے.. کانپتے ہاتھوں سے. ابھی ایک لقمہ منہ میں رکھنا چاہا ...

کہ حور.. نے. اسکے ہاتھ سے.. سلائس لے کر.. دور پھینک دیا ..

تمھیں یہ احساس ہے کہ.. حیدر اور میں بھوکے ہیں ساری رات باہر.. گزار دی. اور اب بھی اپنے کھانے کی پڑی

ہے..."وہ کمر پر ہاتھ رکھے اسکو دیکھنے لگی ...

ارمیش.. نے بھی اسکی جانب دیکھا ...

ارمیش نے جواب نہ دیا اور.. پلیٹ اٹھا کر.. وہ کچن سے نکلنے کو تھی.. کہ حور.. کو.. پھر سے وہی احساس ہوا.. جیسے.

وہ.. خاموشی کا طمانچہ مار گئی ہو اسے ..

سمجھتی کیا ہو خود کو" حور نے اسکے ہاتھ سے پلیٹ لے لی ..

راستہ چھوڑیں میرا" ارمیش کو اس سے خوف ا رہا تھا وہ اسپر چڑھ رہی تھی.. جبکہ نقاہت نے اسے. مزید کمزور کر دیا

تھا.

مہرانی صاحبہ میرا گھر ہے یہ" حور نے غصے سے.. اسکا منہ پکڑ لیا.. ارمیش نے.. ہاتھ کی مدد سے خود کو چھڑوانا

چاہا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر حور کا بس نہیں چل رہا تھا اس کو بھی وہ کمزوری دے دے جو.. اس کے وجود میں ہے.. اور بس اس خیال نے اسکو.. آپے میں نہ چھوڑا ...

اسنے ارمیش کو بری طرح جھنجھوڑ دیا ..

یہ یہ تیری آنکھیں بار بار کہتی ہیں مجھے کہ میں ماں نہیں بن سکتی.. میں نوچ لوں گی انھیں" وہ اسکی آنکھوں کو..

ابھی چوٹتی.. ارمیش نے اسے پیچھے دھکا دیا ..

اسکا سانس پھول گیا تھا.. یہ سب کیا ہو رہا تھا کیا ہو گیا تھا اسے.. وہ کیا پاگل تھی.. اسکا دل... جیسے پھٹنے کو تھا وہ اسے پکارنا چاہتی تھی ...

مگر.. حلق میں اواز دم توڑ رہی تھی ...

جبکہ حور کا غصہ مزید اپے سے باہر ہوا.. کیونکہ پیچھے گیرتے ہی وہ منہ کے بل گیری تھی ...

اور یہ گیرنا ہی اسے احساس.. کمتری میں کیا ڈالتا.. وہ... چیل کیطرح اسپر جھپٹی ..

تیرا یہ بچہ میں مار دوں گی پھر تو بھی میرے جیسی ہی ہو جایئے گی تیری یہ آنکھیں برتری کا احساس نہ کریں گی" وہ کوئی پاگل لگ رہی تھی ...

اسنے ارمیش کے پیٹ پر مارنا چاہا.. کہ.. ارمیش جو اسکی بکواس حیرت سے سن رہی تھی اچانک اس میں نا جانے کون سی فولادی قوت اسکے اندر اگئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہ اسنے کھینچ کر حور کے منہ پر تھپڑ دے مارا ...

وہ اپنے قدموں پر لڑکھڑائ تھی..

میرے بچے کو ختم کرو گی تم.. تم" وہ حقارت سے چلای.. اسوقت وہ کہیں سے بھی ڈری سہمی ارمیش نہیں لگ رہی تھی ...

یہ خانزادی کا بچہ ہے.. تمھاری جیسی ایری گیری کا نہیں جو... کسی کے ساتھ بھی راتیں گزار لے.."وہ.. اسکے بال نوچتی دھاڑی ...

اور اسے پرے دھکیل دیا ..

حیدر اسکے چیخنے چلانے پر نیندوں میں اٹھتا باہر ایا ...

اور سامنے اک منظر دیکھ کر حیدر حیران رہ گیا.. ارمیش حور کے بالوں میں لٹکی ہوئ تھی ...

ارمیش "حیدر کی دھاڑ پر اسکی گرفت ہلکی ہوئ مگر اج.. اسنے چھوڑا نہیں.. حور بری طرح رونے لگی ..

حیدر یہ مجھے مار دے گی" وہ سسکی ..

ارمیش کو اب اسکے ڈرامے کی.. کوی پرواہ نہیں تھی. وہ لڑکی اسکے بچے کو مارنے کے منصوبے بنا رہی تھی.. اسکے وجود میں پہلی بار کوی بات انگارے بھر گئ ...

ارمیش خانم.." حیدر نے ارمیش کی کلای پکڑ کر جھٹکی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیاپاگل پن ہے.. کیا حرکتیں کر رہی ہو" حیدر اس سے پہلے کوئی ایکشن لیتا.. ارمیش نے.. کھینچ کر حیدر کے منہ پر تھپڑ مارا ...

حیدر سمیت حور پر بھی جیسے.. حیرتوں کا پہاڑ... ٹوٹ پڑا ...

کیسے ہوا یہ "اسنے پوچھا.. بھیچی بھیچی اواز میں ...بے انتہا سرد پن تھا.. اور پھر..روحیل نے اسے سب بتایا..تو...

بہرام نے ایک کھینچ کر تھپڑ دے مارا.. تھپڑ میں اتنی شدت تھی ...

کہ وہ دیوار سے بجا ...

فائر ہو تم اور تمھاری بیوی "اسنے کہا...تو...روحیل سمیت کرن کے بھی اوسان خطا ہوئے. مگر بہرام کے پاس کوئی لچک نہیں تھی ..

ارمیش.. دل ہار ہار کر چیخ رہی تھی جبکہ وہ باہر نکل ایا..اسے سمجھ نہ ایا.. کیا کرے..حویلی والوں کو بلائے ..

کیونکہ یہ سب وہ خود..ہینڈل نہیں کر سکتا تھا ...

اور اسکی بیوی کوئی اتنی اچھی نہیں تھی جسے اعتماد میں لیا جاتا ...

وہ محبوبہ.. جس کے ناموں نے ریڈرز کو ایمپریس کیا تھا وہ صرف بیوی رہ گی تھی ...

اسنے موبائل اٹھایا.. اور داجی کو کال کی...اب حیدر.. پاتال میں سے بھی نکل کے اجاتا...کیونکہ..داجی کا پوتا...ختم ہوا تھا

.............

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی بھوکے شیر کیطرح حیدر کے پیچھے پڑ گئے تھے.... انھوں نے یاور خان کو بھی کہہ دیا تھا اگر حیدر خان... دو تین دن میں حویلی نہ ائے تو... وہ اسے اک کر دیں گے ....

سب ملازم اور خاص بندے حیدر کی تلاش میں تھے جبکہ ارمیش کی حالت... پر... سب کا ہی دل کٹ رہا تھا.. وہ بار بار بے ہوش ہو رہی تھی ..

حور نے بلاخر اسکے بچے کو مار ہی دیا ...

زنان خانے کی خواتین بھی اسکے گم میں برابر کی شریک تھیں ...

سب کو ارمیش کو لے کر اپنی اپنی بے حسی... نے بہت تڑپایا.. تھا ...

خاص طور پر مورے کو... وہ اسکی ماں تھیں پھر بھی چار ماہ تک وہ.. حویلی نہ ائی.. انکی نظروں کے سامنے نہ ائی... اور انھوں نے بس حیدر پر اکتفا کر لیا.. کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ ہے تو ٹھیک ہی ہو گی.. جبکہ وہاں سب جانتے تھے کہ ارمیش اور حیدر کے تعلقات کیا ہیں اور حیدر ارمیش کو کس طرح ٹریٹ کرتا... ہے ..

پھر بھی وہ سب لوگ حیدر پر بھروسہ کر رہے تھے جبکہ... حیدر نے اسکے ساتھ کیا.. کیا ...

اور اگر... بہرام نہ ملتا تو.. نہ جانے وہ کہاں جاتی ...

سب خود کو ارمیش کا قصوروار سمجھ رہے تھے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ ارمیش..بس اپنے ہی غم میں تھی..اسکا بچہ جسے بچانے کے لیے..اسنے ہر حدیں پار کیں..اس عورت کی حسد نے اسکو..مار ہی دیا ...

اس کارور وکر برا حال تھا جبکہ وہ اپنے ساتھ سب کو رلا رہی تھی ..

داجی نے بھی اسکے سر پر ہاتھ رکھا..تھا...اخر کو انکا..پڑپوتا...جو ان کی شان میں مزید اضافہ کرتا وہ چلا گیا تھا..مر گیا تھا انکا بس نہیں چل رہا تھا وہ حیدر کو...اپنے ہاتھوں سے مار دیں...مگر..ابھی ممکن نہیں تھا .......

جبکہ ان سب میں عابیر... تھی جسے ہرگیز بھی افسوس نہیں ہوا تھا..انسانیت کے ناطے بھی نہیں ...

وہ جس قسم کے لوگ تھے انکی سزائیں اس سے بھی بڑھ کر ہونی چاہیے تھی جبکہ وہ بھول گئ تھی سزا دینے والی وہ کوئ نہیں تھی ..

اور رب جس کو..چاہے سزا دے اور جس کو چاہے اپنی رحمت..کے زریعے معاف کر دے..مہربانی اسکی صفت ہے ..

اور جب ان لوگوں کا غرور اپنے ہی توڑ رہے تھے..تو ...

وہ انکا مزاق بنانے والی کوئ نہیں تھی ....

مگر..اسکی خصلت بدل رہی تھی جس کا اسے اندازا بھی نہیں ہو رہا تھا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس وقت سب ہی ارمیش کے کمرے میں تھے.. سب اسکی دل جوئی میں لگے تھے کہ کسی طرح وہ مسکرا دے ان سب کو معاف کر دے ...

مگر ارمیش.. ویران آنکھوں سے.. بس خاموشی اڑھے ہوئی تھی ..

چندہ... یہ پی لو اچھا محسوس کرو گی" بی جان نے سوپ کا پیالہ اسکے اگے کیا ..

وہ ان سب سے بھی کوئی بحث نہیں کرنا چاہتی تھی ..

اسکی قسمت میں محبت اور احساس نام کی کوئی چیز نہیں تھی.. تو وہ.. کس کس.. سے شکوے گلے کرتی.. اسنے خاموشی سے باول تھام کر.. سوپ پینا شروع کر دیا.. مورے منہ پر ہاتھ رکھ کر رونے لگی ...

بی جان اس سے کہیں معاف کر دے اپنی ماں کو... مت تڑپائے..."وہ بولیں تو سب کی آنکھیں نم ہو گئیں جبکہ... ارمیش یوں ہی سپاٹ انداز میں سوپ پیتی رہی ...

ایک اور بھی تھا.. جس کو... یہ سب ڈرامے بازی لگ رہا تھا ..

رک جاو خانم.. ابھی اسے پریشان نہ کرو...."بی جان نے.. انھیں روکا... تو وہ.. مزید رو دیں. پھوپھو نے انکو سمبھالا... مگر بیٹی.. کو دیکھ کر.. ان کا بس نہیں چل رہا تھا خود کو ختم کر لیں اخر کو وہ ماں تھیں پھر. کیوں نہ اسکے لیے سہی فیصلے کر سکیں.. کیوں نہ دیکھ سکیں کے وہ.. بھی خوشیوں کی منتظر ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ویسے یہ مکافات عمل ہے "ایک طرف کھڑی عابیر.. بولی... توسب نے پلٹ کر دیکھا.. ارمیش اب بھی سوپ کیطرف متوجہ تھی ...

جو جیسا بوتا ہے ویسا کاٹتا.. ہے..."وہ پھر بولی ....

اپ جیسے لوگوں کے ساتھ ایسا ہی ہونا چاہیے"

دفع ہو جاو یہاں سے "نین کا تو میٹر گھوم گیا ...

تمھارے ساتھ جو بھی ہوا.. اس میں میری بیٹی کا کوئ قصور نہیں تھا نہ ہی میری بیٹی نے کچھ کیا جسے تم مکافات عمل کہہ رہی ہو..."مورے بھی بولیں اب وہ بلکل بھی.. اپنی بیٹی کے ساتھ زیادتی برداشت نہیں کر سکتیں تھیں ہاں زمیر تب جاگا تھا.. جب بیٹی مر گئ تھی ...

عابیر یوں ہی مسکراتی رہی ...

عابیر خانم "

بی جان بولیں ..

میرے نام کے ساتھ اپنی یہ گندی شناخت مت لگانا اج کے بعد...."وہ دھاڑی.. سب حق ودق... اسکی بی جان کے ساتھ اسقدر بدتمیزی پر اسکو دیکھنے لگے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہمم بہت اچھا ہو رہا ہے.... بہت ہی اچھا.. اور ابھی.. ہو گا.. وہ بھی مرے گا تب ہی سکون ملے گا مجھے" وہ چلاتی ہوئی کوئی پاگل لگ رہی تھی... اور بولتی ہوئی یوں ہی نکل گئی .....

بی جان کا چہرہ خفت سے سرخ پڑ گیا ...

نین اور انوشے کو عابیر پر بہت ہی غصہ ارہا تھا ...

مگر غصہ دباتیں... وہ ارمیش کیطرف متوجہ ہوئیں اسوقت ارمیش کو انکی سب سے زیادہ ضرورت تھی

.....................

عابیر وہاں سے نکل کر اپنے کمرے کی جانب چلنے لگی یہ لوگ اس لائق تھے ہی نہیں کہ وہ ان کے پاس جاتی ...

اپنے کمرے میں جانے سے پہلے وہ داجی کے کمرے کے سامنے سے گزری تو بہرام معاویہ کو وہیں پایا ...

داجی انکے ہاتھ میں کوئی چیز تھما رہے تھے ...

وہ گھڑی تھی جس پر ہیرے لگے تھے.. جبکہ بہرام اور معاویہ دونوں ہی گھڑی کی تعریف کر رہے تھے ...

عابیر کچھ دیر وہاں کھڑی.. ان سب کو دیکھتی رہی... اور پھر... اچانک ہی مسکرا دی حالانکہ.. کچھ وقت پہلے جایا جاتا تو.. وہ لڑکی.. دوسروں کی ٹو میں کبھی نہیں لگی.. مگر اب بہرام اور اسکے خاندان والوں کو زلیل کرنے کے لیے وہ اپنی سطح سے بہت نیچے جا چکی تھی کہ اب تو اسکے گھر والے بھی یہ کہتے کہ.. اسے ہو کیا گیا ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ریہا.. اس مسلسل اسکے بدل جانے کا شکوہ کرتی رہتی.. جبکہ ماما بھی اسکو اب تو غصے سے بد تمیز کہنے لگ گئیں تھیں بابا.. اسکی ان حرکتوں پر اس سے بات نہیں کر رہے تھے جبکہ معاذ جس پر تو اسکا خون کھولتا تھا.. وہ تو اسے پسند کرتا تھا.. پھر اسکی چھوٹی بہن.. سے کیوں شادی کر رہا تھا.. وہ بری طرح جلن حسد.. غصہ اور بدلے ان سب میں پھنس کر خود کو تباہ کر رہی تھی ...

عابیر وہاں سے گزر گئی ....

اگے نا جانے کیا ہونے والا تھا ...

..................

بہرام.. شاید بھول گیا تھا.. یہ اسی کا کمرہ ہے... اسکی ملکیت جہاں اسکے حکم کے بغیر کوئی نہیں اتا تھا.. مگر اب.. اسے اجازت طلب کرنی پڑتی تھی جبکہ اکثر وہ معاویہ کے کمرے میں ہوتا ...

وہ اندر داخل ہوا تو عابیر.. بیڈ پر بیٹھی کوی نیوز دیکھ رہی تھی اسے دیکھتے ہی اٹھی ..

تم تم یہاں کیوں اے ہو" وہ غصے سے بولی ...

کیونکہ یہ میرا کمرہ ہے... اور میرے سرکار بھی اسی کمرے میں ہیں" وہ مسکرا کر... اسکی طرف بڑھا... کہ عابیر نے گلدان اٹھالیا ..

اپنے غلیظ... وجود اور اس بدصورت چہرے کو مجھ سے دور رکھو" وہ دھاڑی بہرام.. نے دانت بھینچے ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری محبت نے اور مہلت نے تمھیں زیادہ سر چڑھالیا ہے "وہ.. انگلی اٹھا کر بولا ....

تم صرف یہاں سے دفع ہو جاو اس کے علاوہ کچھ نہیں "وہ بد تمیزی سے آنکھیں نکال کر بولی ...

مجھے بلکل امید نہیں تھی... قطرہ قطرہ میرے دل کو اپنی طرف سے پتھر نہ کرو .....

جو میں نے کیا وہ میں بھگت چکا ہوں ہاں میں نے غلط کیا.. میرا طریقہ غلط تھا... مگر میں نے.. سب صیحی کرنے کی بھی تو کوشش کی ہے جو لوگ تم پر تھو تھو کر رہے تھے.. اج وہی.. تمھیں خوشقسمت سمجھتے ہیں ...

مگر.. مجھے ان سے نہیں صرف تم سے غرض ہے میٹھی.. کیوں کر رہی ہو... ایسا "وہ پھر سے بولا تو عابیر نے اسکی طرف دیکھا ..

کیونکہ مجھے تم سے نفرت ہے اور میں تم سے علیحدگی چاہتی ہوں طلاق دوابھی اور اسی وقت مجھے جو شخص مجھے ایک انکھ نہیں بھاتا چار ماہ سے... میں اس حویلی کو جیل سمجھے ہوئے ہوں اور.. تم یہ کہہ رہے ہو. کہ میں کیوں کر رہی ہوں دو مجھے طلاق. "وہ دھاڑی.. بہرام ساکت رہ گیا ...

ہر طرح سے اسکو پورٹیکشن سپورٹ دینے کے بعد بھی وہ ویسی ہی تھی ...

اسکا دل جیسے.... ٹوٹ سا گیا ...

طلاق تو میں تمھیں نہیں دوں گا یہ سوچ تو اپنے زہن سے نکل دو.. کان کھول کر سنو.. کان صاف کر کے سن لو طلاق تمھیں میں نہیں دوں گا...."وہ بھی چلایا. ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور واشروم میں چلا گیا ..

میں بھی دیکھ لوں گی تمھیں" عابیر نے ..واس ..بیڈ پر پھینکا اور کمرے سے ہی نکل گئ اس ادمی پر اسے اتنا سا بھی بھروسہ نہیں تھا"

....................

ارمیش کی حویلی واپسی کی....وہ چوتھی شام تھی جب حیدر بڑے تفخر سے حویلی میں داخل ہوا...مردان خانے میں سب موجود تھے ...

حیدر کو دیکھ کر ایکدم سب اٹھ گئے ....

بہرام بھی وہیں داجی کے پاس بیٹھا تھا ...

اسکے پیچھے اتی .موڈرن سی لڑکی کو دیکھ کر داجی کی ایک للکار تھی حویلی میں ...

ہماری بندوق لاو" ملازم حرکت میں ائے ...سب ہی ان دونوں اور داجی کی جانب دیکھ رہے تھے ...

جبکہ داجی حیدر کو چیر پھاڑ کر دینا چاہتے تھے ....

تیری جرت بھی کیسے ہوئ سردار ہو کر اس پنج برادری میں شادی کرے...ہماری خانم میں کیا کمی تھی" وہ اسکا گریبان جھنجھوڑ کر بولے ..دونوں کے اپس میں بندھے ہاتھ بتا رہے تھے کہ وہ کسی مظبوط رشتے میں بندھے ہیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی یہ میری زندگی ہے اور میں نے فیصلہ کر لیا تھا.. جو کہ اپکے سامنے ہے... "حیدر نے بناڈرے سکون سے کہا.... بے غیرت "داجی خود پر قابو کھوتے ہوئے.. اسکے منہ پر زوردار طماچہ مار گئے.. جس کا احساس.. حیدر کو خفت زدہ کر گیا ...

اسکا چہرہ سرخ ہو گیا... مگر ایسا ایکشن... وہ امید رکھتا تھا.. یہیں ہو گا ...

چار ماہ سے.. تیری بیوی کہاں ہے کس حالت میں ہے تجھے نہیں پتا تھا اور اس کے ساتھ رنگر لیاں بنا رہا تھا حیدر خان... ہمیں افسوس ہے.. کہ تم ہمارے خون ہو" ....

بس کریں داجی "وہ بھی غصے سے بولا ...

بہرام قتل بھی کرائے اپ اسے معاف کر دیں گے میں اگر اپنی مرضی کرایا تو... اپ مجھے گالیاں نکال رہے ہیں "وہ شاید اپنی جگہ درست تھا ..

مجھے اپنے معملے میں گھسیٹنے کی ضرورت نہیں... میں.. کمزور نہیں ہوں. جو عورت سے بدلا لو. اور بیقوقت دو عورتوں سے تعلق رکھو اور اپنے ہی بچے کو مار دوں "بہرام کے تو سر پر بجھی تبھی وہ.. انگلی اٹھا کر دانت پیس کر بس چند لفظوں میں اسکی دھجیاں اڑا گیا ...

حیدر نے کھا جانے والی نظروں سے اسے.. دیکھا... جبکہ اپنے ہی بچے کو مار دوں... یہ بات اسے سمجھ نہ ائی.. یہ اگر ا گئی تو یہ سب اسے بکواس ہی لگا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہماری مرضی ہم جو مرضی کریں.... سرداری ہمارے سر پر ہے تبھی ہمارے فیصلے کے خلاف کوئی نہیں جا سکتا" وہ اپنی پگ کا فائدہ اٹھاتا... اپنے کمرے میں جانے لگا... کہ ایک منٹ کو روکا ...

ارمیش خانم.. کو طلاق دے چکے ہیں ہم.... وہ ہماری طرف سے ازاد ہیں پیپرز کچھ دنوں تک مل جائیں گے" وہ سفاکیت سے بولا ..

وہاں سب کے قدموں سے زمین کھسکی تھی ...

حویلی میں طلاق کا رواج نہیں تھا. اور اج حویلی سردار نے اس روایات کو توڑ ڈالا تھا ...

داجی... صوفے پر گیرے تھے ..

ایک غیر لڑکی کے لیے وہ اپنے خاندان اپنے گھر کی لڑکی کے ساتھ کتنی بڑی زیادتی کر گیا تھا ...

زنان خانے کی گیرل سے کان لگائے... عورتوں کو جیسے سانپ سونگھ گیا ...

جبکہ... (مورے ارمیش کی ماں) کے اچانک زمین بوس ہونے پر وہاں چیخو پکار دیکھنے لائق تھی ....

.........................

ایک اور ڈرامہ.. عابیر نے نخوت سے سب دیکھا... اور وہاں سے ابھی نکلتی.. کہ داجی کے کمرے کا دروازہ کھلا پایا...

اسے معلوم. نہیں تھا اتنی جلدی اسے یہ موقعہ میسر ائے گا ...

وہ ارد گرد دیکھتی اندر چلی گئ ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ ہال سارا خالی ہو گیا تھا.. داجی کا بی پی ہائی ہو گیا تھا.. جبکہ مورے.. صدمے سے بے ہوش... تبھی وہ سب انھیں ڈاکٹر کے پاس لے گئے تھے زنان خانے میں عورتیں گم منا رہی تھیں تبھی اسکو یہاں کوئی نہ دیکھتا ...

وہ اندر داخل ہوئی.. جبکہ وہاں سے گزرتے منیب نے اسے حیرت بھری نظروں سے دیکھا.. اور وہ بھی گزر گیا ...

ملکوں کے معملے میں نوکروں کا کیا کام مگر عابیر کا اتنا چھپ کر جانا اسے معیوب ضرور لگا تھا ...

عابیر اندر ائی ..

اتنا شاندار کمرہ تھا.. مگر بہرام کے کمرے سے کم ..

اسنے.. دروازے کی جانب دیکھا اور اپنا کام شروع کیا ...

گھڑی تھی کہ مل کر نہیں دے رہی تھی.. وہ مسلسل.. جدوجہد میں تھی.. الماریاں بھی بند تھیں اور پھر ایک الماری کو کھلا پا کر اسنے اندر دیکھا.. تو اس میں... ایک تجوری نما خانہ تھا... جو لاک تھا اسے غصہ ایا.. اور پھر دماغ میں کلک ہوا... اسنے دراز میں کافی چابیاں دیکھیں تھیں... وہ بڑھی.. اور چابیوں.. کا گوچھا اٹھا کر اسنے کوشش شروع کی.. اور.. بلاخر وہ کامیاب ہو ہی گئی ...

اسے حیرت ہوئی. وہ کامیاب ہو گی ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے اندر جھنکا..کافی سامان تھا مگر ایک لال بکس جس میں اسے یقین تھا..گھڑی ہو گی..اسنے وہ دیکھا..اور اندر گھڑی دیکھ کر..سب ٹھیک کر کے...وہ..پلٹتی ....

ابھی کہ دروازے پر بہرام کو کھڑا دیکھ..اسکے ہاتھ سے گھڑی چھوٹ گئ ...

جبکہ منہ حونک تھا ...

دل کی دھڑکن..اتنی تیز تھی..جیسے... کسی بھی چور کے میلے دل نے..پہلی بار دھڑکنا سیکھا ہو ...

........................

جب وہ گھر ایا تھا...تب ہی..منیب نے اسے بتایا کہ عابیر داجی کے کمرے میں ہے وہ سمجھا نہ کہ وہ وہاں کیوں ہے وہاں تو اسکے علاوہ ایسے ہی کوئ نہیں جاتا اور عابیر جو سب کو اپنا دشمن سمجھے وہ کس لیے گئ تھی ....

وہ داجی کے کمرے کیطرف ایا ...

اور سامنے کا منظر دیکھ کر..ہاں اج بہرام خان کا دل کیا..وہ اپنے منہ پر تھپیڑوں کی برسات کر دے ....

اپنے دل کو کئ ٹکڑوں میں باٹ دے ....

خود کو ریزہ ریزہ کر دے کہ..اسنے اس لڑکی سے محبت کی ..

اس لڑکی کے لیے خود کو سر تا پیر بدل لیا ....

وہ بہرام..جو راتوں میں...بدنام..سڑکوں کا راہی...اسکی ایک جھلک سے..کسی دوسری لڑکی کو حرام کر گیا خود پر ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور یہ صلہ تھا اسکی محبت کا ...

وہ یوں ہی اسے دیکھ رہا تھا ...

آنکھوں میں سرخی.. جبکہ... اس سرخی نے معمولی سی نمی کا لبادہ اڑھا.. اور پھر.. اسنے آنکھیں بند کیں ...

اور.. اگے بڑھا ..

عابیر کچھ لمحے سمجھ نہ سکی.. اسکا مقصد چوری نہیں تھا ان لوگوں کے مال میں اسے کیا دلچسپی ..

اسکے بقول حرام ہی تھا ..

ہاں اتنا ضرور تھا اس گھڑی کو گم کر کے.. وہ.. ایک نئے سرے سے... بہرام کو تکلیف.. دیتی.. اور.. ایک نیا محاذ اٹھتا ..

گھڑی کو بہرام کے کپڑوں میں چھپانا چاہتی تھی.. تبھی وہ نہ چاہتے ہوئے شرمندہ ہو گئی ..

بہرام اسکے نزدیک اگیا ..

اتنا مت گیرا و خود کو کہ اٹھ نہ سکو" اسنے... ایک ایک لفظ پر زور دیا ..

چور نہیں ہوں میں" وہ بھی شرمندگی بھلائے بولی ...

ٹھیک ہے.. رکھ لو اسکو... دیکھنا چاہتا ہوں کیا کرو گی اسکا" اسنے.. اس گھڑی کو ایک نظر دیکھ کر کہا ...

عابیر.. کو.. دوبارہ شرمندگی نے اگھیرہ ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

زیادہ نہ بنو تم سمجھے.... طلاق تو تم سے لے کر رہو گی... "گھڑی کو وہیں پھینک کر.. وہ... غصے سے کہتی نکل گئی.. جبکہ..

بہرام اس قیمتی گھڑی کو ٹوٹا ہوا.. دیکھ رہا تھا ...

داجی کی پسندیدہ گھڑی تھی وہ ...

..................................

ارمیش کو خبر مل گئی تھی ...

وہ اٹھی...بی جان.. سمیت باقی سب نین انوشے سب رو رہے تھے... گھر کے گھر میں یہ کیا ہو گیا تھا ...

اتنا فساد کیوں ہو گیا تھا حویلی میں ....

سب رو رہے تھے جبکہ.. وہ اٹھی.. اور دو نفل شکرانے کی نیت باندھ لی ...

مگر وہ عہد کر چکی تھی اپنے بچے کے لیے وہ حور اور حیدر کو کبھی معاف نہیں کرے گی .. ...

.........................

انوشے روتے ہوئے نیچے.. آگئی.. یہ سب اس سے برداشت نہ ہو رہا تھا ..

اسے اس حویلی پر کوئی بدعا لگی ..

اسکا دل کیا بہرام بھائی کو کہہ دے.. آپ آزاد کر دیں عابیر کو شاید وہ ہی ہمیں بدعائیں دیتی ہے ...

وہ اپنے رونے کا شغل... لون میں پورا کر رہی تھی.. معاویہ نے... زنان خانے کے ہال میں سسکیوں کی آواز کو پہچان لیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور وہ دوسری طرف نکل ایا ..

اتے ساتھ ہی.. اسکا ہاتھ تھاما.. اور دیکھنے لگا. جو عابیر نے جلا دیا تھا.. اب کافی اچھا ہو گیا تھا ...

مر گیا ہوں میں.. جو رو رہی ہو" اسنے.. کہا. تو انوشے نے سرخ چہرے سے اسے دیکھا ...

اپ سے ہمارا کیا لینا دینا... جو ہم اپکے لیے روے..." اسنے ٹکا سا جواب دیا ..

بہت نہیں ہمت اگئ تم میں" معاویہ نے گھورا ..

اپ بھی ہمارے ساتھ وہی کریں گے جو حیدر لالا نے کیا ہے ارمیش کے ساتھ "

وہ خوف ذدہ سی بول گئ

.. لو تو تم عابیر جیسی بن جانا" معاویہ نے بھی پکڑا ..

وہ بہت بری ہیں" اسنے ناک سکیڑی ..

تو اچھا کون ہے" اسنے کسی احساس کے تحت پوچھا ..

میں خود" وہ اسکو دھکا دیتی... کہہ کر بھاگی ..

ہاں دیکھ لوں گا کتنی اچھی ہو شادی کی بات کروں گا اب میں" وہ پیچھے سے ہانکا.. انوشے کا دل زوروں سے دھڑکا..

مگر وہ بھاگ گئ ...

.......................



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے شدید غصہ ارہا تھا.. اتنا سب کرنے کے باوجود بھی..وہ شخص اپنی جگہ سے ہلنے کے لیے تیار نہیں تھا..اخر کس مٹی سے بنا تھا.. مگر ایک بات طے تھی کہ..وہ اس کے ساتھ نہیں رہ سکتی تھی ..

وہ اسکے ساتھ کبھی نہیں رہ سکتی تھی.. کیونکہ وہ شخص ...

اسکو ذلیل اور رسوا کر چکا تھا ....

وہ مزید اسکے ساتھ رہنا ہی نہیں چاہتی تھی ...

تبھی اسے روم میں اتا دیکھنے لگی ..

بہرام نے بھی اسکیطرف دیکھا ..

اسکی خاموشی پر مسکرا دیا ...

اج بادل باہر گرجے ہیں تو اندر کی گرج کم پڑ گئی.. مزے کی بات ہے یہ تو" وہ...ہنسا.. عابیر کو لگا.وہ..اسپر ہنسا ہو ..

وہ کچھ نہ بولی.. کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ وہ.اسے مزید برا لگنے لگا تھا ...

وہ اسکی خاموشی پر خود بھی خاموش ہو گیا ...

ارمیش کیسی ہے "اسنے بس ایسے ہی پوچھ لیا ...

عابیر..نے ائی برو اٹھائی ...

بڑی فکر ہے..."اسنے طنز کیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپکی ہی مہرابانی ہے سائیں.. ایک اپ نے پوری حویلی کے حالات بدل ڈالے "وہ.. اچھے موڈ میں تھا. اور کل کی بات بھلا چکا تھا ..

عابیر کا سکون جیسے غارت ہونے لگا ..

میں تمھارے ساتھ نہیں رہنا چاہتی مجھے طلاق دو "اسنے سیدھے لفظوں میں کہا کہ کسی بھی سٹیپ سے پہلے وہ اس سے سیدھی طرح بات کر لے ..

میں تمھیں طلاق نہیں دوں گا عابیر... "وہ.. بولا.. لہجہ مظبوط تھا ...

مگر میں تمھارے ساتھ نہیں رہنا چاہتی "وہ.. گھور کر بولی ..

کچھ نہیں ہوتا.. میں تو رہنا چاہتا ہوں نہ "وہ.. بہت تسلی سے بولا ..

میں تمھیں کبھی معاف نہیں کروں گی... "وہ اپنی جگہ سے اٹھی ..

میں تم سے معافی مانگتا ہوں اپنے ہر عمل کی ...

خدارا تھوڑی سی جگہ دے دو بس "وہ کہیں سے بہرام نہیں لگ رہا تھا.. جو خود کو بہت غرور سے کالام کا سردار کہتا تھا .

نہیں... کبھی نہیں... تم معافی کے لائق نہیں... "عابیر دوٹوک لہجے میں بولی.. بہرام نے.. گھیرہ سانس بھرہ ..

جو بھی ہے طلاق کا تصور نکال دو "وہ جانتا تھا وہ ضد پر ہے .


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کبھی تو وہ اپنی ضد سے ہٹے گی ...

وہ یہ ہی سوچ کر خاموش ہوا ...

نہیں تمھیں خود دینی پڑے گی میں تمھارے لیے ایسے حالات بنادوں گی "وہ.. جیسے اسے وارن کر رہی تھی ..

میں بدلا ہوں ڈالنگ... مگر میری ضد نہیں ...جو کر سکتی ہو کر لو" قریب اکر وہ.. اسکے گال کو چھو... کر.. مسکرایا..

عابیر نے اسے جھٹک دیا ...

اب تم دیکھو میں کرتی کیا کیا ہوں تمھارے ساتھ..."وہ

..غصے سے اسکی پشت دیکھ رہی تھی ...

........................

دن بے کیف گزر رہے تھے کوئی رونک نہیں تھی ...

داجی کی طبعیت بلکل ٹھیک نہیں تھی.. تبھی ابھی تک حیدر کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں لیا گیا تھا ...

جبکہ حیدر... اس رات انے کے بعد... ایک بار پھر جا چکا تھا ...

جبکہ حور نے... ہر حال میں اس راز کو.. چھپا لیا تھا... کہ... اسکے بچے کو کس نے مارا پہلے وہ ڈری ضرور تھی کہ ارمیش سب کو بتا دے گی مگر اسکی خاموشی اور صدمہ کافی فائدہ پہنچا رہا تھا ...

وہ اسے لے کر دوبارہ چلا گیا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ باقی سب... ارمیش کے لیے حد سے زیادہ حساس ہو رہے تھے ..

حتیٰ کہ.. مرد حضرات بھی ارمیش کے لیے کافی کنسرن رکھ رہے تھے

.

حویلی میں چند ماہ میں بہت کچھ بدلا تھا.. حویلی والوں کا تنتنا ٹوٹا تھا ...

معاویہ سکون سے شہر جانے کی تیاری کر رہا تھا کہ... اچانک دروازہ کھلا ..

اور اسنے بس عابیر کو اندر اتے دیکھا تھا ....

کیا مسلہ ہے کیوں ائی ہو"

معاویہ غصے سے بولا ...

میں نے سوچا اپنے شوہر کے ملازم سے مل لوں" عابیر نے اسکی جان سلگائی اخر کو.. وہ بھی شامل تھا ...

بکواس اپنی اپنے اندر رکھو.. سمجھی" معاویہ غصے سے کھولنے لگا ..

لو کیا غلط کہہ دیا.. تمھاری حویلی میں نہایت بری پوزیشن ہے... اور ہر وقت ہر وقت اسکا دم چھلہ بنے رہتے ہو..

سکون نہیں کیا تمھیں" وہ اسے زچ کر رہی تھی.. معاویہ نے دانت پیسے ...

باہر نکلو.. دفع ہو..." معاویہ نے غصے سے اسکا بازو پکڑ کر اس سے پہلے وہ اسے باہر دھکیلتا ...

عابیر نے ایک نظر اسکو دیکھا.. اور.. زور زور سے چیخنے لگی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ.. معاویہ نے حیران ہو کر

.اسکا ہاتھ چھوڑنا چاہا مگر..اسنے اسکا ہاتھ نہ چھوڑا ...

اور زور زور سے چیخنے چلانے لگی اسکی چیخیں حویلی کو ہلا گئ تھیں ...

ایک پل میں سب وہاں جمع ہوئے تھے ...

ملازم تو..صورتحال سمجھ کر دانتوں میں انگلیاں دے گئے ..

یہ کیا حرکت ہے عابیر کیوں تماشہ لگا رہی ہو" وہ اسے جھٹک کر چلایا ...

جبکہ عابیر دور جا گیری .

بہرام کے قدموں میں.. بہرام... آنکھوں میں بے یقینی لیے.. معاویہ کو دیکھ رہا تھا ..

اسکی آنکھوں میں عجیب سا تاثر تھا ...

جھوٹ.. جھوٹی ہے یہ" اسکا لہجہ ہکلا گیا... اسکی آنکھوں کی بے یقینی دیکھ کر ...

عابیر... یہ.. یہ خود ائ تھی" معاویہ.. بولا... جبکہ اسکی بات پوری ہونے سے پہلے.. بہرام نے... معاویہ کے منہ پر پنچ دے مارا ...

معاویہ کا ہونٹ پھٹا تھا.. جبکہ.. بہرام کے ہاتھ پر بھی بہت زور سے لگی تھی.. دا جی خاموشی سے دیکھ رہے تھے ..

حویلی میں یہ سب تو اب روز کا تماشہ تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ چپ چاپ اندر چلے گئے جبکہ.. خواتین سمیت.. انوشے.. کا تو دم نکلا تھا..

معاویہ نے بہرام کو ایک لفظ نہ کہا ...

جبکہ بہرام عابیر کو سختی سے پکڑ کر اندر گھسیٹتا ہوا لے گیا ...

اپنے روم میں اتے ہی ...

اسنے اسے بیڈ پر دھکا دیا...اور کھینچ کر دروازہ بند کیا..

عابیر کو محسوس ہوا...اسے اسکی حرکت کا اندازا ہو گیا ہے..

کیوں وہ اسکے پاس پہنچتے ہی دھاڑا..

کیوں گیر ارہی ہو اپنا معیار کیوں.. اس حد تک اس حد تک. عابیر "وہ بے بسی شدید بے بسی محسوس کر رہا تھا ...

جبکہ عابیر.. نے سکون سے پہلو

.بدلا..

طلاق دے دو" اسنے.. اسی سنجیدگی سے کہا.. بہرام نے سرخ آنکھوں سے اسے دیکھا ...

ان آنکھوں میں نمی تھی مگر عابیر کو... بلکل.. اسپر رحم نہ ایا.. وہ ایسی نہیں تھی اسے ایسا بنایا گیا تھا ...

اور فیصلہ تو وہ کر چکی تھی ...

بہرام... کے لیے اج کل جیسے سانس بھی مشکل ہو گیا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکو وہیں چھوڑ کر...وہ وہاں سے باہر نکل گیا جبکہ ..اب. کہ اسنے تالا کمرے کو باہر سے لگا دیا تھا ..

یہ کیا کیا ہے تم نے "عابیر اندر سے دھاڑی ...

بہرام...نے کوئ جواب نہیں دیا ...

.......................

وہ دوڑ کر الٹے قدموں معاویہ کے پاس پہنچا تھا ....

معاویہ اپنے..ہونٹ پر لگے خون کو..صاف کر رہا تھا ..

بہرام کو دیکھ کر کوئ ایکشن نہ دیا ...

کس گناہ کی سزا ہے یہ "وہ..ہارا ہوا سا بولا ...

لہجہ بھیگا ہوا تھا..جبکہ معاویہ کا دل کٹ گیا ...

اے بہرام..خان..ادھر دیکھ..مرد روتے نہیں....رونا نہیں ...

اگر وہ چاہتی ہے...تو اسے چھوڑ دے...اسے قید کر کے..خود کو اور اسکو..نہ دے تکلیف..مگر رو کر یہ ثابت نہ کر..

کہ...تو..ایک ہارا ہوا مرد ہے "معاویہ..تو اسپر چڑھ دوڑا ..

بہرام نے..اسے دھکا دیا ...

کیوں کیوں مرد کیوں نہیں روتے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عورت... صرف عورت ہی مرد کو رولا سکتی ہے ...

اور مجھے یہ عورت رولا رہی ہے.. اج ....

مرد انسان نہیں ہوتے

..جو مرد نہیں رو سکتے.. کب تک.. یہ کھوکھلا کھول مردوں پر لگا رہے گا کہ وہ رو نہیں سکتے ....

عورت مرد کو رولا دیتی ہے معاویہ سائیں.. عورت.. کی نفرت.. مرد کو ختم کر دیتی ہے ....

اس سے کہو

.. مجھ سے نہ کرے نفرت... میں مانتا ہوں نہ اپنے سارے گناہ" وہ... عجیب کفیت کا شکار... دھاڑ رہا تھا.. جبکہ

آنکھوں میں نمی.. کافی تکلیف دہ تھی . ...

داجی... نے.. اسکو... ہارتے ہوئے دیکھا ..

انھیں سب یاد ایا... کیسے.. کس طرح.. اسکی انھوں نے پرورش کی تھی ...

ضد... بے حسی

.اسکے اندر.. غرور اسکی بے انتھا حسن کا ...

وہ سب ملیامیٹ کر دیا تھا... اج ..

اسکے ہارنے پر وہ بھی ٹوٹ گئے تھے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حویلی کے لوگ بکھر رہے تھے ...

مسلسل.. بے بسی سے...

مگر وقت فیصلوں کا تھا .....

اگر وہ بھی.. ہار جاتے تو.. کہیں کوئی فیصلہ نہ ہو پاتا ...

سب سے پہلا خیال انکے دماغ میں حیدر کا ایا تھا.. اور اسکے بعد وہ بہرام.. کا مسلہ حل کر کے حویلی میں سکون کے خواہش مند تھے ..

اسکی سرداری.. کے تمام معاملات داجی خد سمبھال رہے تھے.. اب سرداری کس کے سر سجنی تھی.. یہ بھی وہ ایک لمحے میں طے کر چکے تھے ...

............................

حیدر کو حور مل چکی تھی اور کیا چاہیے تھا ..

انسانیت کے نام کا احساس بھی اسکے اندر سے مٹ چکا تھا ..

اسنے پلٹ کر ارمیش.. کے بارے میں نہ سوچا....

حور نے.. اس کے تمام عصابوں.. پر قابو پا لیا تھا ...

جبکہ ان دونوں کے بقول زندگی بھی خوبصورت گزر رہی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہ...وہ...حویلی چھوڑنے کے..ہفتہ گزرنے کے بعد ...

کی شام تھی ...

جب...دروازے کی اواز بجنے پر..وہ حیدر کے پہلو سے اٹھی ..

نائٹ ڈریس کی ڈوریاں بند کیں..اور دروازے کیطرف بڑھنے لگی ...

کریر تھا ...

اسنے سگنیچر کر کے لفافہ لیا..اور اسکو ابھی کھولتی کہ حیدر بھی باہر اگیا ...

حور نے اسکو مسکرا کر دیکھا ..

حیدر بھی مسکرایا ...

اور..حور نے اسکے ہاتھ میں لفافہ تھما دیا

.

میں فریش ہونے جاتی ہوں یہ تمھارے نام ہی ایا ہے" اسنے کہا..اور..گزرنے لگی کہ حیدر نے اسکا ہاتھ تھام کر اسکو بازوں میں بھر لیا..جبکہ دوسرے ہاتھ کی مدد سے.لفافہ کھولنے لگا...اب حور اور حیدر دونوں کی نظریں لفافے پر تھیں ...

حیدر نے.لفافہ کھولا تو اندر سے قانونی کاغز نکلا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جس میں صاف درج تھا کہ قانونی لحاظ سے.. اسے.. حویلی.. حویلی کی وراثت.. اور تمام.. کاروبار سے.. اک کر دیا گیا ہے.. جبکہ اسکا بینک بیلنس

. بھی.. ضبط کر لیا گیا ہے ..

حیدر آنکھیں پھاڑے سب پڑھ رہا تھا جبکہ یہی حال حور کا بھی تھا ..

یہ سب کیا بکواس ہے حیدر" حور اس سے الگ ہوتی.. چلائی اسکے تو وجود میں پتنگے لگ گئے

یہ کیا ..

حیدر کی محبت کے ساتھ ساتھ اسکی شہورت... اسکی امارت.. جس کی وہ خواہش مند تھی ...

وہ سب اسے چاہیے تھی ...

اور جب ملی تو ایک ہفتے میں ہی سب.. ایک بار پھر اس سے... چھین گیا

.. یہ سب داجی نے کیا ہے" حیدر نے دانت پیسے ...

کیا مراد ہے اب تمھارے پاس کچھ نہیں" حور کا تو دل بیٹھنے لگا ...

حیدر نے اسکی جانب دیکھا.. اور وہ پیپر پھینک کر.. سر تھام لیا ..

داجی ایسا نہیں کر سکتے.. سردار ہیں ہم کالام کے" وہ حیران پریشان... تھا... کچھ سمجھ نہیں. ا رہی تھی ..

ہاں یہیں بات ہے.. سب ابھی بھی تمھارے پاس ہے نہ.." حور تو... حد سے زیادہ خوف ذدہ ہوئی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پیدا ہوتے ہی غربت دیکھی شادی کے بعد غربت دیکھی.. اور اب.. جب خوشیاں ملیں تھیں تو دوبارہ. غربت کا منہ نہیں کبھی نہیں ...

معلوم نہیں.. جب وہ اک کر چکے ہیں تو سرداری بھی کسی اور کو ملے گی... "حقیقتاً اسکے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کا.. داجی اسکے ساتھ ایسا کریں گے ...

کیا مطلب ہے حیدر تم کنگلے ہو گئے ہو" وہ تو.. اسکا بازو.. ہٹاتی.. اس سے دور ہوتی.. منہ کھولے پوچھ رہی تھی .. حیدر نے اسکیطرف دیکھا ...

تم فکر نہ کرو... تمھیں خوش رکھوں گا" اسنے.. حور کے عجیب و غریب رویے پر حیرت کا اظہار ترک کر کے... اسکو تسلی دی ..

بھاڑ میں گیا سب.. ٹھیک ٹھاک ٹھیک ہو گا.. جیب میں تمھارے روپیہ بھی نہیں رہا اور سب ٹھیک ہونے کے داوے کر رہے ہو" وہ غصے سے چلائی ..

یہ کس قسم کا رویہ ہے حور" حیدر نے.. بھی اب غصہ کیا.. پہلے ہی.. اسے کچھ سمجھ نہیں. ارہا تھا.. اوپر سے.. یہ سب ..

روپیہ روپیہ.. اف

.اف..." حور نے پاوں پٹخے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تم .

حویلی جارہے ہو.. بھلے معافی مانگو پاوں پڑو ...

ہم تمھارے جائیداد تمھاری وراثت سے دستبردار نہیں ہوسکتے بلکل نہیں" وہ ہزیانی انداز میں بول رہی تھی جبکہ حیدر نے اسکا بازو جکڑا ..

بکواس ہے انھوں نے نکال دیا اور ہم پلٹ کر جائیں کبھی نہیں بس اپنا بچہ... لینے جائے گے..." وہ.. سرخ چہرے سے دوٹوک لہجے میں بولا ...

بچہ... بچہ.. حیدر... جب پیسہ نہیں ہوگا تو بچے کو کیا کھلاوگے "

حور نے.. بچے کے مارنے کی بات چھپاتے ہوئے اسے سمجھانا چاہا ..

نہیں حور ہم دونوں ساتھ ہوں گے تو کچھ بھی نہیں ہوگا غلط تم فکر نہ کرو.. اور. ہم کرتے ہیں.. باباسائیں سے بات.... ایسے کیسے اک کرسکتے ہیں وہ ہمیں" وہ.. کنپٹی دباتا بولا اور کمرے میں چلا گیا.. جبکہ حور.. اسے دیکھ کر روخ موڑ گئی...

اسنے مٹھیاں بھینچی ...

اب کیا ہوگا... پیسہ یہ عیش ارام ...

اف اسکا سر پھٹنے لگا تھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پھر سے غربت کا منہ تو وہ کبھی نہیں دیکھے گی ..

اسنے سوچا..اور..پاس پڑے کشن..اٹھا اٹھا کر..زمین پر مارنے لگی ..

زہنی طور پر وہ کافی..ڈسٹرب محسوس کر رہی تھی ..

.............................

اج اسکی کانفرنس... تھی..اسکا دورانیہ کافی کامیاب جا رہا تھا..پہلے جو کرپشن..دا جی نے کروائی بھی تھی اب وہ سب ختم کر کے..وہ..ٹھیک کام کرنے لگا تھا ...

وہ روم میں ایا تو..عابیر کے سامنے کھانا رکھا ..

عابیر نے ایک پل میں کھانا اٹھا کر..دیوار پر دے مارا..بہرام نے ایک سیکنڈ کو دیکھا..اور پھر..فریش ہونے چلا گیا..وہ باہر ایا تو..عابیر نے پورا کمرہ تھس نہس کر رکھا تھا ...

بہرام نے کچھ نہیں کہا ..

زیادہ اچھے مت بنو تم.."عابیر نے اسکا بازو جھٹک کر کہا ...

عابیر..سائیں ہم بعد میں بات کریں گے "وہ سہلوت سے بولا

ازاد کیوں نہیں کرتے مجھے "جبکہ وہ چلائی

اور اسکے منہ کو اپنے ناخنوں سے نوچ ڈالا..وہ پاگل ہو چکی تھی نہ جانے کیا چاہتی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

بہرام نے غصے سے.. اسکے ہاتھ ہٹائے.. اور اسے دور دھکا دیا ..

پاگل ہو گئ ہو"

ہاں ہو گئ ہوں.. طلاق دو مجھے.. ازاد کرو مجھے "وہ.. اسپر چیزیں مارنے لگی ..

تمھارا دماغ.. تو اج اکر اچھے سے درست کروں گا بہت مہلت دے دی تمھیں تم نے... جینا حرام کر دیا" ...

وہ زچ ہوتا ہوا بولا ...

اور باہر نکلا ...

عابیر... نے اسکا ہاتھ تھامہ ..

شہر جا رہے ہو "اسنے سنجیدگی سے پوچھا ..

ہاں "اسنے.. جواب دیا مگر لہجے میں سختی تھی ..

مجھے بھی جانا ہے "اسنے کہا ..

بہرام نے چند پل اسے دیکھا ..

اپنا دماغ سیٹ رکھو.. عابیر... "وہ.. اسے.. سمجھانے لگا ..

بس زیادہ نہ بولوں جو کہا ہے وہ کرو "وہ سختی سے بولی ..

ڈرائیور چھوڑ ائے گا"



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے کہا اور باہر نکل گیا ..

جبکہ عبیر کی گاڑی بھی اسکی گاڑی کے پیچھے حویلی سے نکلی تھی ..

شاید ہمیشہ کے لیے پشتاوں کو ساتھ لے کر ...

یہ شاید..اب..اسکے پلٹنے کی باری تھی مگر وقت تو ہاتھ سے بھر بھری ریت کی مانند نکل رہا تھا ...

.. ..................... یا نکل گیا تھا ..

کوئی نہیں جانتا تھا..

داجی اپ نے اب کیا سوچا ہے..اگر ہم نے سردار نہیں بیٹھایا..تو..لازمی ہمارے حریفوں میں سے کوئی سر اٹھائے گا" احمر...نے کہا تو..انھوں نے سر ہلایا..کمرے میں سب..موجود تھے سوائے..بہرام خان کے جو کہ اج اپنی اہم کانفرنس میں گیا ہوا تھا..اور حیدر خان کے..جو...حویلی سے جا چکا تھا ...

اج خان کی کانفرنس ہے..." داجی نے احمر کیطرف دیکھا ..

جی..داجی" اسنے جواب دیا ..

ساتھ کون گیا ہے" انھوں نے پوچھا ...

معاویہ سائیں" عظیم خان نے جواب دیا تو انھوں نے سر ہلا دیا ..

ایک لڑکی نے توڑ دیا..ہمارے خان کو.." وہ..خاصے افسردہ لگ رہے تھے ..



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کوئی کچھ نہیں بولا...تو انھوں نے..احمر کیطرف رکھ کیا..

چلاو..زرا..ایل سی ڈی خان کانٹرویو دیکھیں" انھوں نے کہا..تو..باقی سب پہلو بدل گئے اتنے اہم مسلے کو چھوڑ کر انھیں معاویہ کی پڑی تھی..

احمر نے ایل سی ڈی چلا کر..نیوز چینل لگا دیا ...

کانفرنس شروع ہی تھی جبکہ ان لوگوں نے دیر سے دیکھی..

وہ بڑے تمتراق سے..کرسی پر بیٹھا..وہی مخصوص سٹائل سے..ناک کی چونچ پر عینک رکھے سنجیدگی اور کچھ بے زاریت سے اپنی تعریفیں سن رہا تھا...

داجی مسکرا دیے ...

وہ جان تھا انکی ....

بس وہ خوش رہتا باقی دنیا تو بھاڑ میں جائے انکی بلا سے...

اس سے سوال کیے جانے لگے جن کا جواب وہ ہمیشہ کیطرح..بڑی چلاکی سے دے رہا تھا..

داجی کو..اسکی زاہانت پر فخر ہوا...

اسکے سیٹ پر انے کے بعد نہ جانے کیا قسمت کا پھیر ہوا تھا کہ..پہلے جو وہ ہر معملے میں کرپشن ضروری سمجھتے تھے..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہاں.. کرپشن.. وہ خود نہیں کر رہا تھا ...

کانفرنس بہت اچھی ج رہی تھی ...

سب ہی کافی مطمئن ہوئے تھے کیونکہ اسکی.. پیچھے سے ہی... کرکردگی بہت اچھی جارہی تھی ...

میڈیا نے اب اس سے پرسنل سوال شروع کر دیے جس کا وہ مسکرا کر جواب دیتا ابھی اٹھتا.... کہ.. اسے اپنے شانے پر ایک ہاتھ محسوس ہوا ....

پہلی..ہاں پہلی بار بہرام خان کا دل انجانے خدشے سے دھڑکا تھا.. وہ اس ہاتھ کے لمس کو پہچانتا تھا ...

اسنے ایک پل کو آنکھیں بند کیں.. کان میں لگی.. بلوٹوتھ میں معاویہ کی پریشان اواز ابھری ..

تونے عابیر کو کیوں بلایا ہے"

اسنے آنکھیں وا کیں.. میڈیا کی نظریں اسپر نہیں تھیں بلکہ پیچھے کھڑی عابیر پر تھیں.. وہ پہلی بار تو میڈیا پر نہیں ائی تھی ..

یہ یہ کہنا بہتر ہے کہ.. عابیر اکبر پہلی بار میڈیا کے سامنے نہیں ائی تھی ...

بلکہ مسز بہرام خان پہلی بار کیمرے کے سامنے ائی تھی ...

بہرام نے.. مڑ کر اسکیطرف.. دیکھا ...

جو



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

. سنجیدگی.. اور آنکھوں میں نفرت بھرے کھڑی تھی ..

بتاوگے نہیں دنیا کو اپنی بیوی کے بارے میں " بلکل خاموش ماحول میں عابیر کی اواز ابھری تھی.. بہرام کو پہلی بار یہ اواز کانوں میں چبھتی محسوس ہوئی ...

اسنے عابیر کا وہی ہاتھ سختی سے پکڑا ...

مگر عابیر نے اسکا کوئی اثر نہ لیا ..

الٹا مسکرائی ...

میں عابیر اکبر.. ایک عام سی لڑکی ...

ایک کافی.. امیر.. اور سیاست کی دنیا میں اپنا نام منوانے والے... بہرام خان کی بیوی ہوں... اپ سب لوگ مجھے جانتے ہیں کیونکہ میں اپ کی طرح ایک عام انسان ہوں.. مگر یہ لوگ بہت بڑے لوگ ہیں.. بہت بڑے" طنزیہ مسکراہٹ کو لبوں پر سجائے.. وہ.. بہرام کی گھورتی نظروں میں نظریں گاڑے ہوئی.. تھی.. کھٹا کھٹ کیمرے سے تصاویر کھینچی جا رہی تھیں ایک.. فارمل سی کانفرنس میں ذاتی نوعیت کا مرچ مسالہ.. میڈیا تو جیسے.. نیوز کا بھوکہ تھا ...

کیمروں کی روشنی عابیر کے چہرے پر تھی ..

بہرام اسے لے کر نکل.. کچھ ٹھیک نہی لگ رہا مجھے " معاویہ کی اواز اسے اپنے کان میں سنائی دی ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر...گھر چلو" اسنے..مزید سختی سے اسکا ہاتھ جکڑ کر..مدھم اواز میں اسے کہا...تو..عابیر ہنسنے لگی ..

کیوں بہرام خان بہت سٹیمنا ہے تم میں تو ...

کہاں جاسویا اج" ...

وہ مسکرا کر اونچی اواز میں بولی..معاویہ نے دانت کچکائے ..

بہرام اج اپنی محبت کو..ریزہ ریزہ ہوتا دیکھ رہا تھا ...

تو..ناظرین..اپ دیکھ سکتے ہیں یہ بہرام خان ہیں ...

انکی تو کیا ہی بات ہے ...

انکے دادا اپ جانتے ہی ہوں گے..سب..مراد خان ..

کو تو..جان چھڑکتے ہیں انپر ...

بے انتھا...بے شمار.... مگر..انکی تربیت بڑی الہ عرفا کی ہے کہ خاندانی سے لگتے ہیں ...

دنیا جہاں کی کرپشن کرواتے..ہیں ان سے..اور یہ بھی محبت میں عاوم کو لوٹتے ہیں...اور..میڈیا کی نظر میں مسکرا مسکرا کر دھول جھونکتے ہیں ...

عیاشی انکی فطرت ہے..یہ کوٹھے پر اکثر پائے جاتے ہیں ...

عورتیں سے کھیلنا اور انکی عزتوں کو دو کڑی کا کر دینا..انکے نزدیک..جیسے... معمولی سی بات ہے



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور شراب وہ تو پوچھو ہی مت..بچے کو دودھ کی ضرورت ہوتی ہے..اور بہارام خان...کالام کی جان...کو..شراب کی ضرورت ہوتی ہے

جس پر..جس..پر بھی انکا دل اجائے..یہ انھیں اٹھا لیتے ہیں ...

انکی شادی رکوادیتے ہیں ...

انہو بدنام کر دیتے ہیں ...

انکے بقول میں انکی بیوی عابیر اکبر ...

یہ جو خوش حال..زنگی سے بھرپور مسکان انکے..منہ پہ رسجای ہے یہ میرے ارمانوں کا خون ہے" ...

وہ..چیخی ...

چاروطرف جیسے..سناٹا چاہ گیا جس میں صرف عابیر کی اواز..جیسے تابوت میں اخری کیل ٹھونک رہی تھی ...

یہ اسقدر برا انسان ہے..منافق..مطلبی..اسے صرف حوس ہے ...

اور حوس کا پجاری مجھے مجبورا اپنے ساتھ باندھے ہوئے ہے..."وہ بہرام کو دھکا دیتی بولی ...

لائیو کانفرنس..میں..یہ سب لائیو دنیا دیکھ رہی تھی ...

حریف تھے جیسے...مزے میں اگئے تھے جبکہ..باقی سب..دانتوں تلے انگلیاں دبا گئے تھے ...

اج میں سب کے سمنے اس شخص سے اپنی نفرت کا اظہار کر کے..اس سے طلاق کا مطالبہ کرتی ہوں ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

طلاق دو مجھے ابھی اسی وقت "وہ چلائی ...

بہرام.. کی آنکھیں سرخی... کو چھلکانے کو تھیں ...

وہ مٹھیاں بھینچے کھڑا تھا ...

کیا کچھ نہیں برباد ہوا تھا... اسکا اس سب سے ..

کیسا لگ رہا ہے.. رسوا ہو کر دنیا کے سامنے.. بہرام خان" عابیر زرا جھک کر مسکرا کر بولی ...

یہ تو بہرام ہی جانتا تھا اسے کیسا لگ رہا ہے .....

سب. وہاں بہرام کے رد عمل.. کے منتظر تھے.. وہ کیا کرے گا.. ہیڈلائنز بن رہیں تھیں ..

کچھ تو جھوٹ بول چکے تھے کہ بہرام خان نے عابیر اکبر کو طلاق دے دی جبکہ.. کچھ مزید ان باتوں میں مسالہ لگا چکے تھے ...

جبکہ بہرام کے لیے.. سب ٹھہر گیا تھا ...

یہ مکافات عمل تھا... یہ ...

اب محبت اسکی قسمت میں نہیں رہی تھی ...

اسے لگا جیسے وہ تنہا ہو گیا ہے.. بھرے بازار میں اسکو اکیلا کر دیا تھا.. اور اب وہ معصوم بچے کیطرح چھپ جاتا.. رونے لگتا.. یہ.. پھر... اسکے اندر.. ایک اور بہرام جنم لینے والا تھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر اسکیطرف دیکھ رہی تھی..اسے سو فیصد یقین تھا بہرام طلاق دے گا ...

بہرام کے لب ہلے.. جبکہ عابیر سمیت سب کے دل دھڑک اٹھے ...

میں تمھیں طلاق نہیں دو گا" بہرام نے عابیر کی چمکتی آنکھوں میں بے یقینی مایوسی سی دیکھی..اب مسکرانے کی باری اسکی تھی ..

اب تم میری محبت نہیں ہو... صرف ضد ہو. " اسنے.. دو لفظ میں جواب دیا جسے صرف عابیر سن سکی ..

اور وہاں سے نکلتا چلا گیا ...

آنکھوں کو اچھے سے گاگلز سے ڈھانپ کر..وہ سیاہ.. شلوار سوٹ میں ..

کمال ڈھاتا وہاں سے نکل گیا ...

جبکہ عابیر وہیں کھڑی تھی میڈیا اب اسکیطرف بڑھا ..

میم کیا.. بمسٹر بہرام..اپکو مارتے ہیں ...

کیا..انکا شادی سے پہلے اپ سے کوئ..ناجائز تعلق تھا ..

ایسے ہی کئ.. عجیب و غریب سوالوں.نے اسکا دل بری طرح دھڑکایا تھا..وہ وہاں سے پلٹی ...

تو سامنے واصف کو کھڑا پایا ...

عابیر..کو نہ جانے..کیسا محسوس ہو رہا تھا..وہ سر جھکا گئ اور اسکے پاس سے نکلنے لگی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے لگتا تھا تم ہمیشہ اچھے اور صیحی فیصلے کرتی ہو.. ایک نازک سی.. معصقم سی لڑکی ہو ...

پھر جو تمھارے ساتھ ہوا. تو میں نے تمھارے لیے دعا کی.. کہ.. تمھارے جیسی نازک مزاج لڑکی.. ہمیشہ خوش رہی.. تمھاری عزت.. جو کھو گئ.... پھر اسی شخص کے ہاتھوں لوٹ ائے اور ایسا ہوا بھی ...

مگر میں نہیں جانتا تھا.. چار پانچ ماہ میں.. تم اپنی ساری معصومیت بھلا دو گی.. تم بھول جاو گی تم ایک لڑکی ہو.. اور یہ دنیا ...

بھوکی ہے ....

گھات گھات پر بیٹھا شکاری تمھیں تمھارے اج کیے گئے عمل.. کے بارے میں ضرور بتائے گا کہ وہ صیحی تھا یہ غلط ...

چلتا ہوں" عابیر تو وہیں ٹھر گئ تھی جبکہ وہ وہاں سے نکل گیا تھا ...

چند پل جیسے اسے اپنے دل کی دھڑکن بھی سنائ نہیں دی ..

جبکہ.. کچھ دیر بعد یاد ایا کہ اتنا سب کرنے کے بعد بھی بہرام نے اسے طلاق نہیں دی تو.. وہ بلبلا اٹھی.. غصہ الگ ایا ..

اور وہ تیز تیز چلتی.. ابھی.. اس گاڑی میں بیٹھتی جو بہرام نے دی تھی.. اور اسنے ڈرائیور سے لے لی تھی. جبکہ ڈرائیور بہرام انفارم کر چکا تھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہ چند لڑکیوں کی اواز بھی اسے اپنے کانوں میں سنائی دی ..

یار یہ کتنی ناشکری ہے.. بہرام جیسا مرد کس کی خواہش نہیں ...

ہمم چل چھوڑ اس کے ساتھ بھی تو غلط ہوا تھا ...

اسنے خود ہی بتایا ہے ...

مگر یہ پھر بھی... یہ کوئی طریقہ نہیں.. کمرے میں سلجھانے والی بات کو یہ کیسے دنیا کے سامنے لے ائی ..

عابیر کا بس نہیں چلا.. اس لڑکی کا منہ توڑ دے.. وہ.. گاڑی میں بیٹھی اور گاڑی اپنے گھر کو ڈال دی ..

اسے سننا ہی نہیں تھا کسی کو ...

گھر کے سامنے گاڑی روک کر وہ نکلی تو.. اسے لگنا کیا تھا سارا محلہ اسے.. دیکھ رہا تھا. لوگ اسکے ارد گرد ا بھی جمع ہوتے. کہ.. وہ گھبرا کر وہاں سے اندر اگئی ..

یہ سب کیا تماشہ ہے..." اسنے سوچا.. اسنے بہرام کے ساتھ بلکل ٹھیک کیا تھا ..

وہ اسی لائق تھا اسے محسوس ہونا چاہیے تھا کہ.. وہکس ازیت سے گزری تھی ...

وہ پلٹی.. مما سامنے ہی تھیں ..

ریہا بھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ نہیں جنتی تھی کہ.. انکے گھر کا خرچہ پانی اب.. کون اٹھا رہا ہے جبکہ اکبر صاحب تو عمر سے پہلے ہی کافی.. کمزور لگنے لگے تھے ..

شاید حقیقی معنی میں اج تم نے اپنی عزت کا جنازہ نکالا ہے" ..

ممانے کہا.. وہ منہ کھولے انھیں دیکھنے لگی ..

جبکہ وہ دونوں ندر چلیں گئیں ..

مگر عابیر کا دماغ گھوما تھا ..

سسب مجھے ہی غلط کیوں کہہ رہے ہیں.. اسنے جو کیا.. کیا وہ نہیں دیکھا کسی نے ..

اتنی عرصے قید میں رکھا وہ نہ دیکھا ...

بس کریں اپی ..

کیا ظلم کیے انھوں نے اپ پر ...

شادی اپ نے خود نے کی ...

ان سے ...

گئیں اپ خود انکے ساتھ ...

وہاں اپکے ٹھاٹ دیکھ کر.. خاندان کی ہر لڑکی اپکے جیسے نصیب کی خواہش مند ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں سچ ہے بہرام خان نے اپکو رسوا کیا ...

مگر اپ نے یہ کیوں نہ سوچا کہ وہ تو چند لوگ تھے ...

اور اس شخص نے انھیں چند لوگوں میں اپکی بے انتھا.. قدر اور عزت بڑھا دی ..

اور اج.. اپ اپ خود.. اپنے پاوں پر کلہاڑی مار کے آئیں ہیں ..

اپکی جزباتیات ...

سب کو ہلکان کر گئی ...

اپ گئیں خود... اس ریپورٹینگ شعبے میں جبکہ.. سب نے کہا.. کہ.. یہ شعبہ اپکے لیے ٹھیک نہیں ...

پھر اپ نے.. اس کوٹھے پر جہاں کوئی شریف لڑکی جانا پسند نہ کرے وہاں جا کر اس ادمی کو... ایکسپوز کرنا چاہا ..

اپ خود انکی نظروں میں آئیں.. ورنہ انھیں الہام نہیں ہوا تھا.. اس سڑے بسے محلے میں کوئی عابیر بھی رہتی ہے ...

چلو ٹھیک ہے.. وہ اپکی ڈیوٹی تھی.. اسکے بعد.. کالام گئیں اپ.. زبردستی مما بابا سے اجازت لی ..

وہاں جا کر.. اپ نے فضول سوال کیے ...

پھر انکی نظروں میں اگئیں ...

اگر انھوں نے صرف غلط کیا



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تھا.. تواپ نے اج حدیں پار کر دیں ہیں" وہ غصے سے کہتی.. وہاں سے چلی گئ.. جبکہ عابیر اپنی جان سے عزیز بہن.. کے منہ سے یہ سب سن کر... جیسے اپنے قدموں پر ہلی تھی ....

....................

چند ہی لمحوں میں داجی نے اس ہال روم کو کباڑ میں بدل دیا تھا ...

یاور خان گاڑی نکالوں اج اس لڑکی.. کے اندر یہ گولیاں اتار کر ہمیں سکون ملے گا ..

وہ چلائے ..

باباسائیں.... بہرام.. خان.. کا پتہ لگانا زیادہ ضروری ہے. اس لڑکی کو بات میں دیکھ لیں گے" یاور خان نے سمجھانا چاہا.. داجی.. تو.. اپے سے باہر ہی ہو رہے تھے جبکہ ..

معاویہ خان کو اپنے موبائل سے نمبر ڈائل کیا تو فون بند جا رہا تھا ..

یہ کیا بکواس ہے.. بتا دے رہے ہیں ہمارے خان کو کچھ ہوا تو... سب تباہ کر دین گے.. سمجھ کیا لیا.. وہ لاوارث ہے کوئ غیرہ پڑا ہے" داجی.. نے موبائل. کان سے اتار کر دے کر زمین پر مارا اور

.وہاں سے.. نکلنے لگے ..

داجی.. صفدر صاحب کا فون ہے" اسیسٹینٹ.. کے فون پر انے والی کال پر احمر نے کہا.. جبکہ باقی سب کے پاس بھی فون انا شروع ہتے.. داجی نے پھر پیچھے مڑ کر نہ دیکھا انکے وجود میں تو پتنگے لگے تھے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

انکی جان...انکا بہرام.. مشکل میں تھا اور وہ.. ان...لوگوں کو اہمیت دیتے.. بھلے انکی سیٹ چلی جاتی.. مگر انھیں بہرام سے شیادہ عزیز کوئی نہیں تھا..

احمر بھی انکے پیچھے ہوا کہ کہیں مزید نقصان نہ ہو جائے ...

جبکہ باقی سب سمیت خواتین بھی جو خد بھی یہ سب دیکھ چکیں تھیں ...

دعاگو تھیں کہ بہرام مل جائے..

نین اور مورے تو بقائدہ رو رہیں تھیں.. مگر..وہ اب ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے تھے..

........................

حیدر نے ایل ای ڈی بند کی..عابیر پر بے انتہا غصہ ہی ایا ...

وہ بہرام کو سوچ رہا تھا..وہ کہاں ہو گا ...

جبکہ حور جو.. جیسے ہر پل جلے پاوں کی بلی بنی رہتی تھی...اسکے پاس ائی..

جب سب ختم ہو جاے گا تب ہوش میں اوگے "وہ بولی تو حیدر نے چونک کر اسکیطرف دیکھا ...

یہ تم جب سے شادی ہوئی ہے کافی اونچا بولتی ہو.. محبوبہ کم بیوی زیادہ لگتی ہو.. "اسنے ہنس کر.. حور کو.. اپنی قید میں لینا چاہا کہ حور..اسے دھکا دے کر دور ہوئی..

یہ جو ہر وقت کا رومینس ہے یہ کھاتے رہنا ہے تم نے ساری زندگی "...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ غصے سے بولی ..

مگر ہمارے فلیٹ میں اتنا سب ہے. کہ تم ایک ماہ عیاشی کر سکتی ہو" وہ ہنسا ...

تو حور کا خون کھول گیا اسے اگے کی فکر تھی جبکہ یہ ادمی سنجیدہ ہونے کو تیار نہیں تھا ....

حیدر... تم کب حویلی جاوگے" حور نے بمشکل نرمی سے پوچھا ..

کبھی نہیں ساری زندگی بس ہم اپکے پاس رہے گئیں" اسنے گھمبیر لہجے میں کہتے ہوئے حور کو نزدیک کیا ...

نہ جانے اس لمہے حور کو کیا ہوا اسنے جھنجلا کر حیدر کے منہ پر تھپڑ دے مارا ....

زہر لگتے ہیں مجھے وہ مرد جنھیں صرف یہ اتا ہو.. کہ بیوی "...

قہ روکی.. حیدر حونک تھا ...

میں تمھیں کہہ چکیں ہوں... تم حویلی جاوگے" وہ.. غصے سے بتی اندر چلی گئ.. جبکہ ..

حیدر کے دماغ میں جیسے فلیش بیک ہوا تھا.. اور حور کے لیے ار میش کو مارا گیا پہلا تھپڑ یاد اگیا ...

ابھی تو بہت کچھ تھا ...

........................ ..

بہرام... رات گزر چکی ہے بس کر" معاویہ نے... اسکے ہاتھ سے بوتل لی ..

ام ہوں... بلکل چپ.. اسنے کہا.. عیاش ہوں میں.. جبکہ میں.. یہ سوچ رہا ہوں... یہ سالہ محبت انسان کو.... گالی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بنادیتی ہے ......

اور میں بن گیا ..

میں بھول گیا میں بہرام ہوں بہرام خان ...

اسنے...لبوں سے پھر بوتل لگالی ...

جبکہ نشہ تھا کہ اج خوب چڑھ رہا تھا ...

ہم نے سوچا تھا اب اس راستے پر نہیں چلیں گے "معاویہ نے اسے اسکی بات یاد دلائ ..

اووبھائ "وہ ہنسا ..

شراب چھوڑنی کی بات تو ہوئ بھی نہیں تھی ..

یہ برینڈی..اس سے محبت ہونی چاہیے..اممممم..ہلک میں اترے تو..رگ رگ میں لزت بھر دے ...

وہ پھر ہنسا..معاویہ کو اج اسکے پینے پر پہلی بار غصہ ایا اور پہلی بار اسنے اسکا ساتھ نہیں دیا ..

طلاق کیوں نہیں دیتا اسے "معاویہ نے پوچھا..تو..وہ بوتل ہٹا کر مسکراتا سر ہلانے لگا ..

میرے ماتھے پر بیوقوف لکھا ہے کیا "اسنے قہقہ لگایا ...

وہ نہیں میرا اگر اس سے محبت ہے تو ہے ...

یہ اگر رسموں رواجوں سے بغاوت ہے تو ہے



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سچ کو میں نے سچ کہا جب کہ دیا تو کہ دیا

اب زمانے کی نظروں میں یہ حماقت ہے تو ہے ..

کب کہا میں نے وہ مل جائے مجھے میں اسکو

غیر نہ ہو جائے وہ بس اتنی حسرت ہے تو ہے

جل گیا پروانہ اگر تو کیا خطا ہے شمع کی

رات بھر جلنا جلانا اسکی قسمت ہے تو ہے ..

دوست بن کر دشمنوں سا وہ ستاتا ہے مجھے

پھر بھی اس ظالم پر مرنا اپنی فطرت ہے تو ہے

وہ نشے میں جھومتا.. اسے اپنی عاشقی کی دستان اب بھی سنا کر معاویہ کو تپا رہا تھا جبکہ خود.. بوتل کے ساتھ جھوم رہا تھا ...

تبھی.. فلیٹ کا دروازہ دھڑ دھڑ بجا ...

جائے جناب داجی... اگئے ہیں.. "وہ ہنسا ...

معاویہ نے جیسے... تھوک نگلا ...

اور دروازہ کھولنے بھڑا.. کہ داجی اندھی طوفان کیطرح اندر داخل ہوئے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور ایک زور دار مکہ معاویہ کی ناک پر جڑ دیا ..

جب اس کا کوئی فائدہ نہیں تو رکھا کیوں ہے" وہ دھاڑے ...

اور معاویہ کا موبائل دے کر زمین پر مارا.. معاویہ منہ کھولے اپنے موبائل ٹکڑے دیکھنے لگا ..

بیٹے... میرا منہ بھی دیکھ لے یہ ملاپ اگر اب بھی نہ ہوتا تو لازمی میں تو.. وفات پا جاتا" احمر نے.. افسوس سے اسکے موبائل کو دیکھا.. اور.. بتا کر آگے بڑھا ..

بہرام لاونج میں بیٹھا تھا.. حالت کافی بکھری ہوی تھی جبکہ لبوں پر مسکان تھی ...

جان دادا.. مار دینا چاہتے ہو کیا.. یار" داجی پل میں اس تک پہنچ کر بوتل کو اس سے چھینتے.. اسے سینے میں بھینچ گئے..

وہ کسی بچے کیطرح انکے وجود میں چھپ گیا ...

چھوڑ دو اس لڑکی کو.. چھوڑ دے یار..." وہ... اسکی سسکیاں اپنے سینے.. میں... بری مشکلوں سے برداشت کر رہے تھے.. معاویہ احمر بھی.. بے چین ہو چکے تھے جبکہ معاویہ کا بس نہیں چل رہا تھا.. اسے جان سے مار دے ..

خان" داجی.. نے.. اسکو جھنجھوڑا ..

وہ.. گھیرہ سانس لیتا اٹھا.. اور.. گال پر پھیلی نمی کو صاف کرکے دوبارہ شراب کی بوتل اٹھانے لگا کہ.. داجی نے.. وہ بوتل دھکیل دی ..

یار... قیمتی تھی" وہ افسوس سے بولا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

## اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول،ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز (ویب سائٹس)، سوشل میڈیا گروپس، اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

خان...اج کے بعد میں نہ دیکھو اسے پیتے ہوئے "وہ سختی سے بولے ...

وہ ہنسنے لگا ..

ڈن.. مگراج پینی ہے "اسنے فرمائش کی.. داجی نے گھورا ...

معاویہ سائیں کچھ کرو کچھ کرو... معملہ خراب ہو رہا.. "وہ اپنے اپکو نارمل ظاہر کرنے لگا ...

اے خان.. "داجی. نے اسکا حسین چہرہ اپنی جانب موڑا.. گیرے آنکھوں میں بے پناہ اداسی تھی غم تھا ...

حکم خان "وہ..نشے کی کیفیت سے نڈھال ہونے لگا ..

احمر اور معاویہ.. دونوں کو دیکھ رہے تھے ..

ہمارا کہا مانو گے "انھوں نے کسی سوچ کے تحت پوچھا ...

بہرام نے انکی جانب دیکھا ..

نہ کروں تو "اسنے سوال کیا ...

تب بھی.. وہ ہی کرو گے جو ہم کہیں گے "انھوں نے سختی سے کہا ..

پہلے کبھی کیا ہے "وہ ہنسا.. اور انکی گود میں سر رکھ دیا ...

نیند سی انے لگی تھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمیش خانم سے شادی کرلو..اور اسے حکم سمجھنا.."وہ..اسکی بند ہوتی آنکھوں کو...دیکھتے..اٹل لہجے میں بولے..وہ..جو ابھی آنکھیں بند کر رہا تھا..آنکھیں پھاڑے انھیں دیکھنے لگا ...

ساکت سپاٹ ...

انکی بھی آنکھوں میں کوئی لچک نہیں تھی ...

نہیں کا لفظ زبان پر بھی مت لانا" انھوں نے پہلے ہی وارن کیا

ورنہ.."وہ ائی برو اچکا کر بولا ...

جبکہ داجی نے نفی میں سر ہلایا ...

ورنہ جب کریں گے تب بتائیں گے "

وہ سنجیدہ دیکھائی دیے ..

داجی مگر " ...

معاویہ سائیں خاموش ہو جاو...."انھوں نے سختی سے روکا ..

تو وہ چپ ہو گیا ...

بہرام..ایک پل انھیں دیکھتا رہا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور پھر آنکھیں بند کر لیں.. ہنسنے لگا ...

چند گھنٹے بھی فارغ نہیں رہنے دیں گے "

خان سنجیدہ ہیں ہم " داجی نے کہا.. پھر کوئی کسی پر فیصلے تھوپ رہا ہے.. "وہ ایکدم اٹھ کر غصے سے بولا ...

یقین ہے ہمارا.. یہ فیصلہ شاندار ہو گا "

میں نے اچار نہیں ڈالنا اپکے یقین کا ...

بیوی ہے میری "وہ بولا ..

اچھا" داجی ہنسے.. معاویہ احمر تو جیسے تماشہ دیکھنے ائے تھے

بہرام نے گھورا ...

بیوی نہیں صرف لڑکی.. عجیب مرد ہو ویسے خان تم "انھوں نے طنز کیا وہ خوب سمجھتا تھا ...

جواپ چاہتے ہیں.. نہ وہ مین نہیں چاہتا اور نہ شاید ارمیش "اسنے کہا ...

اس بار انکی مرضی.. سے ہی ہو گا.. اور تم پر ہماری مرضی چلے گی.. دماغ کو.. تیار رکھنا "کہتے وہ اتھ گئے ..

کیا تماشہ ہے "بہرام نے گلاسوں پر ہاتھ مارا جو ٹیبل سے گیر گئے ..

داجی سکون سے وہاں جیسے ائے تھے چلے گئے ..

معاویہ منہ کھولے.. بہرام کو دیکھ رہا تھا ..



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

گالی... منہ توڑ دو گا.. چلا جا یہاں سے "وہ دھاڑا ..

معاویہ تو بے انتھا خوش ہوا تھا اگر ایسا ہو جاتا تو کافی اچھا ہو تا ...

اسکے بقول دو ٹوٹے ہوئے لوگ ایک دوسرے کو نہیں توڑ سکتے تھے ...

جبکہ بہرام ..نے.. دوسری بوتل کھول لی تھی ..

کیا عجیب شوشہ چھوڑا تھا دا.جی نے بھی ..

.........................

ارمیش کے لیے یہ خبر کسی صدمے سے کم نہیں تھی.. اسنے مورے کیطرف دیکھا جو... بی جان اور بباقی سب کے ساتھ لے کر یہ خبر آئیں تھیں ...

کیا مجھے جینے دیا جائے گا" اسنے سپاٹ انداز میں پوچھا ...

سب نے دکھ سے اسکیطرف دیکھا... حیدر کی جانب سے پیپر انے کے بعد بھی.. وہ ویسی ہی رہی... تھی ...

ان سب کا ہی اسکی ایسی حالت دیکھ کر دل کٹ رہا تھا ...

خانم "....

بی جان..... مجھے کسی سے شادی نہیں کرنی.. اگر اس حویلی میں میری کوئی اہمیت یہ اپ سب لوگوں کے دلوں میں میری کوئی عزت ہے.. تو



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور اگر اپ لوگ مجھے... کوئ جانور سمجھتے ہیں.. جو احساسات.. سے عاری ہے.. تو پھر ایک بار زبردستی کر کے شادی کرا دی میں کر لوں گی.. ایک اور ایسے شخص سے... جو ...

اپنی ناکام محبت کا.. گم مجھے.. پھر توڑ توڑ کے بنائے گا" ..

اسنے کہا... اور ان سب سے روخ موڑ لیا ..

سفید لباس میں پور نور چہرے کے ساتھ وہ.. بے حد پیاری تو لگ رہی تھی مگر کب تک اسے اس طرح دیکھا جاتا..

دن اپنی رفتار چل رہے تھے.. ایک کے بعد ایل دن... ارہا تھا.. اسکی عدت ختم ہونے کو تھی ...

مگر اسکی زبان کی چپ.. لاکھ سب کے بولنے کے باوجود نہیں ٹوٹی تھی ..

اور اج جب یہ بات کہی گئ تو سنجیدگی سے یہ کہہ کر وہ.. ان سب سے رخ موڑ گئ ..

وہ زندگی سے دور جا رہی تھی خوشیوں کو خود پر حرام کر رہی.. تھی کسی سے بھی اسکی یہ خاموش تکلیف نہیں دیکھی جا رہی تھی.. اور اس بار اسکا احساس صرف زنان خانے میں نہیں.. بلکہ مردان خانے.. میں بھی بہت تھا ...

ٹھیک ہے کوئ تم پر زبردستی نہیں کرے گا..."بی جان نے.. اسکے ریشمی بالوں پر ہاتھ پھیرہ

.اسنے انکی جانب دیکھا.. یہ لمس... بہت عرصے بعد اسے میسر ایا تھا ...

ماں اولاد سے کیسی محبت کرتی.. تب بھی جب وہ اسکے سامنے ہو.. اور تب بھی جب وہ اسکے وجود کا حصہ ہو ..

اولاد کو.. کتنی ہی دوسری محبتیں گھیر لیں مگر.. ماں کی محبت کے لیے.. اسک اوجد ہمیشہ ترستا ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارمءش کی آنکھیں نمکین پانیوں سے بھرنے لگی ..

وہ تو بہت نرم دل... سی لڑکی تھی ...

بی جان کی ممتاک المس... اسکے اندر ایک تڑپ بھر گیا ...

بی جان.. کی بھی آنکھوں میں انسوانے لگے ...

اور.. انھوں نے اسے کھینچ کر.. اپنے سینے سے جو جکڑا.. تو.. وہ سب کو رولا گئ .....

اسکی.. سسکیاں... اسکی ہچکیاں.. ...

اسکا باآواز بلند رونا ....

سب کے دل منہ کو ارہے تھے ...

بی جان کے پاس کوئ لفظ نہیں تھا... وہ اسے کیسے تسلی دیتیں ...

میں کسی کو معاف نہیں کروں گی" وہ... بری طرح رو رہی تھی ..

قاتل ہے... حیدر... "اسنے چیخ کر کہا ...

بی جان بے بسی سے سب کو دیکھ رہیں تھیں جو.. خود رو رہیں تھی

ارمیش.. چندہ بس.. کرو" انھوں نے کہا.. تو اسنے نفی میں سر ہلایا.. خوبصورت چہرہ سرخ ہو چکا تھا... جبکہ... گالوں پر انسوں کی لڑیں تھیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بی جان اس شخص نے مجھے بہت تکلیف دی ہے.... بے حد.. تکلیف... اسکی... اسکی حور.. جس... کی وجہ سے دو سال میں نے عزیت میں گزر دیے.. تب بھی مجھے صلہ نہ ملا.. میں صرف ارمیش رہی جبکہ حور پھر بھی اسکی تھی ...

ان دونوں نے میرے بچے کو مارا ہے... دونوں نے... "وہ جنونی سی ہو رہی تھی . ...

جبکہ مسلسل رو بھی رہی تھی ..

ارمیش خانم... بس میرا بچہ.. اللہ صبر کا پھل دے گا تمھیں "انھوں نے اسکی پیشانی چومی ...

کب بی جان... دو سال سے اپ کہے جا رہی ہیں.. کب اخر. کب ملے گا مجھے صبر کا پھل... میرے لیے کانٹے کیوں ہیں.. "وہ ہونٹ نکال کر روتی... اپنے ساتھ ساتھ سب کو تکلیف دے رہی تھی ...

بی جان تو وہاں سے اٹھ گئیں.. ان سے مزید نہیں دیکھی جا رہی تھی یہ تکلیف.. اخر وہ چپ رہ کر کرتیں بھی کیا

. ...

جبکہ بی جان کی جگہ اب.. مورے نے.. لے لی تھی ...

ارمیش میری بچی.. "انھوں نے.. اسکو.. پکڑا تو وہ ماں کے لمس پر نئے سرے سے بکھرتی تڑپ رہی تھی ...

......................

داجی تک یہ پیغام پہنچ گیا.. تھا کہ ارمیش نے انکار کر دیا ہے.. انھیں امید تھی کہ یہ ہی ہو گا ..

ابھی کچھ دیر پہلے.. بہرام بھی ایا تھا باہر سے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ انکے سامنے ہی بیٹھا تھا جب بی جان کی جانب سے پیغام ایا.. اسکے جبڑے تنے.. داجی نے اسکی جانب دیکھا ... مگر بولے کچھ نہیں جبکہ وہ جیسے ایا تھا ویسے ہی چلا گیا .. ...

معاویہ داجی کے اگلے حکم کے لیے کھڑا تھا وہ خود چاہتا تھا کہ ارمیش اور بہرام کی شادی ہو جائے تبھی بہرام کے پیچھے نہیں گیا تھا ..

کیا لگتا ہے... معاویہ خان" انھوں نے معاویہ کیطرف دیکھا تو معاویہ کو اس شخص میں جو غرور اور تنتنا تھا... بکھرتا محسوس ہوا.. یہ وہ شخص تھا.. جو اپنی بات کا مشورہ کیا.. کسی کو بتانا ضروری نہیں سمجھتا تھا.. اور اج ..

داجی... یہ ہو جائے تو بہت بہتر ہو گا" اسنے کہا ...

مگر" وہ کچھ الجھے ہوے سے لگے ..

داجی ارمیش خانم کبھی اپکی بات نہیں ٹالیں گی" اسنے جیسے انھیں... ایک اور قدم اٹھانے کیطرف راغب کیا.. تو وہ اسکی شکل دیکھنے لگے ...

چلو پھر" وہ اچانک ہی اٹھے ...

میں بھی" معاویہ نے حیرت سے کہا... تو انھوں نے بس سر ہلا دیا ..

اور معاویہ داجی کے ساتھ زنان خانے کیطرف بڑھا... تو.. زنان خانے کے ہال میں کوئی بھی نہیں تھا ...

داجی اوپر.. ارمیش کے کمرے کیطرف بڑھنے لگے معاویہ وہیں ٹھہر گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیونکہ... ایک انجل سا اسے دوسری طرف جاتا دیکھا تھا ...

اس سیریس ماحول میں بھی اسکو شرارت سوجی تھی ...

وہ بھی داجی سے انکھ بچاتا پیچھے ہو لیا ...

اے روکو" اسنے مسکرا کر پیچھے سے اواز دی یہ لڑکی چند ہی دنوں میں.. اسکے دل میں بس چکی تھی ..

انوشے کے قدم تھمے ...

مگر وہ مڑی نہیں ...

بہت مسلہ ہو جائے گا اگے تو اگر تم یوں ہی بھری رہی" اسنے.. ہنستے ہوئے اسکا ہاتھ پکڑا.. انوشے نے ایکدم اپنا ہاتھ چھڑایا جھٹکا دے کر ...

معاویہ نے چونک کر اسکیطرف دیکھا ...

اپ مجھے کیوں روکتے ہیں ...

کس لیے.. کن باتوں کے لیے کیا بات ہے ہمارے پاس کیا موضوع ہے... جب ہمارے پاس کوئی بات نہیں.. جب ہمارا ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہیں تو.. کیوں روکتے ہیں مجھے ...

ہمارے درمیان کوئی گفتگو نہیں ہے.. یہ ہاں میں یہ پوچھو کہ 9 عابیر اپ کے کمرے سے کیوں نکلی.... اسنے چیخ کیوں ماری ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ پوچھو اور اپ جواب دیں گے.. اپ کیسے مرد ہیں.. جو..."وہ.. ناگواریت سے بولتی روکی.. کہ اچانک ہی معاویہ نے .غصے سے اسکا منہ جکڑ لیا ...

اپنے کسی بھی عمل کا میں کسی کو بھی جواب دہ نہیں ہوں.... سمجھی تم.. اور تم مجھ پر اتنا گھٹیا...الزام جو لگا رہی ہو ب~یر ثبوت کے اس کو بھگتو گی..."اسنے اسکو جھٹکا ...

میں نے الزام نہیں لگایا"اسکی بھیگی آنکھوں میں...تکلیف تھی ..

اچھا کیا ثبوت ہے تمھارے پاس کے عابیر.. کے ساتھ میں نے کچھ کیا تھا... تم نے اپنی انکھ سے دیکھا تھا"وہ دھاڑا ....

جبکہ وہ سہم گئ ..

میں نے سنا تھا.. بہرام لالا نے اپکو مارا بھی"وہ. رو دینے کو ہوئ.. خود کو کمزور بھی محسوس کیا کہ.. اسے لگ رہا تھا اب کہ اسنے غلط کر دیا ہے ...

بہرام.. نے مجھے مارا تو اسکا مطلب میں گناہگار ہوں.."معاویہ غضب سے اسکو دیکھ رہا تھا ..

نہ جانے کیوں تم اس دل میں اتر گئ... اگر.. تمھارے لیے.. جزبے نہ ہوتے تو.. تمھیں اس الزام پر ابھی بتا دیتا..." وہ غصے سے مٹھی بھینچ کر بولا ...

میں"انوشے.. کا دل کہہ رہا تھا کہ اسنے واقعی الزام لگا دیا ہے ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بس...... مجھ سے کچھ پوچھے بغیر الزام لگا کر.. تم نے مجھے ہرٹ کیا ہے" وہ انوشے کو توجہ سے دیکھتا اب.. غصہ بھلائے.. ڈرامے بازی پر اترایا... اسے برا ضرور لگا تھا کہ.. انوشے نے اسپر یقین نہیں کیا مگر.. وہ یقین کرتی بھی کیسے. وہ کوئی پر سا نہیں تھا.. اور ایک وقت تھا اسکا یہ وتیرہ رہا تھا.. مگر ...

وہ اس سے ناراض نہیں ہوا نا چاہتا تھا تبھی اسکی ڈری سہمی شکل کو انجوائے کرنے لگا ...

میں ایسا نہیں چاہتی تھی" انوشے.. نے روتے ہوئے کہا ..

مگر تم نے ایسا ہی کیا ہے... تم مجھ سے سوال کر سکتی تھی مگر تم نے تو لزام لگایا وہ بھی. عابیر کی وجہ سے جبکہ تم جانتی ہو.. وہ ایک خود سر لڑکی ہے.. جو اپنی ضد میں.. سب کر جاتی ہے." اسنے اسکی جانب دیکھا... مگر... اسکے جھکی جھکی پلکیں بہت پیاری لگیں جبکہ ہاتھ اسکے کانپ رہے تھے ..

بہت برا کیا ہے تم نے انوشے ڈارلنگ اسکو مزید ڈراتا اسکے قریب ہوا ..

انوشے.. کا دم نکلا ...

کہ وہ اسکے بہت قریب اگیا تھا ..

کہ اسکے کلون کی مہک انوشے کے ذہن پر سوار ہونے لگی ..

اور تم سے سارے حساب کتاب اب بس اپنے کمرے میں لوں گا... جبکہ تم صرف بس میرے بس میں ہو گی .. ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کوئی بچانے والا... نہیں "وہ.. اسکے کے گلابی گالوں پر.. اپنی انگلی سے.. ایک سطر کھینچتا.. انوشے کو بے ہوش کرنے کے قریب تھا ...

انوشے حونک اسکی جانب دیکھ رہی تھی ..

ایسے دیکھو گی تو.. ابھی بدلے لینا شروع کر دوں گا" وہ... اسکے ہونٹوں کو دیکھ رہا تھا.. انوشے کو جیسے ہوش ایا ..

یہ کیا. اسنے.. معاویہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور کیا.. معاویہ. اس سے دور ہو گیا ...

اور چمکتی آنکھوں سے دیکھنے لگا ....

جبکہ انوشے.. ایک قدم.. دور ہوئی پھر دوسرا اور پھر جیسے وہ سرپٹ ایسی دوڑی کہ معاویہ کا قہقہ ابھرا ...

بدتمیز "انوشے کے لب بھی مسکرائے یہ احساس ہی بہت مزے دار تھا کہ وہ اس سے محبت کرنے لگا تھا ...

....................

حور نے اس سے معافی مانگنے کی زحمت نہیں کی تھی.. اسے غصہ بہت شدید ایا.. وہ چار دنوں سے اس سے بات نہیں کر رہا تھا اور اسے تو کوئی فرق ہی نہیں پڑ رہا تھا ...

اور اج صبح جب اسے گھر سے جاتے دیکھا تو خقد ہی اسے بولنا پڑا ..

کہاں جا رہی ہو "وہ غصے سے بولا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جب شوہر ہٹ دھر ہو کر گھر میں پڑا ہو.. تو بیوی کو کچھ نہ کچھ کر لینا چاہیے یہ ہی عقل مندی ہے نہ کہ... اسکے.. اس پر پڑی رہے "

کیا بکواس ہے" حیدر غصے سے بولا.. بھلہ وہ.. کیا تھا اور وہ یہ لہجہ برداشت کرتا.. ارمیش نے کبھی اسے دوبادو جواب نہیں دیا تھا.. اسنے حور کو اپنی طرف کیا ...

تو حور.. خود کو چھڑا کر دور ہو گئ ..

خبر دار... جو تم نے مجھے چھوا بھی..." وہ تو آنکھوں میں ائ ...

اس کا مطلب تمھیں صرف ہمارے پیسے سے محبت ہے" حیدر نے بڑے دکھ سے کہا ...

تو حور ہنسی ...

نہیں حیدر.. مجھے تم سے محبت ہے... مگر میں سسک سسک کر زندگی نہیں گزاروگی تمھارے سب اکاونٹس بند ہیں ....

کیا کھاوگے.... ہاں.. کہہ رہی ہوں حویلی چلو... معافی مانگو سب سے" اسنے.. زرا نرمی سے کہا تو حیدر..... اسکی صورت بس تک کر رہ گیا ...

حور... بدل گئ تھی یہ ایسی ہی تھی.. وہ سمجھ نہیں سکا.. ..

حورہ. حویلی نہیں جاے گے" وہ اٹل لہجے میں بولی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

توپڑے رہو.. اس گھر میں ہاتھ پر ہاتھ رکھے" حور غصے سے. بولی ...

تمیز سے بات کرو" حیدر نے اسپر.. ہاتھ اٹھایا... تو اگلا لمحہ اسے شاکڈ کر گیا.. حور نے بھی اسکے منہ پر تھپڑ دے مارا ..

ارمیش نہیں ہوں میں.." وہ دھاڑی ..

نہ تمھارے باپ کی غلام... جب تک تم تمیز سے نہیں رہو گے میں بھی تمیز سے بات نہیں کروں گی" وہ وارن جرتی.. وہاں سے چلی گئی ..

اور حیدر... سامنے لگے ائینے میں اپنا.. منہ دیکھتا رہ گیا.. اسے لگا اسکا عکس اس پر ہنس رہا تھا ...

منہ چیڑ رہا تھا ...

..................................

یہ عمل عابیر کو نقصان کی اتھا گہرائیوں میں اتار چکا تھا. مگر اسے یہ سب بس لوگوں کی بے وقوفی ہی لگی.. اسنے صرف بدلہ لیا تھا.. بھلہ اس میں کیا برائی تھی ...

وہ اب خوش تھی سکون میں تھی دنیا کے سامنے.. اسکو ایکسپوز کرکے. جہاں اسپر.. کیچڑ اچھالی جارہی تھی وہیں.. دوسری طرف اسکی ساکھ ہل چکی تھی ..

اور اسکی بلہ سے بھاڑ میں جائے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ دوبارہ سے اپنی زندگی میں خوش رہنا چاہتی تھی ..

نہ جانے کیوں اسے ریہا کی شادی معاذ سے ہوتی بلکل اچھی نہ لگی وہ شخص اسکا دیوانہ تھا. اور اسکے راستے سے ہٹتے ہی اسکی بہن سے کر تہا ہے شادی ..

یہاں تو سب ہی منافق ہیں اسنے سوچا... اور .. اہنے پرانے حولیے میں ائی ..

جینز کرتے میں .. اس نے سکون کا سانس لیا ...

اور بیگ اٹھا کر باہر ائی .. گاڑی اسی کے پاس تھی اسنے .. جوب کے لیے دوبارہ جانے کا سوچا ...

کہاں جا رہی ہو" مما نے نہ چاہتے ہوئے بھی پوچھ لیا ...

جوب پر" اسنے سکون سے جواب دیا ..

عابیر تمھارے ساتھ مسلہ کیا ہے" مما کو تو غصہ ہی اگیا ...

کیا مطلب" وہ حیران ہونے لگی ..

کسی کی بیوی ہو تم... اور اسے نہیں پتہ .. کے تم پھر سے اس گندی جاب پر جا رہی ہو"

بیوی .. ہمم" وہ ہنسی ...

میں کسی کی بیوی نہیں ہوں .. اور وہ عجیب سا ادمی میرے لائق تھا ہی نہیں یہ عشق عشقی اور معشقی مجھے نہیں پسند...

اور اپنی مرضی کے خلاف عابیر نہیں چلتی" وہ بڑے تفخر سے کہہ کر وہاں سے باہر نکل گئ ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ممانے اسکے اسقدر بد تمیزانہ رویے..پر انکھ میں ائی نمی صاف کی..ریہانے انکی جانب دیکھا ...

اور دونوں ایک دوسرے سے نظریں چرا گئیں ...

جبکہ عابیر گاڑی میں ابھی بیٹھتی ہی..کہ... محلے کے لوگوں نے باتیں بنانا شروع کر دیں..اسے تپ تو بہت ائی..مگر

وہ کان بند کرتی گاڑی میں سوار ہو گئ ..

....................

دن گزر گئے تھے..اسکی عدت پوری ہو گئ تھی ...

جبکہ..حویلی کا ماحول بھی خاصا بدل گیا تھا ...

اج معاویہ کے سر پر..دستار بندھنی تھی ...

سب ہی بہت خوش تھے ...

داجی کا فیصلہ تھا کہ معاویہ دستار سمبھالے گا ..

جبکہ باقی کسی نے انکے خلاف جانے کی کوشش نہیں کی ..

سب بدل رہا تھا سوائے..ارمیش اور بہرام کے ..

وہ اپنی ہی دنیا میں مگن ہو گیا تھا..ہر وقت شراب ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہر وقت شراب..جب سیاسی معملے بھی داجی نے کافی مشکل سے..نمٹائے تھے..جبکہ بہرام شراب سے نکلنے کو تیار نہیں تھا ...

اور دوسری طرف ارمیش..اور داجی کی ملاقات کے بعد ایک بار پھر ارمیش..نے خاموشی کالبادہ ایسااڑھا..کہ..سب تھک گئے مگر اسکی قفل نہ ٹوٹی ..

ہم چاہتے ہیں..معاویہ کے سر پر دستار سجنے کے بعد ان تینوں کی شادی کر دیں" داجی نے کیا..وہاں سب موجود تھے سوائے بہرام کے ..

بہت خوب باباسائیں" یاور خان نے کہاتو داجی مسکرائے ..

مگر داجی بہرام کو کون ہینڈل کرے گا" معاویہ نے پوچھا ..

ہم کرلیں گے "انھوں نے جواب دیا ...

اور اپنی جگہ سے اٹھ گئے معاویہ نے بھی ساتھ چلنا چاہا مگر وہ ہاتھ کے اشارے سے روک گئے ...

معاویہ وہیں ٹھر گیا..اور..داجی بہرام کے کمرے کیطرف بڑھ گئے ..

کمرے کا دروازہ کھولا..تو...وہ..بیڈ پر اندھا پڑا تھا جبکہ شراب کی بوتلیں زمین پر پڑیں تھیں..انھیں پہلی بار اسپر شدید غصے ایا ..

خان" وہ..اسکی شرٹ لیس...کمر پر..ہاتھ مار کر اٹھانے لگے..اسنے آنکھیں کھولین اور سیدھا ہوا ..



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

خان بولا لیتے کیوں ائے" اسنے. اٹھتے ہوئے سنجید گی سے کہا ...

اطلاع دینی تھی تبھی خود اگئے" وہ اسکے سامنے کھڑے ہو کر اسکو اٹھنے کا اشارہ کرنے لگے ..

کیسی اطلاع وہ کھڑا ہوا ..

دو دن بعد ارمیش خانم سے نکاح ہے تمھارا"

انھوں نے مظبوط لہجے میں کہا.. تو بہرام دھپ سے بیڈ پر گیرہ

پھر وہی "وہ عاجز ایا ...

بلا چوں چراں "

یار داجی مجھے نہیں کرنی شادی کسی سے بھی نہیں" اسنے اکتا کر کہا.. تو... داجی کا ہاتھ گھوما.. اور ایک کرارا تھپڑ بہرام کے جیسے.. طوطے اڑا گیا ...

ہوش میں رہو.. بہرام خان ...

بلکل ہوش میں... یہ شے.. اور یہ مدہوشی وہ بھی اس لڑکی کے لیے ہمیں گوارا نہیں.. ہم اس حویلی کے ایک ایک فرد کو خوش دیکھنا چاہتے ہیں ماضی کی ہر غلطی کو درست کرنا چاہتے ہیں" ..

وہ غصے سے چلائے.. وہ ویسے ہی انکی صورت تکنے لگا.. داجی نے پہلی بار اسے مارا تھا ...

ارمیش خانم کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں چلے گی..."انھوں نے وارن کیا ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام انکو گھورنے لگا.. داجی کو اسکی ڈھٹائی پر غصہ ایا ...

کہ وہ پھر سے نارمل دیکھائی دے رہا تھا ..

شرط ہے میری" اسنے کسی سوچ کے تحت کہا ...

اور میں کوئی شرط نہیں مان رہا.. کیو کہ کوئی رشتہ.. شرطوں پر نہیں بنتا" داجی.. نے.. نفی کی.. تو.. وہ... ایکدم اٹھا ..

مجھ سے تھپڑ برداشت بڑی مشکل سے ہوا ہے کہ میری جگہ اپ کسی اور کو نہیں دے سکتے.. بھلے وہ ارمیش خانم

کیوں نہ ہو ...

بہرام بہرام ہے... اور.. وہی اپکی جان ہے. اور اسی کے لیے اپ سب کریں گے اور میری شرط بھی مانیں گے" وہ تو

ارمیش کے لیے پڑنے والے تھپر پر اچھا خاصا تلملایا ...

داجی مسکراہٹ چھپا کر بولے ...

کیسی شرط" لہجہ اطب بھی اکڑا ہوا تھا ..

وہ انکی طرف ایک لمحے دیکھ کر... جھکا.. انکے چہرے کیطرف ..

عابیر... اس حویلی میں دوبارہ ائے گی"

اسنے سکون سے کہا ...

اور اپ.. مجھے نہیں روکیں گے" وہ سپاٹ انداز میں بولا ...



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسا کبھی نہیں ہو گا..." داجی کو.. مزید غصہ ایا ..

میری یہ ہی شرط ہے"...وہ کہہ کر پھر بیٹھ گیا ...

داجی نے دانت بھینچے ...

اگر تمھارے دماغ میں یہ سوچ ہے کہ تم. عابیر کو چیڑانے کے لیے شادی کر رہے ہو ارمیش سے تو.. ہماری خانم گیر ہی پڑی نہیں ہیں" داجی دھاڑے تو. وہ.. انکو دیکھنے لگا ..

ایسا کچھ نہیں کہا میں نے.."اسنے نفی کی ..

پھر کیا وجہ اس کو یہاں لانے کی" وہ گھورنے لگے ..

کوئ وجہ نہیں... اب کوئ وجہ نہیں... مگر وہ یہیں رہے گی.. بس یہ ضد ہے" اسنے.. شانے اچکا کر کہا.. تو داجی کا دل کیا اسکے بال نوچ دیں ..

اتنا سرد کیوں ہو جاتا تھا وہ ..

ٹھیک ہے مگر پہلے شادی ہو گی..." وہ.. کہہ کر وہاں سے نکل گئے.. جبکہ... بہرام.. نے بغیر کچھ بھی سوچے.. شراب کی بوتل اٹھائ.. اور مسکرا کر دیکھا ..

میری محبت" اسنے بوتل کو چوما... اور.. کھولنے لگا ...

اسے عابیر یہ ارمیش سے فل حال کوئ کنسرن نہیں تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

..........................

حویلی میں شادی کی تیاریاں ہوتے دیکھ جیسے... اسے ہوش ایا تھا یہ سب کیا ہو رہا تھا ...

سب ہی خوش تھا جبکہ... وہ عجیب سے کیفیت کا شکار تھا ایسا خواب تو اسنے عابیر کے ساتھ دیکھا تھا ...

مگر وہ خواب کس طرح پورا ہو رہا تھا ..

وہ مسلسل بے چینی کا شکار تھا.. حویلی میں سب بہت خوش تھے ...

یہاں تک کہ معاویہ بھی اسے ہری جھنڈی دیکھا چکا تھا ...

اسے اس بات سے بلکل فرق نہیں پڑتا تھا کہ داجی اسے فورس کر رہے تھے ...

وہ چاہتا تو داجی کی بات.. نہ مانتا مگر وہ اتنا ضرور جانتا تھا کہ.. داجی عابیر کو یہاں انے نہیں دیں گے اور اگر.. اسے لانا تھا تو شادی کرنی ہی تھی.. مگر دل تھا مٹھی میں جکڑا ہوا تھا ...

وہ... بغیر کچھ سوچے سمجھے.. گاڑی کی چابی اٹھا کر.. وہاں سے بڑی بے تابی سے نکلا تھا ....

کچھ ہی گھنٹے کی رف ڈرائیو کے بعد وہ.. اسکے گھر کے سامنے تھا ....

اسے یاد ایا کچھ مہینوں پہلے یہاں انے کی اسکی تڑپ ہی الگ تھی ...

اور اج یہاں انے کی تڑپ الگ تھی اج کچھ کھو جانے چھوٹ جانے کا احساس ہو رہا تھا ...

وہ.. اپنے مخصوص سٹائل میں گاڑی سے نکلا.. اج اسنے ڈرنک نہیں کی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چاہ کر بھی پی نہ سکا.. وہ باہر نکلا اور دروازہ بجایا ...

تو کچھ ہی منٹ میں دروازہ کھل گیا... ریہا.. کو سامنے دیکھا ...

اور اس سے پہلے وہ سوال کرتا ...

اپی... گھر پر نہیں ہیں"

کہاں ہے وہَ" بہرام نے... بے تابی سے پوچھا تو ریہا کو اپنی بہن پر شدید افسوس ہوا ...

انھوں نے اپنی جوب ریجوائن کرلی ہے رات لیٹ اتی ہیں صبح جلدی چلی جاتی ہیں" اسنے جواب دیا.. تو بہرام کے جبڑے تن گئے ..

کہاں ہے اسکا افس" اسنے پوچھا تو ریہا نے اسے ایڈریس سمجھایا ..

بس بہت ہو چکی تھی ...

بہرام کو عابیر پر شدید غصہ.. ارہا تھا ...

وہ لڑکی حد سے زیادہ بڑھ رہی تھی صرف.. اپنی ضد اور جنون میں ...

بہرام.. انھیں سوچوں میں گھیرہ.. دوبارہ گاڑی کیطرف بڑھا... اور ریہا کے بتائے گئے پتے کی جانب. چلا گیا. ...

اونچی عمارت کے سامنے گاڑی روک کر.. اسنے اندر قدم رکھا تو اسے سامنے وہ لڑکا نظر ایا... جو اکثر اسے کنفرنس میں بھی اور دوسرہ عابیر کے ساتھ بھی اکثر نظر اتا تھا.. جبکہ واصف بھی اسے پہچان گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام نے اسکی آنکھوں میں شناسائی دیکھ کر... اسکیطرف ہی قدم بڑھائے ..

تو واصف کے اطلاع پر اسکا خون کھول گیا ...

کب سے چل رہا ہے یہ سب" اسنے دانت بھینچ کر پوچھا ..

چار پانچ دن سے...." وہ.. بتا کر افسوس سے اسکیطرف دیکھنے لگا.. جبکہ بہرام پلٹ گیا ..

چینل کے اونر... کے بیٹے کے ساتھ ابھی کچھ ہی دنوں سے عابیر کے مارا سم بڑھ رہے تھے ..

اور یہ ہی بات واصف نے.. اسکو بتائی اور یہ بھی کہ وہ ابھی بھی.. اسکے ساتھ لنچ پر گئی ہوئی ہے ...

بہرام.. کو.. محسوس ہو رہا تھا.. یہ لڑکی جلد ہی اسکے دماغ کو مفلوج کر دے گی.. وہاں حویلی میں جہاں اسکی.. شادی کی تیاریاں ہو رہیں تھیں.. کل اسکا نکاح تھا ...

ارمیش کے ساتھ اور وہ صرف ایک اس کے تحت کے شاید کچھ.. تو عابیر کا دل اسکی جانب سے نرم ہوا ہو..

اسکیطرف لپکا تھا.. جبکہ.. وہاں تو.. اور بھی برے حالات ہو چکے تھے.. وہ ریسٹورنٹ میں ایا.. تو سامنے ٹیبل پر ہی وہ کسی لڑکے کے ساتھ مسکراتی.. ہنستی نظر ائی ...

اسکے ماتھے پر بلوں میں شدید اضافہ ہوا ...

لاکھ چاہت.. کے باوجود کبھی وہ اسکے پاس ہنسی تک نہیں اور یہاں.. وہ کتنی خوش لگ رہ ء تھی.. اسکے اندر کا عاشق جیسے دم توڑ رہا تھا... وہ لڑکا. اسے کچھ دیکھا رہا تھا شاید.. تبھی.. وہ.. اشارہ کرتی اور بھی ہنسنے لگی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام....نے مٹھیاں بھینچی ...اور...بنالحاظ کے وہ پل میں اس لڑکے پر ایسا..پڑا..کہ...وہ..ریسٹورنٹ میں ابھرنے والی... آوازوں پر بھی توجہ نہ دے سکا..وہ بری طرح اس لڑکے کو پیٹ رہا تھا.جبکہ عابیر کے..ہاتھ کے..مکے اسے اپنی کمر پر محسوس ہوا.اور کسی جلاد کی طرح اسکو دھکا دے گیا ...

تم اس قابل تھی ہی نہیں.."وہ دھاڑا جبکہ پھر اس لڑکے کو پنچ مارا ...

پلیز سر...میرے ہوٹل کی ریپوٹیشن خراب ہو رہی ہے..پلیز"منیجر نے..بہر ان کو قفا بو کرنا چاہا مگر وہ..اسے جھٹک گیا ...

میرے نکاح میں ہو تم ازاد نہیں کیا میں نے تمھیں جو تم...یوں پھیرو گی سب کے ساتھ"وہ..عابیر کو جھنجھوڑ کر چیخا ...

جبکہ عابیر..کا دماغ اسقدر گھوما..کہ.وہ بہرام کے منہ پر وہاں بھرے مجمے میں تھپڑ لگا گئ..

جب میں تمھارے ساتھ رہنا نہیں چاہتی تو کیوں..کتوں کی طرح پیچھے پڑ چکے ہو میرے"وہ..زور سے چینخی ... سمجھتے کیا ہو اپنے اپ کو...تم جو مرضی کرتے پھیرو..اچانک اتنے نیک ہو گئے..کہ..

شیٹ اپ

.شیٹ اپ"عابیر کو لگا کہ اسکا جبڑا اج ٹوٹ جائے گا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چلو" وہ.. اسکا ہاتھ.. اپنی گرفت میں جکڑتا.. وہاں سے لے کر نکلا جبکہ عابیر.. نے اسسے خود کو چھڑوانے کی ہر ممکن

کوشش کی جو.. ناکام ہی رہی.. بہرام.. اسے ایک بار پھر اسکی مرضی کے بغیر اپنے ساتھ لے جا رہا تھا..

چھوڑو مجھے.. چھوڑو بہرام.. "عابیر گاڑی میں بیٹھنے کے لیے بلکل تیار نہیں تھی ...

جبکہ وہ اسے زبردستی گاڑی میں اسے دھکیل رہا تھا..

اگر تم نے مجھ سے کبھی محبت بھی کی ہے تو تمھیں اس محبت کی قسم... چھوڑ دو مجھے جینے دو مجھے "اسنے جیسے ایک

پیتر اپھینکا.. اور بہرام کے ہاتھ کی گرفت اسکے ہاتھ پر چھٹتی چلی گئ ....

عابیر... نے اسے پیچھے دھکا دیا.. اور خود گاڑی سے نکلی ....

دونوں کے سانس بری طرح پھول رہے تھے ...

تم.. میری نفرت.. کے لائق ہو صرف. "عابءر نے اسکا گریبان جکڑا ...

اس حویلی اس قید خانے میں دوبارہ میں کبھی نہیں جاوگی اور تم سے بھی جلد ازاد ہو جاوگی... یاد رکھنا.. تم نے ایک

غلط انتخاب کیا تھا... عابیر غریب خاندان کی ضرور تھی مگر عام تام نہیں تھی جس.. کو تم رسوا کر دءتے اور وہ..

تمھارے ساتھ زندگی گزرتے. تمھاری اس دو ٹکے کی محبت کی قید میں مائے فٹ... "وہ نفرت سے پھنکاری اور اسے

عہاں چھوڑ کر. دوبارہ ہوٹل کیطرف دوڑی جہاں.. اب ایمبولینس باہر اکھڑی ہوئی تھی..

شہر کی تپتی دھوپ نے.. بہرام کو اچھے سے جھلسا دیا تھا..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اخری کوشش ... بھی.. اسکی دم توڑ گئ.. تھی ...

اور محبت جو پہلے ہی آہیں بھر رہی تھی.. وہ نہیں جانتا تھا.. وہ مر گئ... یہ... ابھی بھی سسک رہی ہے... وہ.. یوں ہی سامنے ہوٹل کیطرف دیکھتا رہا ...

اس لڑکے کو.. سٹریچر پر ڈال کر.. باہر لایا گیا ...

تو عابیر اسکے ساتھ تھی.. جبکہ کان پر فون لگا تھا وہ کس سے بات کر رہی تھی اسے پتہ نہیں تھا ...

مگر... وہ اس انجان لڑکے کے ساتھ.. تھی ..

جبکہ.. وہ تنہا کھڑا تھا ...

اسکو ہوش ہی نہیں تھی.. سامنے سے ایمبولینس جا چکی تھی لوگ ایک بار پھر.. اپنی اپنی زندگیوں میں مگن ہو گیے تو یہ ہوتی ہے زندگی ..

وہ.. بھی پلٹا.. اور گاڑی میں بیٹھ کر.. شاید ان راستوں سے ہمیشہ کے لیے دور نکل گیا ...

.....................

تو تم نے قسم کھالی کہ.. تم حویلی دوبارہ نہیں جاوگے "وہ ایک بار پھر اسکے سر پر سوار تھی جبکہ.. حیدر حور کے رویوں سے.. کافی دکھی تھا.. مگر ثابت نہیں کرنا چاہتا تھا.. وہ اخبار دیکھ رہا تھا.. جبکہ اسکے تمام دوست اسکا ساتھ چھوڑ چکے تھے کوئ اسے اپنی کمپنی یہ کام میں بھی حصہ دار نہیں بنانا چاہتا.. تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ لوگوں کے اسقدر بدل جانے سے..زیادہ حور کے بدلنے پر بکھرا تھا..

حور ہم مصروف ہیں.."اسنے کہا .

حیدر صاحب... کنگلے ہیں اپ... یہ ہم ہم.. سیٹھوں پر جچتا ہے ...

جو کسی کام کے نہیں ان پر یہ سب نہیں جچتا "

وہ اسکے..بازو کو.. سختی سے پکر کر طنز کرتی بولی ..

حور تمیز سے رہو تم""حیدر کو غصہ ایا ...

تمیز...ہاہا... تمھارے جیسے..مرد بس..اپنی گزری ہوئ... دولت..کی عادتیں نہی بھولتے .

اور تم کس قدر بیوقوف ہو..کس قدر .

اچھی بھلی دولت جائیداد چھوڑ کر اس..فلیٹ پر پڑے ہو..."وہ دانت کچکاتی بولی ...

حیدر مدھم سا مسکرایا ..

مطلب پیسے کی جیت ہے "..

لو...اتنے بڑے ہونے کے بعد بھی تمھیں پتا نہیں لگا" ...

وہ پھر سے طنز کرنے لگی ...

عقلمندی یہ ہی ہے کہ..تم..دوبارہ حویلی جاو..اور پاوں واو پکڑو سب کے "

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے پھر سے مشورہ دیا ..

ہم نہیں جائیں گے "اسنے پھر سے کہا اور اٹھنے لگا ..

مجھے لگ رہا ہے محتشم سے ..ڈائیورس لے کر میں نے غلط ہی کیا.. کم از کم وہ تمھاری طرح کنگلا نہیں تھا" وہ چیخی ..

تم ایک سائیکو لڑکی ہو..مجھے سمجھ نہیں ارہا ہمیں یہ احساس اتنی دیر سے کیوں ہوا..."حیدر پلٹ کر اسے گھورتا ہوا بولا ..

اوووتو محبت وجبت سب ختم تمھارے اندر سے ہاں...اب میں سائیکو ہو گئی وہ غصے سے اٹھی ..

ہم تم سے بات نہیں کرنا چاہتے "اسنے ناگواریت سے کہا.. تو حور..نے اسکے گزرتے ہی واس اٹھا کر..مارا ...

میں بتا رہی ہوں..اگر تم نہ گئے تو میں چلی جاوگی حویلی.. بیٹھے رہو یہیں "اسنے چیخ کر کہا.. جبکہ ھیدر نے اندر سر تھاما تھا...اپنا ..

وہ تو کبھی اس قسم کی ذہنی اذیت کا عادی نہیں رہا تھا ...

ایسا کیوں ہو رہا تھا ...

اور پھر کسی کی سسکیاں...اسکے کانوں میں گونجی اسکے دل نے پہلی بار خوف محسوس کیا..اور وہ جھٹک گیا..

نہیں..ایسا کچھ نہیں ہے "اسنے دل کی اواز کو دبایا ...

.................. ......



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ حویلی پہنچا.. تو حویلی کو باہر سے دیکھنے لگا ...

لائٹوں اور پھولوں سے سجی یہ حویلی بہت.. پیاری لگ رہی تھی.. وہ.. اندر ایا. اور پورچ میں گاڑی روکی تو.. سامنے اسے وہ ملازم نظر ایا... جسے اسنے عابیر کے لیے کتنا پیٹا تھا ...

اسے لگا یہ اس شخص کی ہی بد عائیں تھی شاید ..

وہ ملازم اسکو دیکھ کر وہاں سے ایکدم غائب ہو گیا.. جبکہ بہرام اندر ا گیا ..

اسکا دل و دماغ سن ہو چکا تھا ...

وہ اپنے کمرے کیطرف جانے لگا کہ.. داجی نے روک لیا ..

خان. بات سنو یار... یہ دیکھو.. ہم چاہتے ہیں ارمیش کا لہنگا تم خود پسند کرو... اس لڑکے کو دیکھو ہمرای چھوٹ کا کتنا فائدہ اٹھا رہا ہے... انوشے خانم کے لیے کیسے چیزیں پسبد کر رہا ہے" وہ خوشگواریت سے طولے تو معاویہ ہنسنے لگا ..

اور یقین مانو خان احمر سائیں تو کسی نو خیز دولہن کی طرح شرما رہے ہیں جبکہ انکی بیگم محترم نے حویلی سر پر اٹھائی ہوئی ہے ...

کہ وہ ہر چیز اپنی پسند کی لے گی " ...

داجی نے اپنی نام نہاد پابندیاں ہٹادیں تھیں جبکہ جلد ہی شادی کے بعد زنان خانے کی جالیاں بھی ہٹادی جاتیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

داجی نے جب یہ کہا تو زنان خانے کی خواتین نے انکار کر دیا کہ وہ یہ نہیں چاہتی اور داجی اس بات سے کافی خوش تھے ..

بہرام نے دونوں کیطرف دیکھا ...

اور.. اس کاپی کیطرف دیکھا جس میں کافی سارے ڈیزائنر لہنگے تھے ...

ارمیش خانم سے پسند کروایں" اسنے.. کہا.. تو داجی.. اور معاویہ دونوں اسکی طرف دیکھنے لگے ...

ٹھیک یے برو تیری شیر وانی پسند کرائیں گے اس سے" معاویہ نے ماحول کی کثافت کم کرنا چاہی ..

بہرام کچھ نہیں بولا ...

ٹھیک ہے" داجی نے کہا.. اور اسکے پاس سے ہٹ گئے ...

جبکہ... بہرام اندر اپنے روم کیطرف چلا گیا ..

اسک ادل کیا.. دھاڑے مار مار کے رو دے مگر رونے سے خود کو بعض ہی رکھا.. وہ کمزور نہیں تھا ..

اسنے چند لمحے سوچا اور.. بوتل نکال کر اپنا شغل جارہ کر دیا ...

جبکہ کمرے میں بیت تیز اواز میں میوزک چل رہا تھا ...

اسے گھبراہٹ ہوئی تو بلکونی میں اگیا ...

میوزک کی اوزا.. حالانکہ اسکے سر میں بج رہی تھی مگر وہ اندر کے شور سے بچنا چاہتا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com
READERS CHOICE

تبھی اسنے.. اواز کم نہیں کی کچھ دیر اسمان کی جانب دیکھتا رہا ...

اور... پھر اسکی نظر حویلی کے پیچھے بنے باغ پر گئ.. جس کا بس تھوڑا سا حصہ ہی نظر اتا.. تھا.... وہاں سفید چادر میں کھڑی.. لڑکی کو وہ پہچان چکا تھا.. اسے شکل تو نظر نہیں ارہی تھی مگر وہ جس طرح اسمان کو دیکھ رہی تھی اسے معلوم ہو گیا وہ ارمیش ہی ہے ..

ارمیش.... بہرام. "اسنے لبوں سے دنوں کا نام لیا ...

دماغ جیسے.. پاگل ہونے کے قریب تھا ..

وہ اپنی برداشت پر حیران تھا ..

وہ بلکونی سے ہٹ گیا ...

کمرے میں ایا تو ساری لائٹس بجھا کر. اسنے بوتل لبوں سے لگائ.. اور صوفے پر اڑھا تیچھا لیٹ گیا. ...

................

سرخ لباس پہن کر وہ واشروم سے باہر ائ تو وہاں بیٹھی دو اور دلہنیں بھی اسکے روپ سے جیسے.. حیران رہ گئیں ...

جب وہ پہلے دلہن بنی تھی تو خوف زدہ تھی.. اور اسکے ارمان.. اس خوف.. نے ایسے جکڑے تھے. کہ وہ ساری رات.. بس پیٹتی رہی ...

اور اج دلہن بنی تو.. اسے.. لگ رہا تھا. وہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہزار بار سب نے اس سے پوچھا کہ داجی نے اسے ایسا کیا کہا ہے ...

مگر وہ کیس کو بھی نہیں بتانا چاہتی تجی اور نہ ہی بتایا ..

ارمیش بہت خوبصورت لگ رہی ہو ...

جی اپی اپ بہت پیاری لگ رہیں ہیں ..

اپ تو. ابھی سے بہت پیاری لگ رہی ہیں ایسا لگ رہا کہ میکپ کی ضرورت ہی نہیں ...

بہت ساری باتیں اسے اپنے کانوں میں سنائی دے رہیں تھیں. ...

وہ ائینے کے سامنے بیٹھ گئ ...

ایک بار پھر قسمت.. اسے.. ایک.. ادھورے شخص سے جوڑ رہی تھی اور اسے یقین تھا وہ حیدر سے زیادہ.. شدت پسند انسان ہے ..

وہ خود کو... کوسوں. اور.. مارپیٹ کے لیے زہنی طور پر تیار کر رہی تھی

. مگر.. دل ہمیشہ سے جیسے.. اس مارپیٹ سے ڈر جاتا تھا ...

مگر چہرہ بغیر تاثر رکھے.. وہ... چپ چاپ رہی.. انوشے اور نین.. دنوں ہی.. اس سے باتیں کر رہیں تھیں جبکہ وہ کوئ جواب نہیں دے رہی تھی.. کیا یہ اپکے لیے مشکل نہیں ہوتا.. کہ اپ یہ تصور کریں اپ دوسری بار دولہن بنے گے وہ بھی کسی اور شخص کے لیے. ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ بس اسی تکلیف کا شکار تھی مگر ایسا نہیں تھا.. اسے حیدر کا خیال بھی ایا.. تھا.. اس شخص سے جتنی نفرت کرتی کم کرتی ....

وہ اور اسکی بیوی اسکے بچے کے قاتل تھے .....

چند گھنٹوں میں وہ تینوں تیار ہو گئیں ج کہ تینوں ہی ایک سے بڑھ کر ایک لگ رہی تھیں مگر ارمیش.. پر جو روپ تھا.. اسکی کوی جوڑ نہیں تھی ...

انوشے تو کافی ڈری ہوئ تھی.. ناجانے معاویہ.. کیسا ہوا ...

جبکہ نین... کا تو میٹر گھوم رہا تھا.. ہاں پہلے وہ اس سے شادی نہیں کرنا چاہتی تھی.. مگر وقت کے ساتھ ساتھ وہ.. اسے.. اچھا لگنے لگا تھا.... اور جہاں معاویہ. انوشے کے لیے سب خرید رہا تھا.. وہاں وہ پتہ نہیں کہاں تھا ... چھپ کر بیٹھا تھا ساری شاپینگ اسے خود کرنی پڑی تھی اور.. ہمیشہ کیطرح اسے اسپر کافی سے زیادہ غصہ تھا ...

جبکہ ارمیش.. کچھ نہیں سوچ رہی تھی چاروطرف صرف سناٹا تھا ..

اور انے والے وقت کا خوف....

ارمیش تم ہم دونوں سے زیادہ پیاری لگ رہی ہو" نین نے جان بوجھ کر اسکو چھیڑہ.. اسنے.. کچھ نہیں کہا. تو انوشے.. کو ہنسی ائ..

تمگارے اندر کبھی شکر نہیں اتا اب جو تمھاری شکل پے ویسی ہی دیکھو گی نہ تم " ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے کہا. تو نین نے منہ بنایا ..

اگر اس .. بے بی ڈول احمر نے میرء تعارف نہ کی تو" وہ سوچ میں پڑی جبکہ انوشے کو خوب ہنسی ائی ..

اف کیسا نام رکھا ہے تم نے احمر بھائی کا" ..

اب وہ ایسا ہی ہے .. میں کیا کرو" نین نے .. شانے اچکائے .. اور دونوں ہی ہنس پڑی ...

ارمیش کی سنجیدگی دیکھ کر .. وہ دونوں ایکدم خاموش ہوئی تھیں ..

ارمیش "نین نے اسکا شانا تھامہ ..

نین میں کوئی بات نہیں کرنا چاہتی .. "اسنے کہا .. ابھی وہ کچھ کہتی ہی کہ .. بی جان سمیت سب خواتین اندر اگئیں ...

اور ایک اور بار پھر وہ سب سے اپنی تعریفیں سننے لگی ..

بی جان یہ کوئی بات نہیں تھی" نین نے آنکھیں گھمائی ..

ارے میرا خانم اج تو .. بڑی ہی پیاری لگ رہی ہے بس اپنی چونچ بندر کھنا" بی جان کی بات پر جہاں اسنے منہ بنایا وہاں سب ہنس دیے سوائے ارمیش کے ..

......................

اہ شیٹ .. اج اسکی شادی ہے..." معاویہ نے بلاخر منیب کے ساتھ مل کر اسکا کمرہ کھول ہی لیا .. کمرے میں شراب کی خوشبو سے اسکو ابکائی ائی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور...اسنے بلکنی.. کھول دی وہ صوفے پر الٹا پڑا تھا ..

اوو بھائی تیری شادی تھی اج.. "معاویہ نے اسکو.. جھنجھوڑا.. جبکہ منیب جلدی جلدی کمرہ صاف کر رہا تھا

باہر مہمان بھر رہے ہیں ...

اور یہ نواب نیندیں پوری کر رہا ہے "معاویہ کو غصی ایا.. تبھی اسکو ایک کک لگائ تو بہرام صوفے سے نیچے گیرہ..

اور ہڑبڑا کر اٹھا ...

کیا منحوست ہے "وہ دھاڑا ...

سالے منحوس تیری شادی تھی اج.. "اسنے کہا اور ہاتھ کی مدد سے اسے اٹھایا ...

بہرام نے ہاتھ جھٹکا ..

لنگڑا نہیں ہوں "اسنے ناگواریت سے کہا ..

تو دولہے میاں.. جا کر لباس بھی بدل لیں "معاویہ نے اسے شیروانی دی ..

یہ نہیں پہنی مجھے "اسنے.. انہار کیا. اور اپنی الماری کیطرف بڑھا اسکو سر میں شدید درد محسوس ہو رہا تھا ...

تبھی قدم بھی لڑکھڑا رہے تھے.. اپنی وارڈروپ سے.. کالا لباس نکال کر وہ. واشروم میں بند ہو گیا. اور یوں ہی

کپڑوں سمیت شاور کے نیچے جا کھڑا ہوا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپنے اندر کی اگ کو بجھاتا تبھی وہ.. کچھ سوچنے سمجھنے قابل ہوتا.. ورنہ... اسے خود بھی اپنی حرکتوں کا نادازا نہیں تھا ...

معاویہ نے شیر ونی کو اور پھر اسکے سیاہ جوڑے کو دیکھا.. تو عابیر کا خو. جرنے کا دل کیا ..

ایک ہنستے کھیلتے انسان کو ختم کر دیا تم نے" اسنے سوچا ...

اور باہر نکل گیا.. جبکہ منیب.. کو ارد رد ے چکا تھا.. کہ اسکے باہر جاتے ہی کمرے کو.. سجا دیا جائے ..

..............

نکاح نامے پر دستک کرتے دو دل تھے.. جن کی کوئی دھڑکن نہیں تھی جبکہ... چار دل تھے جو بڑی مسرور لہر پر دھڑکے تھے ...

دعوت ایسی تھی کہ.... لوگوں کی آنکھیں چندھیا کر رہ گئیں تھیں.. داجی کے قہقے.. یاور خان عظیم خان.. جواد خان... سمیت باقی سب بھی اسطرح خوش تھے جیسے کوئی جنگ جیت لی گئی ہو ..

معاویہ احمر اور بہرام.. الگ الگ صوفوں پر بیٹھے تھے.. معاویہ اور احمر.. بھی بات بات پر ہنس رہے تھے جبکہ بہرام اج سے پہلے اتنا سنجیدہ کبھی دیکھائی نہیں دیا ..

خوشی ہوئی بیٹا.. اپلی شادی پر"

صفدر صاحب.. نے کہا. تو اسنے انکے بڑھے ہاتھ کو تھام لیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہونی تو نہیں چاہیے تھی جبکہ اپ اپنی بیٹی.. کی شادی بھی مجھ سے کرانا چاہتے تھے "

تڑاخ دے کر انکے منہ ہر بات مار کر وہ پھر سے سنجیدہ ہو کر بیٹھ گیا جبکہ صفدر صاحب بل کہا کر رہ گئے ...

معاویہ نے بمشکل اپنا قہقہ دبایا تھا.. جبکہ احمر اپنی جگہ سے اٹھ کر صفدر صاحب کو پروٹوکول دینے لگا ...

سالے... اس بلاوجہ کے پنگے کی وجہ "معاویہ نے.. پوچھا تو.. بہرام نے اسکیطرف دیکھا ..

میں پوچھو بلواجہ ہنسنے کی وجہ.. "اسنے سنجید گی سے پوچھا ..

بھئ میں اپنی شادی سے بے حد خوش ہوں جتنا ہنسو اتنا کم "اسنے بڑے فخر سے کہا تو.. بہرام نے روخ موڑ... لیا ...

میں جارہا ہوں... داجی کو بتا دینا "اسنے اٹھتے ہوئے کہا ..

بہرام مگر "معاویہ نے روکنا چاہا تو وہ.. ہاتھ ہلا تا وہاں سے نکل گیا... جبکہ معاویہ نے منہ بھر کر گالی دی تھی اسے..

اسنے داجی کو جا کر بتایا... تو داجی نے سر ہلا دیا.. اب تو وہ.. ہو گیا تھا جو وہ چاہتے تھے ...

..................

جلد ہی سب دلہنوں کو انکے کمروں میں بیٹھایا گیا تو.. اب کہ دل کی دھڑکنوں کی گونج.. اتنی شدید تھی کہ وہ چارو سہم ہی گئے کہیں کوئی اور نہ سن لے ...

معاویہ کے دانت تواج جیسے.. باہر کا پتہ لے کر ائے تھے اندر جانے کا نام نہیں لے تہے تھے ..

اج وہ اسکے کمرے میں تھی وہ.. جو بہت کم عرصے میں اسکے دل میں سما گئی تھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپنے کمرے میں اسکی موجودگی پر وہ.. مسرور سا تھا ...

جبکہ اج معاويہ جے اور بہرام کے بھی دستوں نے اسے جکڑ لیا تھا.. اسنے بیرام کو رج رج کر گالیاں دیں ہاں شاید وہ اچھے وقت پر بچ کر نکل گیا تھا.. جبکہ وہ... پھنس کر رہ گیا تھا ..

یار داجی بچاو مجھے... سردار ہوں اب میں اور میری کوئی عزت نہیں ہے" معاویہ کی دھوائی پر.. قہقہوں کی گونج دیکھنے والی.. تھی ..

لڑکوں اس بے تاب کو چھوڑنا مت" داجی نے کہا تو اسکا تو منہ کھل گیا ...

اسنے... باپ کی طرف دیکھا تو انھوں نے ہی کچھ مدد کی تو وہ اڑتا ہوا اب اپنے کمرے کیطرف ایا.. ہینڈل پر ہاتھ رکھ کر.. اسنے. اپنی مسکراہٹ روکنے کی کوشش کی.. اخر تنگ کیے بغیر سکون کہاں ملنا تھا.. سنجیدگی سے.. وہ اندر داخل ہوا.. توانشے.. سامنے دولہناپے کے روپ میں اسکے کمرے کو چار چند لگا رہی تھی ..

دل میں ماشاءاللہ کہہ کر.. وہ.. اپنی محویت.. پر خود کو ٹوکتا... اگے بڑھا.. اور.. اسکی جانب دیکھنے لگا.. وہ حد سے زیادہ پیاری لگ رہی تھی ..

لڑکی شرم ورم بھلادی ہے تم نے" وہ سخت لہجے میں بولا.. توانوشے نے.. اپنی.. قاتل. نگاہوں سے اسکیطرف دیکھا.. معاویہ کے فل نے ایک بیٹ مس کی ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سلام کون کرے گا.. تمھارے شوہر ہونے کے ساتھ ساتھ. ہم کالام. کے سرادر بھی ہیں.. اور.. اس بد تمیزی پر کافی سخت سزادے سکتے ہیں تمھیں "وہ... اسکے سرخ دوپٹے کی جانب دیکھتے ہوئے بول جو پینوں میں جکڑا ہوا تھا .....

انوشے کے ہاتھ بری طرح کانپنے لگے ....

وہ میں.. اسلام وعلیکم "..

اسنے اٹکتے ہوئے کہا.. تو معاویہ نے.. ہلکا سا جھک کر.. اسکے گال پر اپنے ہاتھ کی پشت پھیری ...

وسلام... زندگی" ...

انوشے کی کپکپاہٹ.. اسکے وجود کو مسرور کر گئ.. وہ اسکے سامنے بیٹھ.. کر اسکی مخروطی انگلیوں کو اپنے ہاتھ کی گرفت میں لے گیا ...

کچھ بولو گی نہیں" اسکی خاموشی کو محسوس کر کے اسنے کہا تو انوشے جو شرم سے دھوری ہو رہی تھی کچھ بھی بول نہ سکی ...

معاویہ نے اسکی تھوڑی پکڑ کر اسکا چہرہ اونچا کیا ..

اسکا دل بری طرح بھکنے لگا ..

میری زندگی میں تمھارے انے کے بعد کوئ نہیں" اسنے.. اسکے چہرے کے قریب ہوتے ہوئے بتایا ...

انوشے.. کی جھکی پلکیں بند ہو گئیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ معاویہ نے اسکی نتھ کو..پیار کیا ...

انوشے کا چہرہ سرخ ہو گیا ...

اور وہ عابیر والا معملہ "...

اپ اس بارے میں مجھے صفائی مت دیں مجھے اپ پر یقین ہے "اسنے اسے بیچ میں ہی ٹوک کر.. مدھم اواز میں کہا تو

وہ مسکرا دیا ...

اسکا ہاتھ تھام لیا ....

جبکہ دونوں ہنائی ہتھیلیوں کو کھول کر اسپر پیار کیا ..

انوشے...شرما سی گئی ...

معاویہ.. کھڑا ہوا اور گھوم کر اسکے.. برابر...لیٹ گیا...اور فرست سے اسکو دیکھنے لگا.. جبکہ وہ انگلیاں چٹخا رہی تھی

اور کافی کنفیوز بھی تھی ...

اب "اسنے اسکے بازو کو کھینچ کر.. اپنے قریب کیا ...

انوشے کسی موم کی گڑیا کی مانند لگ رہی تھی ...

اہو ایک منٹ... یہ معاویہ کی نائٹ ہے.. یہ شرمانا مسکرانا نہیں چلے گا "وہ ایکدم اٹھتا بے باکی سے بولا... انوشے.. تو

پریشان ہی ہو گئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اممم کچھ میوزک اور ڈینس ہونا چاہیے" اسنے سوچتے ہوئے کہا ...

معاویہ اپ یہ کیا کہہ رہے ہیں" انوشے روہانسی ہی ہو گئ...اسے تو.. بلکل اندازا نہیں تھا وہ کیا کر رہا تھا ...

لو اس میں کیا بڑی بات ہے دیکھو انوشے مجھے..ڈانس پارٹیز منی سیکرٹس ..

معاویہ "انوشے..چیخیٔ کے وہ دل کھول کر ہنسا..اور اسکو بانہوں میں جکڑ..لیا ...

اسکے نرم لمس پر انوشے اسکے ساتھ سر اھ بہک رہی تھی جبکہ معاویہ..انوشے پر اپنی محبت کی بارشیں برسا رہا تھا ...

کمرے میں محبت بھری خاموشی..ان دونوں کے ملن کی نشانی تھی ..... ....

...............

وہ کمرے میں ایا...تو..نین آئینے کے سامنے کھڑی تھی ..

اہ احمر... تیرا کیا ہو گا یار"

احمر نے کہا اور دروازہ بند کیا ..

نہ شرمانانہ مسکرانا..." اسنے سوچا...اور..اگے بڑھ کر..اسکے سامنے ایا جو شیشے میں اپنا عکس دیکھ رہی تھی ...

اسلام و علیکم "اسنے خود ہی کہا اس سے امید بھی نہیں تھی ..

بات مت کرو مجھ سے اگر میں تم سے شادی کر کے تم پر احسان کر ہی رہی تھی تو تم..اپنے..حجرے سے باہر نکل کر میری خواہشیں پوری نہیں کر سکتے تھے" وہ اسکو دھکا دیتی بولی...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نین اپ جانتی ہیں.. میں "احمر نے صفائی دینا چاہیے ..

ہاں میں جانتی ہوں.. سب تم چو ہے ہو "وہ غصے سے بولی ..

احمر نے منہ بنایا ...

اب اسی بھی بات نہیں.. میں معاویہ کیطرح نہیں ہوں شاید "اسنے کہا.. تو... نین نے کمر پر ہاتھ رکھا.. سرخ لہنگے میں وہ باکمال لگ رہی تھی ...

میں میں... مجھ سے بات مت کرو جا رہی ہوں میں "وہ بے بس ہوتی باہر نکلنے لگی کہ احمر نے ایکدم اسکا ہاتھ پکڑا ...

اج اپ کہیں نہیں بھاگ سکتیں ..

دوسروں کے سامنے نہ سہی.. اس چار دیوری میں. میں ضرور اپکی زبان کو بریکیں لگا سکتا ہوں "وہ مسکرا کر اسکے ہاتھ کو جھٹکا دیتا.. اپنے نزدیک کر گیا کہ.. نین کی پشت اسکے سینے سے لگی.. دونوں کے دل دھڑک اٹھے ..

نین اپ مجھ سے نفرت کرتی ہیں "احمر نے گزشتہ باتوں کو یاد کرتے اد کے کان کے اویزے کو چھوتے ہوئے پوچھا.. نین تو اس لمس پر ..

ذہنی طور پر بلکل جیسے مفلوج ہو گئ تھی.. کچھ بولا ہی نہیں گیا ..

بتائ مجھے میں اپکی مرضی کے خلاف کچھ نہیں کرو گا "

ن... نہیں "اسکے لب پھڑ پھڑائے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

احمر..کے دل جیسے پہلی بار بے حد خوش ہوا ...

میں اپکو کبھی..دوسروں پر نہیں چھوڑو گا...اپنے بازو پر کمایا اپکو کھلاو گا" اسنے..اسکا رخ اپنی جانب کیا ...

نین کے اندر کچھ بولنے کی ہمت نہ ہوئ ...

مگر یہاں بولنا ضروری تھا ...

اگر مجھے یہ پتا نہ ہوتا تو تم سے کبھی شادی نہ کرتی" اسنے..کہا تو..احمر مسکرا ایا ...

میری زندگی..میں انے کا شکریا.."اسنے اسکی گردن میں ہاتھ ڈال کر..اسکے گال پر لب رکھے..نین کی آنکھیں پوری کھل گئیں ..

ہیلو میری منہ دیکھائ" اسے اچانک یاد ایا ..

صبح لینا" احمر نے اسکا دوپٹہ اتارا..

مگر" اسنے احتجاج کرنا چاہا..مگر احمر نے..اسکے..لبوں پر قفل لگا دیا ..

نین جیسے پل میں اسکے وش میں ائ تھی..جبکہ احمراج اسپر اپنی محبت کی تمام حدیں ثابت کر دینا چاہتا تھا ......

..........................

کمرے میں داخل ہوتے ہی پھولوں نے اسکا سواگت کیا جبکہ بیڈ پر بیٹھا وجود دیکھ کر وہ خود پر طنزیہ ہنسا تھا ...

وہ الماری کیطرف بڑھا..اور وہاں سے اپنی پسند کی چیز نکال کر..اسنے دو گلاس اٹھاے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور اسکے بلکل نزدیک بیڈ پر دھپ سے بیٹھا ...

جبکی کچھ دور پڑی ٹیبل کو اسنے پاوں سے کھینچا.. اور سامان اسپر رکھ کر اسنے... گلاس میں بوتل کا سیال انڈیلا... اور اسکی جانب دیکھا

پیو گی" شراب کا گلاس اسکے قریب کرتے ہوئے وہ سرخ آنکھوں سے اسکی جانب دیکھ رہا تھا ...

ارمیش کا وجود پتے کی مانند کانپ رہا تھا جبکہ وہ اسکے کافی نزدیک بیٹھا تھا کہ اسکی ٹانگیں اس سے ٹلرا رہیں تھیں..

مقابل کو تو کائی فرق نہیں پڑ رہا تھا.. مگر اسکی جان پر بنی تھی اوپر سے اسکے سامنے بیٹھا وہ مسلسل شراب پی رہا تھا ...

ارمیش کو رونا انے لگا... بہرام نے اسکی جانب دیکھا.... اسکی پلکوں کا انسو.. اسکے گالوں پر گیرتا.. اسنے بڑی توجہ سے دیکھا... وہ انسو گال پر پھیسل رہا تھا.. بہرام کی نظریں اس انسو پر تھیں ...

اب اس انسو کا سفر گال سے نیچے.. گردن پر.. گامزن ہوا... اور اس سے پہلے وہ مزید.. اپنے حدیں پار کرتا بہرام نے جھک کر.. اس گردن پر سے وہ انسو چن لیا ...

ارمیش تو جیسے ساکت رہ گئی ...

اسے بلکل امید نہیں تھی بہرام اس سے.. ہلکا سا بھی فری ہو گا ...

مگر شاید وہ نشے میں تھا...

پی لو تھوڑا غم کم ہو جائے گا" اسنے... سکون سے دوبارہ اسکے سامنے... گلاس کیا ..



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نہیں.."ارمیش نے.. سرخ آنکھوں سے اسکی جانب دیکھا ...

میں اپنے دکھ...خود کو مفلوج کر کے دور نہیں کرنا چاہتی ...

میرا اللہ میرا ہر غم دور کر دے گا.."اسنے کہا اور اسکا بڑھا ہوا گلاس.. دور کر دیا ..

میں نے کبھی تمھیں نہیں سوچا" اسنے.. ایک گھونٹ میں پی لی ...

اور اسکی جانب دیکھا ...

میں نے بھی" اسنے بھی انگلیاں مروڑتے ہوئے جواب دیا ..

بہرام نے اسکیطرف دیکھا ...

یہ دل سمبھل نہیں رہا کیا کرو" وہ اسکے ہاتھ اسکی گود سے ہٹا کر.. اسکی گود میں سر رکھ گیا ...

ارمیش وہیں ساکت رہ گئی ..

جبکہ بہرام.. کی آنکھیں مزید سرخ ہو گئیں ..

میں نہیں جانتا.. میں کیسا ہوں ....

مگر... میں مجھے بہت غصہ اتا ہے... اس دل پر ...

بہت شدید غصہ..." اسنے.. آنکھیں بند کر لیں ...

پہلا پیار... جان نہیں چھوڑتا..." ارمیش نے.. دونوں ہاتھ ہٹا کر.. کہا.. بہرام نے اسکا مومی ہاتھ سینے پر رکھ لیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسا نہیں ہے..." اسنے اسکی جانب دیکھا ...

پھر...اپ پیار کے ہاتھوں صرف ذلیل ہونے کے لیے اس دنیا میں اتے ہیں" ارمیش کچھ غصے میں لگی ...

وہ ہنس دیا ...

معلوم نہیں" اسکے پاس واقعی کوئی جواب نہیں تھا ...

ارمیش بھی چپ ہو گئی ...

بہرام نے پھر سے گلاس بھر لیا ..

مجھے رونے دھونے والی لڑکیاں پسند نہیں.." وہ اب جیسے سنجیدہ دکھ رہا تھا ...

ارمیش خاموش رہی ...

میرے بارے میں تم کتنا جانتی ہو مجھے نہیں پتہ ...

مگر میں خود سے جڑے رشتوں کے لیے بہت حساس ہوں ...

جس کو میرا دل قبول کر لے.. اسکو چھوڑنا.. میرا لیے.. ناممکنات میں سے ہوتا ہے" وہ پی رہا تھا جبکہ مدھم لہجے میں اس سے گفتگو بھی کر رہا تھا ...

کمرے میں پھولوں کی مہک...اور بہرام کے پرفیوم کے ساتھ ساتھ...شراب کی مہک بھی تھی جبکہ.. روشنی کمرے میں.. بہت مدھم تھی.. صرف سائیڈ ٹیبل کی روشنی چل رہی تھی جو ان دونوں کے چہروں پر پڑ رہی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

عابیر کہاں ہے"ارمیش نے...بس ایک سوال کیا ..

بہرام نے گھور کر اسکیطرف دیکھا ...

میں پوچھو حیدر کہاں ہے پھر"ارمیش نے اسکیطرف دیکھا... جبکہ بہرام بھی اسی کی جانب دیکھ رہا تھا ...

وہ کہیں نہیں ہے... صرف نفرت میں ہیں"ارمیش سپاٹ انداز میں بولی ..

خیر کوئی نہ کوئی جزبہ تو ہے.. محبت نہ سہی نفرت ہی سہی" ..

بہرام نے ایک اور گھونٹ بھرا ...

اپ ایسا نہیں کہہ سکتے"ارمیش کو برا لگا ...

وہ مسکرایا . ...

میں یہ ہی چاہو گا تم ہر قسم کا جزبہ نکال دو"اسنے کہا... جبکہ آنکھوں کی سرخی.. مزید بڑھی ..

ارمیش نے جواب نہیں دیا ...

کیا چاہتی ہو.."اسکی خاموشی پر.. اسنے.. اگلے عمل کا پوچھا ...

ارمیش کو اس سے اس سوال کی امید نہیں تھی.. وہ اپنی مرضی کا مالک تھا بھلہ اسکی اجازت کیوں چاہتا ...

میری بات کی اہمیت ہے"اسنے ایسے ہی سواال پوچھ لیا جبکہ اواز روندھی تھی ...

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری بیوی کی اہمیت... ہر حال میں ہے.. بھولو مت... تم بہرام خان کی بیوی ہو..." اسنے بوتل سے دوبارہ گلاس میں شراب انڈلی ...

ارمیش کی آنکھیں تیزی سے بھیگی ...

یہ سب اسکے لیے نیا اور عجیب تھا.. خیر.. ابھی جو وہ جواب دیتی اس سے اندازا ہو ہی جاتا کہ وہ کتنے پانی میں ہے ..

مجھے وقت چاہیے..." اسنے بہت مدھم اواز میں کہا ...

زیادہ نہیں ملے گا.." اسنے جیسے اخری گھونٹ بھرا... اور اسکے اگے سے اٹھ گیا ...

ارمیش نے اسکے لڑکھڑاتے قدموں کو دیکھا.. بہرام دوسری طرف سے گھوم کر... بیڈ پر ایکدم گیرہ ...

اور اسکی جانب کروٹ لے کر اسنے... آنکھیں موندی اسے حیرت ہوئی ...

کوئی انسان کیسے اتنی سکون سے سو سکتا ہے.. جو اندر سے اسقدر ٹوٹا ہوا ہو ...

وہ بھی وہاں سے اٹھ گئی.. اور.. واشروم کی جانب چل دی ..

المارک سے ہلکا پھلکا لباس نکال کر.. اسنے جلد ہی خود کو سب چیزوں سے ازاد کیا ..

اور اپنے آنسوں پر بند باندھتی... وہ باہر ائی ...

بیڈ پر لیٹتے ہوئے وہ کافی کنفیوز لگ رہی تھی ...

بہرام تو جیسے سو گیا تھا.. وہ جھجکتی ہوئی.. بیڈ پر ائی.. اور بلکل اس سے دور ہو کر لیٹ گئی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہرام نے ایک انکھ کھول کر اسکو.. دیکھا ...

اسطرح سانس روک کر لیٹو گی تو.... صبح تمھاری لاش دیکھ کر.. داجی.. مجھے بندوق کی نوک پر رکھ دیں گے.. پہلے ہی تم حریفوں میں ارہی ہو.... میری جگہ لے چکی ہو ٹھیک سے لیٹو" وہ زرا ڈانڈ کر بولا.. توار میش.. ایکدم اٹھ گئ.. وہ جاگ رہا تھا.. اسک ادل دھڑکا ...

بہرام نے دانت بھینچے ...

وہ کوئ جن تھا جو وہ.. اس سے اسطرح ڈر رہی تھی ..

اسنے اسکا ہاتھ کھینچا... ارمیش.. اسکے بلکل ساتھ اپڑی ..

دل کی رفتار.... سو پر پہنچ گئ جبکہ جھجھک.. سے برا حال تھا.. وہ بہرام.. سے ایسے رویے کی امید نہیں رکھتی تھی ..

اسنے.. اسکے سر کے نیچے ہاتھ رکھا.. نشے میں ارمیش سے اٹھتی مہک.. اسے جلد نیند کی وادیوں میں اتار گئ.. جبکہ وہ اسکی قربت سے جاگتی رہ گئ ..

ناجانے کب نیند انی تھی... مگر اسکی سوچ کے دھگے.. صرف اس شخص پر تھے ...

وہ کمرے میں ایا تو حور کہیں نہیں دیکھی اسے حیرت ہوئ اتنی رات کو اسے اپنی جگہ پر ہونا چاہیے تھا پھر وہ کہاں تھی ..

اسے نہیں لگتا تھا اسکے بازو میں ہمت نہیں کہ وہ کما نہیں سکتا.. مگر دنیا تو جیسے اسے توڑ دینا چاہتی تھی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے اپنی اوقات سے کافی گیر کر.. نوکری تلاش کرناچاہی مگر وہی. کہیں اسکی تعلیم بہت زیادہ تھی.. تو کہیں... ویکنسی نہیں تھی.. جاب ڈھنڈنا اسے اسوقت دنیا کا بہت مشکل کام لگا ...

اس کڑے وقت میں جہاں وہ چاہتا تھا کہ حور اسکو سمیٹے اسکی دل جوئی کرے وہیں وہ لڑکی غائب تھی ...

جب اسے دل جوئی کی ضرورت بھی نہیں ہوتی تھی تب بھی ارمیش اسکے لیے حاضر ہوتی تھی ...

اسے بس خیال ایا... جس میں وہ اچھا خاصا محو ہو گیا...

اور کچھ دیر بعد جب احساس ہوا تو... اسے اندازا ہوا.. اسکے دل نے.. دو لفظ بولے ..

جن پر وہ اپنے دل کو شدت سے ڈپٹ گیا ..

حور تو اسکی محبت تھی ....

حور ہی تو سب تھی اسنے اسے پالیا ..

شاید وہ بس غصے میں ہے. وہ اسے منالے گا.. اسنے سوچا.. اور اداس دل کو.. فریش کرنا چاہا.. مگر حور کو پورے گھر میں ڈھنڈنے کے باوجود وہ اسے کہیں نہ ملی ..

اب اسے پریشانی ہونے لگی ..

تبھی وہ دوبارہ کمرے میں ایا... تو سائیڈ ٹیبل پر اسکا ...

موبائل دیکھا.. اسنے موبائل کی جانب دیکھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپنا موبائل بھی چھوڑ گئ تو گئ کہاں ..

اسکے ماتھے پر بل دلے اور اسنے .. موبائل کے نیچے پڑے ... پیپر پر نظر ڈالی ...

وہ حور کی تحریر تھی جسے پڑھ کر .. حیدر کے جبڑے تنے اور اسنے اپنا سر تھام لیا ..

اسقدر باغی تھی وہ لڑکی .. اسکا دل کیا .. اج حور کو اچھے سے .. بتادے کہ ... وہ ہے کیا .. مگر وہ ہوتی تو بتاتا ..

میں حویلی جارہی ہوں ... کیونکہ مجھے .. غربت منظور نہیں .. تم سے شادی کر کے بھلے میں نے غلطی کرلی ہو .. مگر اسکو سدھارنا مجھے خوب اتا ہے .. "یہ لائنیں اسنے کئ بار پڑھیں .. اور ... گاڑی کی چابی لے کر وہ .. فورن وہاں سے کالام کے لیے نکلا تھا یہ تو شکر تھا وہ لڑکی گاڑی نہیں لے گئ تھی اب وہ کس کے ساتھ گئتھی وہ نہیں جانتا تھا مگر حور کے دماغ ٹھکانے وہ اج اچھے سے لگانے والا تھا ...

.............

.. حویلی کی چمک دھمک دیکھ کر اسکی آنکھیں پھیلیں تھیں ...

دروازہ کھلا ہی تھا جبکہ پوری حویلی جیسے دولہن کیطرح سجی تھی ملازم .. سامان سمیٹ رہے تھے لگ رہا تھا جیسے یہاں کوئ فنکشن ہوا ہو ..

یہاں کیا ہوا ہے "اسنے ایک ملازم سے پوچھا



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جی... بہرام سائیں معاویہ سائیں اور احمر سائیں کی جی اج شادی تھی اپ کافی دیر سے آئیں" اسنے کہا.. تو حور نے... سر ہلایا ...

ہمم انسان ہے یہ.. گدھا.. اتنا سب چھوڑ کر صرف ایہ محبت کے لیے اس...ڈبیا سے فلیٹ پر پڑا ہے..." اسنے سوچا اور اندر کی جانب چل دی . ...

جی اپ کون.. خان لوگ سو رہے ہیں" داخلی دروازے کے باہر ایک کھڑے گارڈ نے اسے روکا ...

حیدر خان کی بیوی ہوں میں..." حور نے برے تفخر سے کہا.. اسے احساس ہوا... کہ...حیدر کا نام اسکے ساتھ جڑنے کے بعد اسکی ریپوٹیشن کتنی بڑھ گئ تھی ..

میڈیم...حیدر سائیں کو حویلی سے نکال دیا تھا دا.جی..نے تو انکو یہاں انے کی اجازت نہیں اور نہ ہی انکی بیوی کو. تو چلتی پھیرتی نظر او بی بی.." وہ پٹھان کافی سختی سے بولا.. حور کا تو منہ ہی کھل گیا ..

تمھیں معلوم ہے.. تم کس سے بات کر رہے ہو"-حور غصے سے بولی ..

بی بی سر مت کھاو پہلے ہی دماغ گھوما ہوا ہے... جاو یہاں سے نکلو ہم نہیں جاتا کون حیدر رہے... جب تک بڑے خان کا حکم نہیں ہوتا" وہ ٹکا سا جواب دے کر اسے دھکا دے گیا.. حور پیچھے ہوئ.. جبکہ خفت کا حساس شدید تھا ..

ت.. تو بتاو.. اپنے بڑے خان کو حور ائ ہےَ" وہ کچھ ہکلائ ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اہ.. تمھیں سمجھ نہیں اتا اب کسی بھی ایری گیری کے لیے ہم بڑے خان کو اٹھائے گا... تمھارا دماغ وماغ تو نہیں ہلا ہوا" وہ چیخا تو..وہ اس سے دور ہو گئ..وہ ڈر گئ تھی مطلب کالام کی سردی میں وہ رات کہاں گزارے گی.. کہاں جائے گی..اسے سمجھ نہیں ارہی تھی ..

دیکھو تم..."ابھی وہ بات پوری کرتی کے کریڈائل بجنے لگا ...

کون ہے سمندر خان" داجی نے پوچھا..وہ جاگ رہے تھے جبکہ کھڑکی سے وہ..سمندر جان کو کسی سے بحث کرتے بھی دیکھ چکے تھے ..

جی خان وہ حیدر سائیں کی بیوی ہے "سمندر خان نے کہا..تو..داجی کے لب مسکرائے ..

جب تک حیدر سائیں خود نہ اجائیں تب تک یوں ہی کھڑا رکھو"انھوں نے کہا..تو سمندر خا.نے سر ہلایا ... جبکہ فون بھی رکھ دیا ..

ہاں بی بی وہاں جا کر بیٹھ جاو..حیدر سائیں کے بغیر اندر جانے کی اجازت نہیں"اسنے کہا تو..حور...نے دانت پیس کر اسکو دیکھا اج سے پہلے اسکی کبھی اتنی بے عزتی نہیں ہوئ تھی ...

مگر وہ کر بھی کیا سکتی تھی فون بھی نہیں لائ تھی.. تبھی لون کے سٹیپ پر بیٹھ کر وہ حیدر کے انے کی دعا کرنے لگی ....

تقریبا ایک گھنٹے وہ باہر سلگتی رہی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ گھنٹے بعد اسکی دعا قبول ہوئی.. اور حیدر کی پراڈو اندر داخل ہوئی تو حور کو جیسے سکون سا ہوا ...

وہ دوڑ کر اس تک پہنچی حیدر گاڑی سے نکلا.. اور حور.. کے منہ پر ابھی وہ رکھتا ہی کہ اسے وہ دن یاد آگیا.. ہاں یقیناً وہ ارمیش نہیں تھی کہ برداشت کرلیتی ...

اسنے اپنے ہاتھ کو قابو کرکے سختی سے اسکا ہاتھ جکڑا..

کیوں ائی ہو یہاں" وہ غصے سے بولا ...

بس کرو حیدر... ہمارا حق ہے. یہاں انا" وہ بھی غصے سے بولی ...

چلو اندر" اسنے اسکا ہاتھ پکڑ کر کھینچا ...

کبھی نہیں چلو گھر اپنے یہاں ہمارے لیے کچھ بھی نہیں ہے" اسنے کہا تو حور.. کا تو دماغ گھوم گیا.. اتنے قریب اکر وہ اس دولت شہرت سے دور ہو جائے کبھی نہیں ...

حیدر... میری بات سنو میں یہاں سے کہیں نہیں جاوگی اور اگر تم نے زبردستی کی تو.. میں وہ کروگی کہ تم یاد رکھو گے" وہ چیخی.. تبھی.. حیدر اسکو جواب دیتا کہ داجی.. کو اتا دیکھ کر اسنے روخ موڑ لیا.

کیا وہ بےبس ہو گیا تھا کہ ایک لڑکی کو نہیں سمبھال پارہا تھا ...

کیسے ہو برخردار" داجی کا لہجہ اسے مزاق اڑاتا ہوا لگا ...

مگر اسنے کوئی جواب نہیں دیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جی ہم ٹھیک ہیں" حور نے.. حیدر کی لاتعلقی پر دانت پیسے اور مسکرا کر جواب دیا ..

داجی بھی مسکرائے مگر انکی مسکراہٹ کے پیچھے چھپا طنز حیدر سمجھ سکتا تھا اگر حور سمجھتی اور اسے اسکی ذلت کی فکر نہ ہوتی تو کبھی وہ یہ قدم نہ اٹھاتی حیدر کو شدید ذلت کا احساس ہو رہا تھا.. اج ایسا احساس تو کبھی بھی نہیں ہوا تھا ...

کیسے انا ہوا..." داجی کی نظر... حیدر سے ہٹ ہی نہیں رہی تھی ...

جبکہ ھیدر کو یہ نظریں اب چبھنے لگیں تو وہ پلٹا ...

چلو حور" اسنے حور کا ہاتھ تھامہ داجی کچھ نہیں بولے

.. ہیں.. حیدر دماغ درست کروا اپنا... تمھارے بڑے ہیں معافی مانگو" حور نے تو اچانک ہی.. کہا حیدر..... کا چہرہ سرخ ہو گیا... اسے لگا.. وہ زمین میں گڑھ رہا ہو.. جبکہ داجی.. مسکرا رہے تھے

اج اسے.. اندازا ہو جانا چاہیے تھا.. اپنے پرائے کا ...

مگر اب کیا فرق پڑتا تھا.. کچھ بھی نہیں ..

حور.. چپ چاپ چلو یہاں سے" اسنے... بھینچے بھینچے لہجے میں کہا ....

جبکہ حور تو.. اپنی جگہ سے ہلنے کو تیار نہیں تھی... اگر یہ ادمی عقل سے پیدل ہو گیا ہے.. تو... اسے تو عقل دیکھانی چاہیے ..

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ.. داداجی.. میں اس کی طرف سے اپ سے معافی مانگتی ہوں... ہم تو چھوٹے ہیں غلطی کر دی ہم نے.. اپ تو بڑے ہیں اپکا ظرف بھی بڑا ہے ہم. دونوں کو معاف کر کے.. ہمیں اپنی شفقت میں لے لیں" اسنے تسلی سے کہا..

داجی حیدر کو دیکھ رہے تھے جس کا چہرہ جون چھلکانے کو تھا ...

ہمارا خون ہے.. غیرت کوٹ کوٹ کر بھری ہے.. جانتے ہیں ہبھی نہیں جھکے گا.. مگر جھکنا.. تو پڑے گا..." داجی نے اسکو دیکھتے سوچا ....

اور حور کیطرف دیکھا.. جو چاپلوسی میں لگی تھی ..

معاف کیا" انھوں نے بس اتنا کہا ...

مگر ہم نے معافی نہیں... مانگی" وہ بولا نہیں چلایا تھا ...

مگر ہم نے معاف کر دیا... کیونکہ جب دل ٹھنڈا ہو جائے تو... معاف کرنا یہ نہ کرنا.... کہاں اہمیت رکھتا ہے" وہ سکون سے بول رہے تھے... حیدر نے نا جانے جود کو کیسے قابو رکھا ...

حور چلو" اسنے پھر کہا.. اب وہ اسے یہاں چھوڑ جاتا تو یقیناً اسکا مزید تماشہ اور بے عزتی ہوتی ..

اف حیدر تم کتنے بے عقل ہو وہ ہمیں معاف کر چکیں ہیں.. چلو اندر" حور نے اسے جھڑا تو داجی مسکرا دیے اور اندر چلے گئے جبکہ ھیدر توسن ہو گیا ...

اگر اج کوئی یہ کہتا زمین کھلے اور وہ اس میں سما جائے تو اسے منظور ہوتا ...



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

..............................

صبح کا سورج نکل تو آیا تھا.. مگر وہ مزے سے سو رہا تھا ....

